یہ کتاب

اپنے بچوں کے لیے scan کی بیرونِ ملک مقیم ہیں

مومنین بھی اس سے استفادہ حاصل کرسکتے ہیں۔

منجانب۔

سبیلِ سکینہ

یونٹ نمبر ۸ لطیف آباد حیدر آباد پاکستان

گفتار دلنشین
قوال
چہاردہ معصومینؑ
اس کتاب میں چودہ معصوموں کی
۵۶۰ احادیث جمع ہیں ہر معصوم
کی چالیس حدیثیں ہیں
لانا روشن علی نجفی

گفتار دلنشین

اقوالِ چہاردہ معصومینؑ

اس کتاب میں چودہ معصوموں کی
۵۶۰ احادیث جمع ہیں ہر معصوم
کی چالیس حدیثیں ہیں

مترجم
استاد الاساتذہ الحاج مولانا روشن علی نجفی

ناشر
رحمت اللہ بک ایجنسی
بالمقابل بڑا امام باڑہ، کھارادر، کراچی ۷۴۰۰۰
فون ۲۴۳۱۵۷۷

تقدیم

میں اپنی اس بضاعت مزجاۃ کو
بے مثل خدا کے "الامثال العلیا"
کی بارگاہوں میں لیکر عاجزانہ طریقہ
سے حاضر ہوا ہوں کہ کاش
اس کو شرف قبولیت عطا
ہو جائے

عاصی پر معاصی
روشن علی "

فہرست مطالب

پہلے معصوم

رسول خداؐ۔ پیغمبر اسلام (ص)

اور آپؐ کے چالیس اقوال

معصوم اول

پیغمبر اسلام (ص)

نام ـــــــ محمد، احمد صلی اللہ علیہ وآلہ

مشہور لقب ـــــــ رسول اللہ، خاتم النبیین،

کنیت ـــــــ ابوالقاسم

ماں، باپ ـــــــ آمنہ، عبداللہ

وقت وجائے پیدائش: ـــــ طلوع فجر، روز جمعہ، ۱۷ ربیع الاول، سن ۵۷۱ م (بعثت سے چالیس سال پہلے) مکہ میں پیدا ہوئے۔

زمانہ نبوت: ـــــــ ۲۳ سال ۴۰ سال سے لیکر ۶۳ سال تک، ۱۳ سال مکہ میں، ۱۰ سال مدینہ میں، نبوت کا آغاز ۲۷ رجب سے۔

وقت وجائے شہادت ومرقد منور: ـــ روز دوشنبہ ۲۸ صفر، سن ۱۱ ہجری، مدینہ میں ۶۳ سال کی عمر میں شہید ہوئے، قبر مطہر مدینہ میں مسجد نبوی کے کنارے۔

تفصیل عمر: ـــــــ تین حصے ۱۔ نبوت سے پہلے (۴۰ سال) ۲۔ نبوت کے بعد مکہ میں (۱۳ سال) ۳۔ مکہ سے ہجرت کے بعد مدینہ میں اور حکومت اسلامی تشکیل دینے میں (تقریباً دس سال)

اربعون حديثاً
عن النبي الاكرم صلى الله عليه وآله

١- يا عِبادَ اللهِ أَنْتُمْ كَالْمَرْضىٰ وَرَبُّ الْعالَمِينَ كَالطَّبِيبِ، فَصَلاحُ الْمَرْضىٰ فِيما يَعْلَمُهُ الطَّبِيبُ وَتَدْبِيرُهُ بِهِ، لا فِيما يَشْتَهِيهِ الْمَرِيضُ وَيَقْتَرِحُهُ، أَلا فَسَلِّمُوا لِلّٰهِ أَمْرَهُ تَكُونُوا مِنَ الفائِزِين.

(مجموعة ورّام ج ٢ ص ١١٧)

٢- مَنْ أَصْبَحَ لا يَهْتَمُّ بِأُمُورِ الْمُسْلِمِينَ فَلَيْسَ مِنْهُمْ وَمَنْ يَسْمَعْ رَجُلاً يُنادِي يا لَلْمُسْلِمِينَ فَلَمْ يُجِبْهُ فَلَيْسَ بِمُسْلِمٍ.

(بحارالانوار ج ٧٤ ص ٣٣٩)

٣- إِنَّ النَّبِيَّ بَعَثَ سَرِيَّةً، فَلَمّا رَجَعُوا قالَ: مَرْحَباً بِقَوْمٍ قَضَوُا الْجِهادَ الأَصْغَرَ وَبَقِيَ عَلَيْهِمُ الْجِهادُ الأَكْبَرُ. فَقِيلَ: يا رَسُولَ اللهِ مَا الْجِهادُ الأَكْبَرُ؟ قالَ: جِهادُ النَّفْسِ.

(وسائل الشيعة ج ١١ ص ١٢٢)

٤- إِذا ظَهَرَتِ الْبِدَعُ فِي أُمَّتِي فَلْيُظْهِرِ الْعالِمُ عِلْمَهُ فَمَنْ لَمْ يَفْعَلْ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللهِ.

(اصول كافي ج ١ ص ٥٤)

پیغمبر اسلامؐ کی چالیس حدیث

۱- اے خدا کے بندو!

تم سب بیمار کی طرح ہو اور خداوند عالم طبیب کی طرح ہے پس مریضوں کی صلاح (یعنی) تمہاری صلاح اسی میں ہے کہ جسکو طبیب جانتا ہے اور اس کے لئے دستور دیتا ہے (اسکی صلاح) اس میں نہیں ہے جو مریض چاہتا ہے اور جو کرتا ہے (لہٰذا) خدا کے احکام کی پابندی کرو تاکہ کامیاب رہو۔

"مجموعہ ورّام، ج ۲، ص ۱۱۷"

۲- جو اس عالم میں صبح کرے کہ مسلمانوں کے امور کی (فکر اور اسکا) اہتمام نہ کرے وہ مسلمان نہیں ہے (اسی طرح) جو مسلمانوں کی مدد کو پکار رہا ہو تو جو بھی اس کی آواز پر لبیک نہ کہے وہ (بھی) مسلمان نہیں ہے۔

"بحار، ج ۷۴، ص ۳۳۹"

۳- رسول خداؐ نے ایک چھوٹے سے لشکر کو (دشمنوں سے جنگ کیلئے) بھیجا جب وہ لوگ واپس آئے تو رسولؐ نے فرمایا! ان لوگوں کیلئے مرحبا ہے جو چھوٹے جہاد سے آگئے اور اب ان کے اوپر بڑا جہاد باقی ہے، پوچھا گیا: اے خدا کے رسولؐ جہاد اکبر کیا ہے؟ فرمایا: نفس سے جہاد کرنا۔

"وسائل الشیعہ، ج ۱۱ ص ۱۲۲"

۴- جب میری امت میں بدعتیں پیدا ہو جائیں تو عالم کی ذمہ داری ہے اپنے علم کو ظاہر کرے اور جو ایسا نہ کرے اس پر خدا کی لعنت ہو۔

"اصول کافی ج ۱ ص ۵۴"

۵- اَلْفُقَهاءُ اُمَناءُ الرُّسُلِ ما لَمْ يَدْخُلوا في الدُّنْيا، قيلَ يا رَسُولَ اللّهِ: وَما دُخُولُهُمْ فِي الدُّنيا؟ قالَ: اتِّباعُ السُّلْطانِ فَإِذا فَعَلُوا ذٰلِكَ فَاحْذَرُوهُمْ عَلىٰ دينِكُمْ. كنزالعمال، الحديث ۲۸۹۵۲ (اصول الكافي ج ۱ ص ٤٦)

٦- اِنّي لا اَتَخَوَّفُ عَلىٰ اُمَّتي مؤمناً وَلا مشركاً، فَامّا الْمُؤمِنُ فَيَحْجُزُهُ اِيمانُهُ وَاَمّا الْمُشْرِكُ فَيَقْمَعُهُ كُفْرُهُ، وَلٰكِنْ اَتَخَوَّفُ عَلَيْكُمْ مُنافِقاً عَليمَ اللِّسانِ يَقُولُ ما تَعْرِفُونَ وَيَعْمَلُ ما تُنْكِرُونَ. (بحارالانوار ج ۲ ص ۱۱۰)

۷- اِذا كانَ يَوْمُ الْقِيامَةِ نادىٰ مُنادٍ اَيْنَ الظَّلَمَةُ وَاَعْوانُهُمْ؟ مَنْ لاقَ لَهُمْ دَواةً، اَوْ رَبَطَ لَهُمْ كيساً، اَوْمَدَّ لَهُمْ مَدَّةَ قَلَمٍ، فَاحْشُرُوهُمْ مَعَهُمْ.

(بحارالانوار ج ۷۵ ص ۳۷۲)

۸- فَوْقَ كُلِّ بِرٍّ بِرٌّ حَتّى يُقْتَلَ الرَّجُلُ في سَبيلِ اللّهِ فَإِذا قُتِلَ فى سَبيلِ اللّهِ عَزَّوَجَلَّ فَلَيْسَ فَوْقَهُ بِرٌّ. (بحارالانوار ج ۱۰۰ ص ۱۰)

۹- شَرُّ النّاسِ مَنْ باعَ آخِرَتَهُ بِدُنْياهُ، وَشَرٌّ مِنْ ذٰلِكَ مَنْ باعَ آخِرَتَهُ بِدُنْيا غَيْرِهِ.

(بحارالانوار ج ۷۷ ص ٤٦)

۱۰- مَنْ اَرْضىٰ سُلْطاناً بِما يُسْخِطُ اللّهَ خَرَجَ مِنْ دينِ اللّهِ.

(تحف ل ص ۵۷)

۱۱- مَنْ اَتىٰ غَنِيّاً فَتَضَعْضَعَ لَهُ ذَهَبَ ثُلُثا دينِهِ.

(تحف العقول ص ۸)

۵۔ فقہا رسولوں اور پیغمبروں کے اس وقت تک امین ہیں ۔ یعنی پیغمبروں کے امین نمائندے اور مورد اطمینان ہیں ۔ جب تک امور دنیا میں داخل نہ ہوں۔ پوچھا گیا اے خدا کے رسولؐ امور دنیا میں داخل ہونے کا کیا مطلب ہے ؟ رسولؐ خدا نے جواب دیا : دنیا میں داخل ہونے کا مطلب بادشاہ (حاکم طاغوت) کی پیروی کرنے لگیں۔ جب یہ علماء سلطان کی پیروی کرنے لگیں تو اپنے دین (کی حفاظت) میں ان سے پرہیز کرو ۔ (کنزل اعمال۔ حدیث ۲۸۹۵۲ (اصول کافی ج ۱ ص ۸۶)

۶۔ میں اپنی امت کے سلسلے میں نہ کسی مومن سے خوف کھاتا ہوں نہ کسی مشرک سے۔ اسلئے کہ مومن کا ایمان امت کو گزند پہونچانے سے روکے گا اور مشرک کا کفر خود اس کی ذلت و رسوائی کا سبب ہوگا۔ ہاں اس منافق کے گزند پہونچانے سے ڈرتا ہوں۔ جو چرب زبان ہو اور زبان دراز ہو (کیونکہ وہ) جن چیزوں کی خوبی کو تم جانتے ہو اسکو زبان سے کہے گا اور جن سے تم کو نفرت ہے عملاً اسی کو انجام دیگا۔ (بحارالانوار ج ۲ ص ۱۰)

۷۔ قیامت کے دن خدا کی طرف سے ایک منادی ندا کرے گا: ستمگار کہاں ہیں ؟ ستمگاروں کے مددگار کہاں ہیں ؟ جو لوگ ستمگاروں کی دوات میں کپڑا ڈالتے تھے وہ کہاں ہیں ؟ جو ان کی تھیلی کو باندھتے تھے وہ کہاں ہیں ؟ جو ان کا قلم بناتے تھے وہ کہاں ہیں؟ ان تمام ستمگاروں کو ایک جگہ محشور کرو! (بحارالانوار ج ۷۵ ص ۳۷۲)

۸۔ ہر نیکی کے اوپر ایک نیکی ہے یہاں تک کہ کوئی راہ خدا میں شہید ہو جائے جب وہ راہ خدا میں قتل کر دیا جائے تو (یہ ایسی نیکی ہے کہ) اسکے اوپر کوئی نیکی نہیں ہے ۔ (بحارالانوار ج ۱۰۰ ص ۱۰)

۹۔ سب سے بدتر وہ شخص ہے جو اپنی آخرت اپنی دنیا کیلئے بیچ دے اور اس سے بھی بدتر وہ شخص ہے جو اپنی آخرت دوسرے کی دنیا کے بدلے بیچ دے ۔ (بحارالانوار ج ۷۷ ص ۴۶)

۱۰۔ جو شخص کسی چیز میں اپنے ۔ اکو ناراض کر بادشاہ کو راضی کرے وہ دین خدا سے خارج ہے

(تحف العقول ص ۵۷)

١٢-أمّا عَلامَةُ البارِّ فَعَشَرَةٌ: يُحِبُّ فِي اللهِ وَيُبْغِضُ فِي اللهِ وَيُصاحِبُ فِي اللهِ وَيُفارِقُ فِي اللهِ وَيَغْضَبُ فِي اللهِ. وَيَرْضىٰ فِي اللهِ وَيَعْمَلُ لِلّهِ. وَيَطْلُبُ إلَيْهِ وَيَخْشَعُ لِلّهِ خائِفاً، مَخُوفاً، طاهِراً، مُخْلِصاً، مُسْتَحْيِياً، مُراقِباً، وَيُحْسِنُ فِي اللهِ.

(تحف العقول ص ٢١)

١٣-سَيَأْتِي زَمانٌ عَلىٰ أُمَّتِي لايَعْرِفُونَ الْعُلَماءَ إلاّ بِثَوْبٍ حَسَنٍ، وَلا يَعْرِفُونَ الْقُرْآنَ إلاّ بِصَوْتٍ حَسَنٍ، وَلايَعْبُدُونَ اللّهَ إلاّ فِي شَهْرِ رَمَضانَ. فَإذا كانَ كَذٰلِكَ سَلَّطَ اللّهُ عَلَيْهِمْ سُلْطاناً لاعِلْمَ لَهُ وَلا حِلْمَ لَهُ وَلا رَحْمَ لَهُ.

(بحارالانوار ج ٢٢ ص ٤٥٤)

١٤-إذا كانَ يَوْمُ الْقِيامَةِ وُزِنَ مِدادُ الْعُلَماءِ بِدِماءِ الشُّهَداءِ فَيُرَجَّحُ مِدادُ الْعُلَماءِ عَلىٰ دِماءِ الشُّهَداءِ.

(لئالی الاخبار ج ٢ ص ٢٧٢)

١٥-مَثَلُ أهْلِ بَيْتِي كَمَثَلِ سَفِينَةِ نُوحٍ مَنْ رَكِبَها نَجاوَمَنْ تَخَلَّفَ عَنْها غَرِقَ.

(جامع الصغير ج ٢ ص ٥٣٣ حديث ٨١٦٢)

١٦-مَلْعُونٌ مَنْ اَلْقىٰ كَلَّهُ عَلَى النّاسِ.

(تحف العقول ص ٣٧)

١٧-إذا كانَ يَوْمُ الْقِيامَةِ لَمْ تَزِلَّ قَدَما عَبْدٍ حَتّىٰ يُسْألَ عَنْ أرْبَعٍ: عَنْ عُمُرِهِ فِيمَ أفْناهُ، وَعَنْ شَبابِهِ فِيمَ أبْلاهُ، وَعَمّا اكْتَسَبَهُ مِنْ أيْنَ اكْتَسَبَهُ وَفِيمَ أنْفَقَهُ. وَعَنْ حُبِّنا أهْلَ الْبَيْتِ.

(تحف العقول / ص٥٦)

۱۱ جو کسی دولت مند کے پاس آکر (اس کی دولت کی وجہ سے) اس کا احترام کرے اس کا ۲/۳ دین چلا جاتا ہے۔

(تحف العقول ص ۸)

۱۲ نیکوکار کی علامتیں دس ہیں:

۱۔ خدا کیلئے دوستی کرتا ہے۔ ۲۔ خدا کیلئے دشمنی کرتا ہے ۳۔ خدا کیلئے رفاقت کرتا ہے ۴۔ خدا کیلئے جدا ہوتا ہے ۵۔ خدا کیلئے غصہ کرتا ہے ۶۔ خدا کیلئے خوش ہوتا ہے ۷۔ خدا کیلئے عمل کرتا ہے ۸۔ خدا کے سامنے دست سوال دراز کرتا ہے۔ ۹۔ خدا کیلئے خضوع وخشوع کرتا ہے درآنحالیکہ خدا سے خوف وترس کی خصلت رکھتا ہے پاک وبا اخلاص وباشرم ومراقب ہے ۱۰۔ خدا کیلئے نیکی کرتا ہے۔

(تحف العقول ص ۲۱)

۱۳ میری امت پر ایک زمانہ آئے گا جب علماء کی پہچان اچھے لباس سے ہوگی. قرآن کی پہچان خوش الحانی سے ہوگی خدا کی عبادت صرف رمضان میں ہوگی اور جب ایسا ہوگا تو اس وقت خدا میری امت پر ایسے بادشاہ کو مسلط کردیگا جسکے پاس نہ علم ہوگا نہ حلم، نہ رحم ہوگا۔

(بحار الانوار ج ۲۲ ص ۴۵۴)

۱۴ قیامت کے دن علماء کی روشنائی کو شہداء کے خون سے تولا جائے گا اسوقت علماء کے قلم کی روشنائی کا وزن شہداء کے خون سے زیادہ ہوگا۔

(لئالی الاخبار ج ۲ ص ۲۷۲)

۱۵ میرے اہلبیت کی مثال سفینہ نوح کی طرح ہے کہ جو اس پر سوار ہوگا نجات پائے گا اور جو اس سے الگ رہے گا وہ ڈوب جائیگا۔

(جامع الصغیر ج ۲ ص ۵۳۳ حدیث ۸۱۶۲)

۱۶ جو شخص اپنا بوجھ لوگوں پر ڈال دے وہ ملعون ہے۔

(تحف العقول ص ۳۷)

۱۷ قیامت کے دن جب تک لوگوں سے چار چیزوں کا سوال نہ کرلیا جائے گا انکو انکی جگہ سے اٹھنے نہ دیا جائیگا۔ ۱۔ عمر کے بارمیں کہ کس میں صرف کیا ہے؟ ۲۔ جوانی کے بارمیں کہ کس راہ میں اس کو ختم کیا ہے؟ ۳۔ مال ودولت کے بارمیں کہ کہاں سے اکٹھا کیا اور کہاں خرچ کیا؟ ۴۔ ہم خاندان رسالت کی محبت کے بارے میں۔

(تحف العقول ص ۵۶)

۱۸ـ قالَ شَمْعُونُ: فَأَخْبِرْني عَنْ أَعْلامِ الْجاهِلِ، فَقالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ: إنْ صَحِبْتَهُ عَنّاكَ، وَإنِ اعْتَزَلْتَهُ شَتَمَكَ، وَإنْ أَعْطاكَ مَنَّ عَلَيْكَ، وَإنْ أَعْطَيْتَهُ كَفَرَكَ، وَإنْ أَسْرَرْتَ إلَيْهِ خانَكَ وَإنْ أَسَرَّ إلَيْكَ اتَّهَمَكَ، وَإنِ اسْتَغْنىٰ بَطِرَ، وَكانَ فَظّاً غَليظاً، وَإنِ افْتَقَرَ جَحَدَ نِعْمَةَ اللهِ وَلَمْ يَتَحَرَّجْ، وَإنْ فَرِحَ أَسْرَفَ وَطَغىٰ، وَإنْ حَزِنَ أَيِسَ، وَإنْ ضَحِكَ فَهَقَ، وَإنْ بَكىٰ خارَ، يَقَعُ فِي الأَبْرارِ، وَلا يُحِبُّ اللهَ وَلا يُراقِبُهُ، وَلا يَسْتَحْيي مِنَ اللهِ وَلا يَذْكُرُهُ، إنْ أَرْضَيْتَهُ مَدَحَكَ، وَقالَ فيكَ مِنَ الْحَسَنَةِ ما لَيْسَ فيكَ، وَإنْ سَخِطَ عَلَيْكَ ذَهَبَتْ مِدْحَتُهُ، وَوَقَعَ فيكَ مِنَ السُّوءِ ما لَيْسَ فيكَ، فَهٰذا مَجْرَى الْجاهِلِ.

(تحف العقول ص ۱۸ــ۱۹)

۱۹ـ قالَ النَّبِيُّ (صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ) يا عَلِيُّ تُريدُ سِتَّ مِئَةِ أَلْفِ شاةٍ أَوْ سِتَّ مِئَةِ أَلْفِ دينارٍ أَوْ سِتَّ مِئَةِ أَلْفِ كَلِمَةٍ؟ قالَ: يا رَسُولَ اللهِ سِتَّ مِئَةِ أَلْفِ كَلِمَةٍ فَقالَ: أَجْمَعُ سِتَّ مِئَةِ أَلْفِ كَلِمَةٍ في سِتِّ كَلِماتٍ يا عَلِيُّ: إذا رَأَيْتَ النّاسَ يَشْتَغِلُونَ بِالْفَضائِلِ فَاشْتَغِلْ أَنْتَ بِإتْمامِ الْفَرائِضِ، وَإذا رَأَيْتَ النّاسَ يَشْتَغِلُونَ بِعَمَلِ الدُّنْيا فَاشْتَغِلْ أَنْتَ بِعَمَلِ الآخِرَةِ، وَإذا رَأَيْتَ النّاسَ يَشْتَغِلُونَ بِعُيُوبِ النّاسِ فَاشْتَغِلْ أَنْتَ بِعُيُوبِ نَفْسِكَ، وَإذا رَأَيْتَ النّاسَ يَشْتَغِلُونَ بِتَزْيينِ الدُّنْيا فَاشْتَغِلْ أَنْتَ بِتَزْيينِ الآخِرَةِ، وَإذا رَأَيْتَ النّاسَ يَشْتَغِلُونَ بِكَثْرَةِ الْعَمَلِ فَاشْتَغِلْ أَنْتَ بِصَفْوَةِ الْعَمَلِ، وَإذا رَأَيْتَ النّاسَ يَتَوَسَّلُونَ بِالْخَلْقِ فَتَوَسَّلْ أَنْتَ بِالْخالِقِ.

(المواعظ العددية، الباب ٦ الفصل ٤ الحديث ١)

۱۸ شمعون ـ یہودا کا بیٹا اور جناب عیسیٰؑ کا حواری ــ نے رسول خداؐ سے سوال کیا: مجھے جاہل کی علامتیں بیان فرمادیں: آنحضرتؐ نے فرمایا: ۱۔ اگر اسکے ہمنشین بنوگے تو تم کو رنج پہونچائے گا ۲۔ اگر اس سے الگ رہوگے تو تمکو برا بھلا کہے گا ۳۔ اگر کوئی چیز تمکو دیگا تو احسان جتائے گا ۴۔ اور اگر تم اسکو کچھ دوگے تو ناشکری کرے گا۔ ۵۔ اگر اس سے کوئی رازکی بات کہوگے تو (اسکو فاش کر کے) تمہارے ساتھ خیانت کرے گا۔ ۶۔ اور اگر اس نے تم سے کوئی رازکی بات کہی تو (افشائے رازکا) الزام تم پر رکھے گا۔ ۷۔ اگر بے نیاز و مالدار ہو جائیگا تو مغرور و سرکش ہو جائیگا اور سختی سے پیش آئیگا۔ ۸۔ اگر فقیر ہوگا تو خدا کی نعمتوں کا انکار کریگا اور گناہ کی پرواہ نہیں کریگا۔ ۹۔ اگر خوش ہوگا تو طغیان و زیادہ روی کریگا۔ ۱۰۔ اگر غمگین ہوگا تو ناامید ہو جائیگا۔ ۱۱۔ اگر روئے گا تو نالہ و فریاد کریگا۔ ۱۲۔ نیکوں کی غیبت کریگا ۱۳۔ اور اگر ہنسے گا تو اس کی ہنسی قہقہہ ہوگی۔ ۱۴۔ خدا کو دوست نہیں رکھے گا اور قانون الٰہی کا احترام نہیں کریگا۔ ۱۵۔ خدا سے شرم نہیں کریگا ۱۶۔ خدا کی یاد نہیں کریگا۔ ۱۷۔ اگر تم اسکو خوش کردو تو تمہاری تعریف کریگا اور تعریف میں لاف و گزاف سے کام لیگا جو باتیں تمہارے یہاں نہیں ہیں تمہاری نیکیوں کے عنوان سے تم میں گنوائے گا۔ ۱۸۔ اگر تم سے ناراض ہو جائے تو ساری تعریفوں کو ختم کردیگا اور تمہاری طرف ناروا چیزوں کی نسبت دیگا یہ جاہل کی علامتیں ہیں۔

(تحف العقول ص ۱۸ـ۱۹)

۱۹ رسول خداؐ نے حضرت علیؑ سے فرمایا: تم چھ لاکھ گوسفند چاہتے ہو یا چھ لاکھ دینار یا چھ لاکھ کلمات؟ (یعنی نصیحت) حضرت علیؑ نے فرمایا: چھ لاکھ کلمات اے رسول خداؐ۔ نے فرمایا: میں چھ لاکھ کلموں کو چھ کلموں میں سموکر بیان کئے دیتا ہوں (اور وہ یہ ہیں) اے علیؑ (۱) جب تم دیکھو کہ لوگ مستحبات (اور غیر واجب نیکیوں) میں مشغول ہیں تو تم فرائض کی تکمیل میں لگ جاؤ (۲) جب تم دیکھو لوگ دنیا کے کاموں میں مشغول ہیں تو تم آخرت کے کاموں میں مشغول ہو جاؤ (۳) جب تم لوگوں کو دیکھو کہ برائیاں بیان کرنے میں لگے ہیں تو تم اپنے عیوب (کے بارے) میں مشغول ہو جاؤ (۴) جب تم دیکھو کہ لوگ دنیا کو زینت دینے میں مشغول ہیں تو تم آخرت کو زینت دینے میں مشغول ہو جاؤ (۵) جب تم دیکھو کہ لوگ زیادتی عمل (از نظر کمیت) کیطرف متوجہ ہیں تو تم خلوص عمل (اور کیفیت عمل) کی طرف توجہ دو (۶) اور جب تم دیکھو کہ لوگ مخلوق کی طرف متوسل ہو رہے ہیں اور مخلوق کی طرف دست سوال دراز کر رہے ہیں تو تم خدا پر بھروسہ کرو اور اسی کی طرف دست سوال دراز کرو

(المواعظ العددیہ الباب ۶ الفصل ۴ الحدیث ۱)

۲۰.مالي أرىٰ حُبَّ الدُّنيا قَدْ غَلَبَ عَلىٰ كَثيرٍ مِنَ النّاسِ، حَتّى كَأنَّ الْمَوْتَ في هٰذِهِ الدُّنْيا عَلىٰ غَيْرِهِمْ كُتِبَ، وَكَأنَّ الحَقَّ في هٰذِهِ الدُّنْيا عَلىٰ غَيْرِهِمْ وَجَبَ... هَيْهاتَ هَيْهاتَ أما يَتَّعِظُ آخِرُهُمْ بِأوَّلِهِمْ؟

(تحف العقول ص ۲۹)

۲۱.أوْصاني رَبّي بِتِسْعٍ: أوْصاني بِالْإخْلاصِ فِي السِّرِّ وَالْعَلانِيَةِ، وَالْعَدْلِ في الرِّضا وَالْغَضَبِ، وَالْقَصْدِ فِي الْفَقْرِ وَالْغِنىٰ، وَأنْ أعْفُوَ عَمَّنْ ظَلَمَني، وَاُعْطِيَ مَنْ حَرَمَني وَأصِلَ مَنْ قَطَعَني، وَأنْ يَكُونَ صَمْتي فِكْراً وَمَنْطِقي ذِكْراً وَنَظَري عِبَراً.

(تحف العقول ص ۳۶)

۲۲.يا عَلِيُّ لا تَغْضَبْ، فَإذا غَضِبْتَ فَاقْعُدْ، وَتَفَكَّرْ في قُدْرَةِ الرَّبِّ عَلَى الْعِبادِ، وَحِلْمِهِ عَنْهُمْ.

(تحف العقول ص ۱٤)

۲۳.ما مِنْ عَبْدٍ يُخْلِصُ الْعَمَلَ لِلّٰهِ تَعالىٰ أرْبَعينَ يَوْماً إلاّ ظَهَرَتْ يَنابيعُ الْحِكْمَةِ مِنْ قَلْبِهِ عَلىٰ لِسانِهِ.

(جامع السعادات ج ۲ ص ٤۰٤)

۲٤.يا عَلِيُّ كُلُّ عَيْنٍ باكِيَةٌ يَوْمَ الْقِيامَةِ إلاّ ثَلاثَ أعْيُنٍ: عَيْنٌ سَهِرَتْ في سَبيلِ اللّٰهِ، وَعَيْنٌ غُضَّتْ عَنْ مَحارِمِ اللّٰهِ، وَعَيْنٌ فاضَتْ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ.

(تحف العقول ص۸)

۲۵- أنَا مَدينَةُ الْعِلْمِ وَعَلِيٌّ بابُها فَمَنْ أرادَ الْعِلْمَ فَلْيَأْتِ الْبابَ.

(جامع الصغير ج ۱ ص ٤۱۵ حديث ۲۷۰۵)

۲۰۔ (آخر کیوں) میں دیکھ رہا ہوں کہ دنیا کی محبت لوگوں پر اس طرح غالب آگئی ہے کہ جیسے موت دنیا میں کسی اور کیلئے لکھی گئی ہے اور جیسے حق کی رعایت دوسروں پر واجب ہے .... افسوس صد افسوس آنے والے گزشتہ لوگوں سے کیوں عبرت نہیں حاصل کرتے؟ (تحف العقول ص ۲۹)

۲۱ میرے خدا نے مجھے نو چیزوں کی بہت تاکید فرمائی ہے۔

۱۔ ظاہر و باطن میں اخلاص ۲۔ خوشی و مسرت، رنج و غم ہر حالت میں انصاف و عدالت سے کام لینا ۳۔ فقیری و مالداری (دونوں) کی حالت میں میانہ روی اختیار کرنا ۴۔ جس نے زیادتی کی ہے اسکو معاف کردینا ۵۔ جس نے محروم کیا ہے اس کو عطا و بخشش کرنا ۶۔ جس نے قطع تعلق کرلیا ہے اس سے رابطہ قائم کرنا ۷۔ خاموشی کے وقت غور و فکر کرنا ۸۔ گفتگو کے وقت یاد خدا رکھنا اور ذکر خدا کرنا ۹۔ اور دیکھتے وقت عبرت حاصل کرنا۔

(تحف العقول ص ۳۶)

۲۲۔ اے علیؑ (پہلی بات تو یہی ہے کہ) غصہ نہ کرو۔ اور (اگر غصہ آجائے تو) غصے کے وقت بیٹھ جاؤ اور خدا کی اپنے بندوں کے متعلق حلم و بردباری کے بارے میں غور کرو۔ (تحف العقول ص ۱۴)

۲۳۔ جو شخص اپنے عمل کو خلوص کے ساتھ پے در پے چالیس دن تک اپنے خدا کیلئے کرے تو خدا اسکے قلب سے حکمت و معرفت کے چشمے اسکی زبان پر جاری کردیتا ہے۔ (جامع السعادات ج ۲ ص ۴۴)

۲۴ اے علیؑ قیامت کے دن تین آنکھوں کے علاوہ ہر آنکھ گریاں ہوگی۔

۱۔ وہ آنکھ جو رات سے صبح تک راہ خدا میں جاگتی رہے۔ ۲۔ وہ آنکھ جو حرام سے بند رہے۔ ۳۔ وہ آنکھ جو خوف خدا سے آنسو بہاتی رہے۔

(تحف العقول ص ۸)

۲۵۔ میں شہر علم ہوں اور علیؑ اسکے دروازہ ہیں پس جو شخص تحصیل علم کرنا چاہتا ہے اس کو دروازہ سے آنا چاہیئے۔

(جامع الصغیر ج ۱ ص ۴۱۵ حدیث ۲۷۰۵)

۲۶-يا أباذَرّ، إغتَنِمْ خَمساً قَبْلَ خَمْسٍ: شَبابَكَ قَبْلَ هَرَمِكَ، وَصِحَّتَكَ قَبْلَ سُقمِكَ وَغِناكَ قَبْلَ فَقرِكَ، وَفَراغَكَ قَبْلَ شُغْلِكَ وَحَياتَكَ قَبْلَ مَوْتِكَ.

(بحارالانوار ج ۷۷ ص ۷۵)

۲۷-إنَّ اللّهَ تبارَكَ وتعالى لاَ يَنظُرُ إلىٰ صُوَرِكُمْ وَلاَ إلىٰ أمْوالِكُمْ وَلٰكِنْ يَنظُرُ إلىٰ قُلوبِكُمْ وَأعْمالِكُمْ.

(بحارالانوار، ج ۷۷ ص ۸۸)

۲۸-يا أيُّها النّاسُ إنّي تَرَكْتُ فيكُمْ مَنْ [ما] إنْ أخَذتُمْ بِهِ لَنْ تَضِلّوا: كِتاب الله وَعِتْرَتي أهْلَ بَيْتي..

(سنن الترمذي ، الحديث : ٤٠٣٦)

۲۹-قالَ (صَلَّى اللّهُ عَلَيْهِ وآلِهِ) : قالَ عيسَى بْنُ مَرْيَمَ لِلْحَوارِيّينَ: [جالِسوا] مَنْ يُذَكِّرُكُمُ اللّهَ رُؤيَتُهُ، وَيَزيدُ في عِلْمِكُمْ مَنطِقُهُ، وَيُرَغِّبُكُمْ في الآخِرَةِ عَمَلُهُ.

(تحف العقول ص ٤٤)

۳۰-أرْبَعٌ مَنْ كُنَّ فيهِ فَهُوَ مُنافِقٌ، وَإنْ كانَتْ واحِدَةٌ مِنْهُنَّ كانَتْ فيهِ خِصْلَةٌ مِنَ النِّفاقِ حَتّى يَدَعَها: مَنْ إذا حَدَّثَ كَذِبَ، وَإذا وَعَدَ أخْلَفَ، وَإذا عاهَدَ غَدَرَ، وَإذا خاصَمَ فَجَرَ.

(خصال صدوق ج ۱ ص ۲٥٤)

۳۱-ألا إنَّ شَرَّ اُمَّتِي الَّذينَ يُكْرَمونَ مَخافَةَ شَرِّهِمْ، ألا وَمَنْ أكْرَمَهُ النّاسُ اتِّقاءَ شَرِّهِ فَلَيْسَ مِنّي.

(تحف العقول ص ٥٨)

۳۲-لا يُلْدَغُ الْمُؤمِنُ مِن جُحْرٍ مَرَّتَيْنِ.

(مسند احد ابن حنبل ج ۲ ص ۱۱٥)

۲۶۔ اے ابوذر پانچ چیزوں کو پانچ چیزوں سے پہلے غنیمت سمجھو۔ ۱۔ بڑھاپے سے پہلے جوانی کو ۲۔ بیاری سے پہلے صحت کو۔ ۳۔ فقیری سے پہلے مالداری کو۔ ۴۔ مشغولیت سے پہلے فرصت کو ۵۔ موت سے پہلے زندگی کو۔ (بحار ج ۷۷ ص ۷۵)

۲۷۔ خدا نہ تمہاری صورت کو دیکھے گا نہ مال کو بلکہ وہ تمہارے دل اور کردار کو دیکھے گا۔

(بحارالانوار ج ۷۷ ص ۸۸)

۲۸۔ لوگو! میں نے تمہارے درمیان ایسی چیز چھوڑی ہے کہ اگر تم نے اسکی پیروی کی تو گمراہ نہ ہوگے (اور بعض نسخوں میں ہے) ایسوں کو چھوڑا ہے ... اور وہ قرآن اور میری عترت ہے۔ (سنن ترمذی حدیث ۴۰۳۶)

۲۹۔ حضرت رسولخدا نے فرمایا کہ: حضرت عیسیٰ نے اپنے حواریوں سے کہا: ایسے شخص کی ہم نشینی اختیار کرو جسکا دیدار تمکو خدا کی یاد میں مبتلا کر دے۔ اور جسکی گفتار تمہارے علم و دانش میں اضافہ کرے، اور جسکا کردار تمکو آخرت کا مشتاق بنا دے۔ (تحف العقول ص ۴۴)

۳۰۔ جس شخص کے اندر (درج ذیل) چار خصلتیں ہوں وہ منافق ہے۔ اور اگر صرف کوئی ایک خصلت ہو تو پھر اسمیں منافق کی ایک صفت ہے یہاں تک کہ اس کو اپنے سے دور کر دے (اور وہ چار خصلتیں یہ ہیں) ۱۔ گفتگو کرتے وقت جھوٹ بولے۔ ۲۔ وعدہ خلافی کرے ۳۔ معاہدے کی خلاف ورزی کرے ۴۔ جو اپنی دشمنی میں فسق و انحراف کو اپنا پیشہ بنا لے۔ (خصال صدوق ج ۱ ص ۲۵۴)

۳۱۔ آگاہ ہو جاؤ میری امت کے بدترین لوگ وہ ہیں جنکے شر سے ان کا احترام کیا جائے۔ آگاہ ہو جاؤ۔ لوگ جس کے شر اور گزند سے بچنے کے لئے اس کا احترام کریں وہ مجھ سے نہیں ہے۔ (تحف العقول ص ۵۸)

۳۲۔ مومن ایک سوراخ سے دو مرتبہ نہیں ڈسا جاتا۔

(مسند احمد بن حنبل ج ۲ ص ۱۱۵)

۳۳-[يا] مَعْشَرَ الْمُسْلِمِينَ إيّاكُمْ وَالزِّنا فَإنَّ فيهِ سِتَّ خِصالٍ، ثَلاثٌ في الدُّنْيا وَثَلاثٌ في الآخِرَةِ، فَأمّا الَّتي في الدُّنْيا: فَإنَّهُ يَذْهَبُ بِالْبَهاءِ، وَيُورِثُ الْفَقْرَ، وَيَنْقُصُ الْعُمُرَ، وَأمّا الَّتي في الآخِرَةِ فَإنَّهُ يُوجِبُ سَخَطَ الرَّبِّ وَسُوءَ الْحِسابِ وَالْخُلُودَ فِي النّارِ.

(كتاب الخصال للصدوق ج۱ ص ۳۲۰)

۳۴-يا عَلِيُّ: ثَلاثٌ مَنْ لَمْ يَكُنَّ فيهِ لَمْ يَقُمْ لَهُ عَمَلٌ. وَرَعٌ يَحْجُزُهُ عَنْ مَعاصِي اللهِ عَزَّوَجَلَّ وَعِلْمٌ يَرُدُّ بِهِ جَهْلَ السَّفيهِ وَعَقْلٌ يُداري بِهِ النّاسَ.

(تحف العقول ص۷)

۳۵-مَنْ رَأى مِنْكُمْ مُنْكَراً فَلْيُغَيِّرْهُ بِيَدِهِ فَإنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَبِلِسانِهِ فَإنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِهِ وَ ذٰلِكَ أضْعَفُ الإيمانِ. (مسند احمد ابن حنبل ج ۳ ص ۴۹)

۳۶-مَنْ ماتَ عَلىٰ حُبِّ آلِ مُحَمَّدٍ ماتَ شَهيداً ألاوَمَنْ ماتَ عَلىٰ حُبِّ آلِ مُحَمَّدٍ ماتَ مَغْفُوراً لَهُ ألا وَمَنْ ماتَ عَلىٰ حُبِّ آلِ مُحَمَّدٍ ماتَ تائِباً ألا وَمَنْ ماتَ عَلىٰ حُبِّ آلِ مُحَمَّدٍ ماتَ مُؤْمِناً مُسْتَكْمِلَ الايمانِ ألا وَمَنْ ماتَ عَلىٰ حُبِّ آلِ مُحَمَّدٍ بَشَّرَهُ مَلَكُ الْمَوْتِ بِالْجَنَّةِ ثُمَّ مُنْكَرٌ وَنَكيرٌ ألا وَمَنْ ماتَ عَلىٰ حُبِّ آلِ مُحَمَّدٍ يُزَفُّ إلَى الْجَنَّةِ كَما تُزَفُّ الْعَرُوسُ إلىٰ بَيْتِ زَوْجِها.

(تفسير الكشاف ج ٤ ص ۲۲۰)

۳۳۔ اے مسلمانو! خبردار زنا سے بچو کیونکہ اسمیں چھ صفتیں ہیں تین دنیا کے اندر، تین آخرت کے اندر۔ تین دنیاوی برائیاں یہ ہیں ۱۔ بے عزتی۔ ۲۔ فقیری۔ ۳ کوتاہی زندگی۔ اور تین آخرت والی یہ ہیں۔ ۱۔خدا کی ناراضگی۔ ۲۔ سختی (یوم) حساب۔ ۳۔ دائمی دوزخ "

(خصال صدوق ج ۱ ص ۳۲۰)

۳۴۔ اے علیؑ تین باتیں جس کے اندر نہ ہوں اس کا کوئی عمل درست نہیں ہوگا۔ ۱۔ ایسا تقویٰ جو اسکو خدا کی معصیتوں سے روکے۔ ۲۔ ایسا علم جس سے بیوقوفوں کی جہالت کو رد کر سکے۔ ۳۔ ایسی عقل جس سے لوگوں سے مدارات کے ساتھ پیش آئے۔ (تحف العقول ص ۷)

۳۵۔ تم میں سے جو شخص (معاشرے کے اندر) برائی دیکھے اسکو اپنے ہاتھ سے روک دے اگر یہ ممکن نہ ہو تو زبان سے روکے اور اگر یہ بھی ممکن نہ ہو تو دل سے ناپسند کرے اور یہ ایمان کا سب سے کمزور درجہ ہے۔ (مسند احمد بن حنبل، ج ۳، ص، ۴۹)

۳۶۔ آگاہ ہوجاؤ جو محبت اہل بیتؑ پر مرے وہ شہید ہے، آگاہ ہوجاؤ جو محبت اہل بیتؑ لیکر مرے وہ بخشا ہوا مرتا ہے، آگاہ ہوجاؤ جو محبت اہلبیتؑ پر مرتا ہے اسکی موت اس حالت پر ہوتی ہے کہ وہ توبہ کیا ہوا مرتا ہے، آگاہ ہوجاؤ جو محبت اہلبیتؑ پر مرتا ہے وہ کامل الایمان مرتا ہے، آگاہ ہوجاؤ جو محبت آل محمدؐ پر مرتا ہے ملک الموت اس کو جنت کی خوشخبری دیتا ہے اور قبر میں دو فرشتے منکر و نکیر اس کو بہشت کی خوشخبری دیتے ہیں، آگاہ ہوجاؤ جو محبت اہلبیتؑ پر مرتا ہے وہ جس طرح دلہن شوہر کے گھر بھیجی جاتی ہے اسکو بہشت کی طرف بھیجا جاتا ہے۔

(تفسیر کشاف، ج ۴، ص ۲۲۰)

۳۷.شارِبُ الْخَمرِ كَعابِدِ وَثَنٍ يا عَلِيُّ شارِبُ الْخَمرِ لا يَقْبَلُ اللّهُ عَزَّوَجَلَّ صَلاتَهُ أَرْبَعينَ يَوماً، فَإِنْ ماتَ في الأَرْبَعينِ ماتَ كافِراً.

(بحارالانوار ج ۷۷ ص ۴۷)

۳۸.... إنَّ اللّهَ تَبارَكَ وَتَعالىٰ لَمْ يَكْتُبْ عَلَيْنَا الرُّهْبانِيَةَ، إنَّما رُهْبانِيَّةُ أُمَّتي الجِهادُ في سَبيلِ اللّهِ....

(بحارالانوار ج ۷۰ ص ۱۱۵/ ج ۸۲ ص ۱۱۴)

۳۹.مَنْ سَوَّفَ الْحَجَّ حَتّى يَمُوتَ بَعَثَهُ اللّهُ يَوْمَ الْقِيامَةِ يَهُودِيّاً أَوْنَصْرانِيّاً.

(بحارالانوار ج ۷۷ ص ۵۸)

۴۰.أَلنَّظْرَةُ سَهْمٌ مَسْمُومٌ مِنْ سِهامِ إِبْليسَ، فَمَنْ تَرَكَها خَوْفاً مِنَ اللّهِ تَعالىٰ أَعْطاهُ اللّهُ ايماناً يَجِدُ حَلاوَتَهُ في قَلْبِهِ.

(جامع السعادات ج ۲ ص ۱۲)

۳۷۔ شراب خوار بت پرست کے مانند ہے، اے علیؑ خداوند عالم چالیس روز تک شرابخوار کی نماز قبول نہیں کرتا۔ اور اگر شراب پینے کے چالیسویں دن (یا چالیس دن کے اندر) مرجائے تو کافر مرتا ہے۔

(بحارالانوار، ج ۷۷ ص ۴۷)

۳۸ خداوند عالم نے رہبانیت کے قانون کو ہمارے لئے مقرر نہیں کیا ہے۔ ہماری امت کی رہبانیت راہ خدا میں جہاد کرنا ہے۔

(بحارالانوار، ج ۷۰، ص ۱۱۵/ ج ۸۲ ص ۱۱۴)

۳۹۔ جو شخص (استطاعت کے باوجود) حج کو ٹالتا رہے یہاں تک کہ مرجائے۔ قیامت میں خدا اسکو یہودی یا نصرانی مبعوث کرے گا۔

(بحارالانوار ج ۷۷ ص ۵۸)

۴۰۔ (نامحرم کی طرف) نظر کرنا شیطان کا ایک زہریلا تیر ہے، لہٰذا جو شخص خدا کے خوف کی وجہ سے نامحرم پر نگاہ نہ کرے تو خدا اسکو ایسا ایمان عطا کرتا ہے جس کی شیرینی وہ اپنے دل میں محسوس کرتا ہے۔

(جامع السعادات ج ۲ ص ۱۲)

معصوم دوم

حضرت فاطمہ زہرا صلوات اللہ وسلامہ علیہا

آپ کی چالیس حدیثیں

حضرت فاطمہ زہرا معصومہ کبریٰ (س)

نام: ---- فاطمہ علیہا السلام

لقب: --- مشہور لقب، زہرا، صدیقہ، کبریٰ، طاہرہ، راضیہ، مرضیہ، انسیہ، بتول، زہرا، حوریہ، محدثہ و ...

کنیت: --- ام الحسن، امّ ابیہا، ام الائمۃ،

پدر: ---- محمد مصطفےٰؐ رسول اللہ (ص)

مادر: ---- خدیجۃ الکبریٰ (س)

مکان ولادت: -- مکۂ مکرمہ۔

زمان ولادت: -- روز جمعہ ۲۰ جمادی الاخریٰ سال ۵ بعثت۔

وقت ولادت: -- طلوع فجر،

وقت ہجرت: -- تقریباً آٹھ سال کی عمر میں حضرت علیؑ کے ہمراہ مدینہ ہجرت فرمائی۔

شادی: --- ہجرت کے دوسرے سال، ماہ ذی الحجہ کے آغاز میں حضرت علیؑ کے ساتھ عقد نکاح ہوا۔

اولاد ---- امام حسنؑ، امام حسینؑ، حضرت زینبؑ، حضرت ام کلثومؑ، جناب محسنؑ جو بطن مادر میں شہید ہو گئے۔

وقت شہادت: --- نماز مغرب و عشاء کے درمیان۔

تاریخ شہادت: --- ۳ جمادی الاخریٰ، دوسرا قول، ۱۵ جمادی الاولیٰ، تیسرا قول، ۱۳ جمادی الاولیٰ۔

سن شہادت: -- گیارہواں سال ہجری،

عمر: ---- ۱۸ سال۔ محل دفن: مدینہ منورہ۔

اربعون حديثاً

عن فاطمة الزهراء عليها السلام

۱۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى مَا اَنْعَمَ، وَلَهُ الشُّكْرُ عَلٰى مَا اَلْهَمَ، وَالثَّنَاءُ بِمَا قَدَّمَ، مِنْ عُمُومِ نِعَمٍ اِبْتَدَاَهَا وَسُبُوغِ آلاءٍ اَسْدَاهَا، وَتَمَامِ نِعَمٍ وَالاهَا، جَمَّ عَنِ الْاِحْصَاءِ عَدَدُهَا، وَنَاٰى عَنِ الْجَزَاءِ اَمَدُهَا، وَتَفَاوَتَ عَنِ الْاِدْرَاكِ اَبَدُهَا، وَنَدَبَهُمْ لِاسْتِزَادَتِهَا بِالشُّكْرِ لِاتِّصَالِهَا، وَاسْتَحْمَدَ اِلَى الْخَلَائِقِ بِاِجْزَالِهَا وَثَنّٰى بِالنَّدْبِ اِلٰى اَمْثَالِهَا.

(أعيان الشيعة ـ الطبع الجديد ـ ج ۱ ص ۳۱۵)

۲۔ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، كَلِمَةٌ جُعِلَ الْاِخْلَاصُ تَاْوِيلَهَا، وَضُمِّنَ الْقُلُوبُ مَوْصُولَهَا، وَاَنَارَ فِي التَّفَكُّرِ مَعْقُولَهَا، اَلْمُمْتَنِعُ مِنَ الْاَبْصَارِ رُؤْيَتُهُ، وَمِنَ الْاَلْسُنِ صِفَتُهُ، وَمِنَ الْاَوْهَامِ كَيْفِيَّتُهُ.

(أعيان الشيعة ـ الطبع الجديد ـ ج ۱ ص ۳۱۵)

جناب فاطمہ زہرا کی چالیس حدیث

۱۔ ساری تعریفیں خدا کیلئے ہیں اس کی نعمتوں پر، اور شکر و سپاس ہے ان چیزوں پر جو اس نے الہام کیا، اور حمد و ثنا ہے ان کثیر مواہب اور بے شمار عطایا پر جو اسنے اپنے بندوں کو بے سوال کے دیا، اور ان کامل نعمتوں پر جو سب کو عطا کیا اور پے در پے ہمکو دیتا رہا، ایسی نعمتیں جو عدداً قابل شمار نہیں ہیں، اور ان کی زیادتی جبران ناپذیر ہیں۔ ان کے انتہا کا تصور ادراک بشر سے خارج ہے اس نے اپنے بندوں کو پے در پے نعمتوں کو دینے کے لئے ان کو شکر کی دعوت دی۔ اور حمد و ستائش کے دروازے ان کے لئے کھول دیئے تاکہ وہ لوگ اس کے ذریعہ اپنی نعمتوں کو بڑی اور زیادہ کر سکیں۔

(اعیان الشیعہ، طبع جدید، ج ۱، ص ۳۱۵)

۲۔ اشھد ان لا الٰہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ: ایک ایسا کلمہ ہے جسکی حقیقت خدا نے اخلاص کو قرار دیا ہے اور دلوں کو اس کے لئے مرکز اتصال قرار دیا ہے۔ اور مقام توحید و اس کی خصوصیات کو نور تفکر کے پرتو میں آشکارا قرار دیا ہے اس خدا کی صفت یہ ہے کہ اس کو آنکھوں سے دیکھا نہیں جا سکتا، زبانیں اس کی صفت بیان کرنے سے عاجز ہیں، بشری ادراک اس کے تصور چگونگی سے عاجز ہے۔

(اعیان الشیعہ، طبع جدید ج ۱ ص ۳۱۵)

٣ـ إبتَدَعَ (الله) الأشياءَ لا مِنْ شَيْءٍ كانَ قَبلَها، وَأنشَأها بِلا احتِذاءِ أمثِلَةٍ امتَثَلَها، وَكَوَّنَها بِقُدرَتِهِ، وَذَرَأها بِمَشِيئَتِهِ، مِنْ غَيرِ حاجَةٍ مِنهُ إلىٰ تَكوينِها وَلا فائِدَةٍ لَهُ فِي تَصويرِها، إلاّ تَثبيتاً لِحِكمَتِهِ، وَتَنبيهاً عَلىٰ طاعَتِهِ، وَإظهاراً لِقُدرَتِهِ، وَتَعَبُّداً لِبَرِيَّتِهِ، وَإعزازاً لِدَعوَتِهِ.

(أعيان الشيعة ـ الطبع الجديد ـ ج ١ ص ٣١٥-٣١٦)

٤ـ... جَعَلَ (الله) الثَّوابَ عَلىٰ طاعَتِهِ وَوَضَعَ العِقابَ عَلىٰ مَعصِيَتِهِ، ذِيادَةً لِعِبادِهِ عَنْ نِقمَتِهِ، وَحِياشَةً لَهُمْ إلىٰ جَنَّتِهِ.

(أعيان الشيعة ـ الطبع الجديد ـ ج ١ ص ٣١٦)

٥ـ وَأشهَدُ أنَّ أبي مُحَمَّداً (ص) عَبدُهُ وَرَسُولُهُ، اختارَهُ وَانتَجَبَهُ قَبلَ أنْ أرسَلَهُ، وَسَمّاهُ قَبلَ أنِ اجتَبَلَهُ، وَاصطَفاهُ قَبلَ أنِ ابتَعَثَهُ، إذِ الخَلائِقُ بِالغَيبِ مَكنُونَةٌ، وَبِسَترِ الأهاوِيلِ مَصُونَةٌ، وَبِنِهايَةِ العَدَمِ مَقرُونَةٌ، عِلماً مِنَ اللهِ تَعالىٰ بِمَآيِلِ الأُمُورِ، وَإحاطَةً بِحَوادِثِ الدُّهُورِ وَمَعرِفَةً بِمَواقِعِ المَقدُورِ. ابتَعَثَهُ اللهُ تَعالىٰ إتماماً لِأمرِهِ، وَعَزيمَةً عَلىٰ إمضاءِ حُكمِهِ، وَإنفاذاً لِمَقاديرِ حَتمِهِ.

(أعيان الشيعة ـ الطبع الجديد ـ ج ١ ص ٣١٦)

٣۔ خداوند عالم نے تمام چیزوں کو کسی ایسی شئی کے بغیر جو پہلے سے رہی ہو، پیدا کیا۔ کسی کے مثالوں کی اقتدا اور پیروی کئے بغیر اپنی قدرت کاملہ سے تمام اشیاء کو لباس وجود پہنایا اور ان کو اپنی قدرت سے خلق فرمایا اور ان کی تخلیق کی احتیاج نہ رکھتے ہوئے اپنی مشیت سے ان کو کتم عدم سے نکال کر منصۂ شہود پر لے آیا، نیز انکی صورت نگاری میں بھی اسکو کوئی فائدہ نہیں تھا وہ تو صرف اپنی حکمت کے اثبات کے لئے اور اپنی اطاعت پر متنبہ کرنے کے لئے اور اپنی قدرت کا اظہار کرنے کے لئے اور اپنی مخلوق کو اپنی عبادت کی دعوت دینے کے لئے اور اپنی دعوت کو پر شکوہ بنانے کے لئے (اشیاء کو خلق فرمایا)

(اعیان الشیعہ، طبع جدید ج ١، ص ٣١٥/٣١٦)

٤۔ خداوند عالم نے اپنی طاعت پر ثواب، اور معصیت پر عذاب (اس لئے) مقرر کیا ہے تاکہ اپنے بندوں کو عذاب و بلا سے باز رکھے اور بہشت کی طرف لے جائے۔

(اعیان الشیعہ، طبع جدید ج ١، ص ٣١٦)

٥۔ میں گواہی دیتی ہوں کہ میرے باپ محمدؐ خدا کے بندہ اور رسول ہیں، اور خداوند عالم نے انکو مبعوث برسالت کرنے سے پہلے منتخب کیا اور اختیار کیا اور انکو مجتبیٰ بنانے سے پہلے ان کا نام رکھا اور (رسول بنا کر) بھیجنے سے پہلے ان کو مصطفےٰ بنایا جب کہ تمام مخلوق پردہائے غیب کے نیچے، اور بیم و ہراس کے نہاں خانوں میں چھپی ہوئی تھی۔ اور عدم کے آخری حد سے مقرون تھی، اس لئے کہ خدا امور کے انجام سے، زمانہ کے حوادث، و جریان امور سے مطلع تھا اور محمدؐ کو اپنے امر کی تکمیل کے لئے مبعوث فرمایا تاکہ اس کے امر کا اجرا کریں اور اس کے حتمی مقدرات کو جامۂ عمل پہنائیں

(اعیان الشیعہ طبع جدید ج ١، ص ٣١٦)

۶- فرأى (الله) الأُمَمَ فِرَقاً في أديانِها، عُكَّفاً على نيرانِها، عابِدَةً لِأوثانِها، مُنكِرَةً لِلهِ مَعَ عِرفانِها، فَأنارَ اللهُ تعالى بِأبي مُحمّدٍ (ص) ظُلَمَها، وَكَشَفَ عَنِ القُلوبِ بُهَمَها، وَجَلى عَنِ الأبصارِ غُمَمَها.

(أعيان الشيعة - الطبع الجديد - ج ١ ص ٣١٦)

۷- قامَ (أبي مُحَمَّدٌ) فِي النّاسِ بِالهِدايَةِ، وَأنقَذَهُم مِنَ الغَوايَةِ، وَبَصَّرَهُم مِنَ العَمايَةِ، وَهَداهُم إلى الدّينِ القَويمِ، وَدَعاهُم إلى الصِّراطِ المُستَقيمِ.

(أعيان الشيعة - الطبع الجديد - ج ١ ص ٣١٦)

۸- أنتُم عِبادَ اللهِ نُصُبُ أمرِهِ ونَهيِهِ، وَحَمَلَةُ دينِهِ وَوَحيِهِ، وَأُمَناءُ اللهِ عَلى أنفُسِكُم، وَبُلَغاؤُهُ إلى الأُمَمِ.

(أعيان الشيعة - الطبع الجديد - ج ١ ص ٣١٦)

۹- أنتُم عِبادَ اللهِ ... زَعيمُ حَقٍّ لَهُ فيكُم، وَعَهدٌ قَدَّمَهُ إلَيكُم، وَبَقيَّةٌ استَخلَفَها عَلَيكُم، كِتابُ اللهِ النّاطِقُ، وَالقُرآنُ الصّادِقُ وَالنّورُ السّاطِعُ، وَالضِّياءُ اللّامِعُ، بَيِّنَةٌ بَصائِرُهُ، مُنكَشِفَةٌ سَرائِرُهُ، مُتَجَلِّيَةٌ ظَواهِرُهُ، مُغتَبِطٌ بِهِ أشياعُهُ.

(أعيان الشيعة - الطبع الجديد - ج ١ ص ٣١٦)

۶۔ خداوند عالم نے امتوں کو مختلف دینوں میں (اور فرقوں میں) بٹے ہوئے آتش پرستی کرتے ہوئے، بت پرستی کرتے ہوئے (وجود خدا کی دلیلوں کو دیکھتے ہوئے) خدا کا منکر دیکھا تو میرے باپ محمدؐ کے ذریعہ تاریکیوں کو دور کیا دلوں کے (پردہائے) تاریکی کو چاک کردیا آنکھوں سے ان کے اندھے پن کو ختم کردیا۔

(اعیان الشیعہ، طبع جدید ج ۱، ص ۳۱۶)

۷۔ لوگوں کے درمیان میرے باپ محمدؐ ہدایت کیلئے کھڑے ہوئے اور انکو گمراہی سے نجات دی اور اندھے پن سے روشنی کی طرف رہنمائی کی مضبوط دین کی طرف ہدایت فرمائی صراط مستقیم کی طرف دعوت دی۔

(اعیان الشیعہ، طبع جدید ج ۱، ص ۳۱۶)

۸۔ اے خدا کے بندو! تم ہی خدا کے امر و نہی کو برپا کرنے والے ہو اور خدا کے دین و وحی کے حامل ہو، اپنے نفسوں پر خدا کے امین ہو، امتوں کی طرف اس کے دین کو پہونچانے والے ہو۔

(اعیان الشیعہ طبع جدید، ج ۱، ص ۳۱۶)

۹۔ اے خدا کے بندو متوجہ ہو! خدا کی طرف سے حقیقی لیڈر تمہارے درمیان ہے اور اس سے پہلے تم سے عہد و پیمان باندھ چکا ہے، اور باقی ماندہ نبوت ہے جو تمہاری رہبری کے لئے تم پر معین کیا گیا ہے اور (وہ رہبر) خدا کی بولتی کتاب، قرآن صادق، نور ساطع اور ضیا لامع ہے، اس کے حقایق واضح، اس کے اسرار منکشف، اس کے ظواہر روشن، اس کے پیرو قابل غبطہ ہیں۔

(اعیان الشیعہ طبع جدید ج ۱، ص ۳۱۶)

۱۰- كِتابُ اللهِ ... قائِدٌ إلَى الرِّضْوانِ اتّباعُهُ، مُؤَدٍّ إلَى النَّجاةِ اسْتِماعُهُ. بِهِ تُنالُ حُجَجُ اللهِ الْمُنَوَّرَةُ، وَعَزائِمُهُ الْمُفَسَّرَةُ، وَمَحارِمُهُ الْمُحَذَّرَةُ، وَبَيِّناتُهُ الْجالِيَةُ، وَبَراهِينُهُ الْكافِيَةُ، وَفَضائِلُهُ الْمَنْدُوبَةُ، وَرُخَصُهُ الْمَوْهُوبَةُ، وَشَرائِعُهُ الْمَكْتُوبَةُ.

(أعيان الشيعة - الطبع الجديد - ج ۱ ص ۳۱٦)

۱۱- فَجَعَلَ اللهُ الْإيمانَ تَطْهيراً لَكُمْ مِنَ الشِّرْكِ.

(أعيان الشيعة - الطبع الجديد - ج ۱ ص ۳۱٦)

۱۲- وَ[جَعَلَ اللهُ] الصَّلاةَ تَنْزيهاً لَكُمْ عَنِ الْكِبْرِ.

(أعيان الشيعة - الطبع الجديد - ج ۱ ص ۳۱٦)

۱۳- وَ[جَعَلَ اللهُ] الزَّكاةَ تَزْكِيَةً لِلنَّفْسِ وَنَماءً فِي الرِّزْقِ.

(أعيان الشيعة - الطبع الجديد - ج ۱ ص ۳۱٦)

۱٤- وَ[جَعَلَ اللهُ] ... الصِّيامَ تَثْبيتاً لِلْإخْلاصِ.

(أعيان الشيعة - الطبع الجديد - ج ۱ ص ۳۱٦)

۱۰۔ کتاب خدا اپنے پیروکاروں کو رضائے الٰہی کی طرف لے جانے والی ہے، اس کو کان دھر کے سننا نجات تک پہونچانے والا ہے، اسی قرآن کے ذریعہ خدا کی روشن دلیلوں کو حاصل کیا جاسکتا ہے نیز اس کے عزائم مفسرہ ڈرانے والے محرمات، واضح دلائل [illegible] الی براھین، مندوب فضائل، رخص عطایا، واجب شرائع بھی حاصل [illegible] سکتے ہیں۔

(اعیان الشیعہ طبع جدید ج ۱، ص ۳۱۶)

۱۱۔ خداوند عالم نے ایمان کو تمہارے لئے شرک سے (اور کفر سے) پاکیزگی قرار دی۔

(اعیان الشیعہ طبع جدید ج ۱، ص ۳۱۶)

۱۲۔ خداوند عالم نے نماز کو تمہارے لئے تکبر سے دوری قرار دی۔

(اعیان الشیعہ طبع جدید ج ۱، ص ۳۱۶)

۱۳۔ خداوند عالم نے تمہاری روح کی پاکیزگی اور رزق کی زیادتی کے لئے زکات قرار دی۔

(اعیان الشیعہ طبع جدید ج ۱، ص ۳۱۶)

۱۴۔ خداوند عالم نے تمہارے اخلاص کی استواری و برقراری کے لئے روزہ قرار دیا۔

(اعیان الشیعہ طبع جدید ج ۱، ص ۳۱۶)

۱۵ـ و [جَعَلَ اللهُ] اَلْحَجَّ تَشْيِيداً لِلدِّينِ.

(أعيان الشيعة ـ الطبع الجديد ـ ج ۱ ص ۳۱٦)

۱٦ـ وَ [جَعَلَ اللهُ] اَلْعَدْلَ تَنْسِيقاً لِلْقُلُوبِ.

(أعيان الشيعة ـ الطبع الجديد ـ ج ۱ ص ۳۱٦)

۱۷ـ وَ [جَعَلَ اللهُ] طاعَتَنا نِظاماً لِلْمِلَّةِ وَ إمامَتَنا اماناً مِنَ الْفُرْقَةِ.

(أعيان الشيعة ـ الطبع الجديد ـ ج ۱ ص ۳۱٦)

۱۸ـ وَ [جَعَلَ اللهُ] اَلْجِهادَ عِزّاً لِلإسْلامِ وَذُلّاً لِأهْلِ اَلْكُفْرِ وَالنِّفاقِ.

(أعيان الشيعة ـ الطبع الجديد ـ ج ۱ ص ۳۱٦)

۱۹ـ وَ [جَعَلَ اللهُ] الصَّبْرَ مَعُونَةً عَلَى اسْتِيجابِ الأجْرِ.

(أعيان الشيعة ـ الطبع الجديد ـ ج ۱ ص ۳۱٦)

۱۵ـ خداوند عالم نے دین کو مضبوط کرنے کے لئے حج قرار دیا۔

(اعیان الشیعہ طبع جدید، ج ۱، ص ۳۱۶)

۱۶ـ خداوند عالم نے دلوں کو نزدیک کرنے کے لئے عدالت قرار دیا۔

(اعیان الشیعہ طبع جدید ج ۱ ص ۳۱۶)

۱۷ـ خداوند عالم نے (خاندان رسالت کی) اطاعت کو معاشرے کے نظام کی حفاظت کے لئے اور امامت (ائمہ معصومین) کو اختلاف سے بچانے کے لئے قرار دیا ہے۔

(اعیان الشیعہ طبع جدید ج ۱ ص ۳۱۶)

۱۸ـ خداوند عالم نے صبر و استقامت کو جزا حاصل کرنے کے لئے قرار دیا ہے۔

(اعیان الشیعہ طبع جدید ج ۱ ص ۳۱۶)

۱۹ـ خداوند عالم نے جہاد کو اسلام کیلئے سبب عزت و شکوہ اور کافروں و منافقوں کیلئے سبب ذلت و رسوائی قرار دیا ہے۔

(اعیان الشیعہ طبع جدید ج ۱، ص ۳۱۶)

۲۰۔ وَ [جَعَلَ اللهُ] الْأَمْرَ بِالْمَعْرُوفِ وَالنَّهْيَ عَنِ الْمُنْكَرِ مَصْلَحَةً لِلْعَامَّةِ.
(أعيان الشيعة ـ الطبع الجديد ـ ج ۱ ص ۳۱۶)

۲۱۔ وَ [جَعَلَ اللهُ] بِرَّ الْوَالِدَيْنِ وِقَايَةً مِنَ السَّخَطِ.
(أعيان الشيعة ـ الطبع الجديد ـ ج ۱ ص ۳۱۶)

۲۲۔ وَ [جَعَلَ اللهُ] صِلَةَ الْأَرْحَامِ مَنْسَأَةً فِي الْعُمْرِ.
(أعيان الشيعة ـ الطبع الجديد ـ ج ۱ ص ۳۱۶)

۲۳۔ وَ [جَعَلَ اللهُ] الْقِصَاصَ حِقْناً لِلدِّمَاءِ.
(أعيان الشيعة ـ الطبع الجديد ـ ج ۱ ص ۳۱۶)

۲۴۔ وَ [جَعَلَ اللهُ] الْوَفَاءَ بِالنَّذْرِ تَعْرِيضاً لِلْمَغْفِرَةِ.
(أعيان الشيعة ـ الطبع الجديد ـ ج ۱ ص ۳۱۶)

۲۰۔ خداوند عالم نے امر بمعروف و نہی از منکر کو معاشرے کی اصلاح کے لئے قرار دیا ہے
(اعیان الشیعہ طبع جدید ج ۱ ص ۳۱۶)

۲۱۔ پروردگار عالم نے والدین کے ساتھ نیکی کرنے کو اپنی ناراضگی کے لئے ڈھال بنایا ہے
(اعیان الشیعہ طبع جدید ج ۱ ص ۳۱۶)

۲۲۔ خداوند عالم نے صلۂ رحم کو سبب بلندی و طول عمر قرار دیا ہے۔
(اعیان الشیعہ طبع جدید ج ۱ ص ۳۱۶)

۲۳۔ خداوند عالم نے قصاص کو حفاظت خون کا ذریعہ قرار دیا ہے۔
(اعیان الشیعہ طبع جدید ج ۱ ص ۳۱۶)

۲۴۔ خداوند عالم نے وفائے نذر کو مغفرت کا ذریعہ قرار دیا ہے۔
(اعیان الشیعہ طبع جدید ج ۱ ص ۳۱۶)

۲۰- وَ [جَعَلَ اللهُ] تَوفِيَةَ الْمَكَايِيلِ وَالْمَوازِينِ تَغْيِيراً لِلْبَخْسِ .

(أعيان الشيعة ـ الطبع الجديد ـ ج ۱ ص ۳۱۶)

۲۶- وَ [جَعَلَ اللهُ] النَّهْيَ عَنْ شُرْبِ الْخَمْرِ تَنْزِيهاً عَنِ الرِّجْسِ .

(أعيان الشيعة ـ الطبع الجديد ـ ج ۱ ص ۳۱۶)

۲۷- وَ [جَعَلَ اللهُ] اجْتِنَابَ الْقَذْفِ حِجَاباً عَنِ اللَّعْنَةِ .

(أعيان الشيعة ـ الطبع الجديد ـ ج ۱ ص ۳۱۶)

۲۸- وَ [جَعَلَ اللهُ] تَرْكَ السَّرِقَةِ إِيجَاباً لِلْعِفَّةِ .

(أعيان الشيعة ـ الطبع ا[illegible]د ـ ج ۱ ص ۳۱۶)

۲۹- وَحَرَّمَ اللهُ الشِّرْكَ إِخْلَاصاً لَهُ بِالرُّبُوبِيَّةِ .

(أعيان الشيعة ـ الطبع الجديد ـ ج ۱ ص ۳۱۶)

۲۵۔ ہر وزن و پیمانہ کو صحیح ناپ تول سے استعمال کو خدا نے کم فروشی سے روکنے کا ذریعہ قرار دیا ہے۔

(اعیان الشیعہ طبع جدید ج ۱، ص ۳۱۶)

۲۶۔ خداوند عالم نے رجس (کثافتوں) سے دوری کے لئے شراب خواری سے روکا ہے۔

(اعیان الشیعہ طبع جدید ج ۱، ص ۳۱۶)

۲۷۔ خداوند عالم نے کسی پر عیب لگانے سے ممانعت کو لعنت کا حجاب قرار دیا ہے۔

(اعیان الشیعہ طبع جدید ج ۱، ص ۳۱۶)

۲۸۔ خداوند عالم نے ترک چوری کو عفت و پاکیزگی کے لئے معین کیا ہے۔

(اعیان الشیعہ طبع جدید ج ۱، ص ۳۱۶)

۲۹۔ خداوند عا[illegible] روک دیا تاکہ سب لوگ نہایت خلوص سے عبادت کر سکیں۔

(اعیان الشیعہ طبع جدید ج ۱، ص ۳۱۶)

۳۰..... «لَقَدْ جاءَكُم رَسُولٌ مِنْ أَنفُسِكُمْ عَزيزٌ عَلَيْهِ ما عَنِتُّمْ حَريصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنينَ رَؤُوفٌ رَحيمٌ».

فَإنْ تُعزوهُ وَتَعْرِفوهُ تَجِدُوهُ أبي دُونَ نِسائِكُمْ وَأخا ابن عمي دُونَ رِجالِكُمْ، وَلَنِعْمَ الْمُعزي إلَيْهِ فَبَلَّغَ الرِّسالَةَ، صادِعاً بِالنَّذارَةِ، مائِلاً عَنْ مَدْرَجَةِ الْمُشْرِكينَ ضارِباً ثَبَجَهم آخِذاً بِكَظْمِهِمْ داعِياً إلىٰ سَبيلِ رَبِّهِ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ، يُكَسِّرُ الْأَصْنامَ، وَينكت الهام حتّى انْهَزَمَ الْجَمْعُ وَوَلَّوا الدُّبُرَ حَتّى تَفَرَّى اللَّيْلُ عَنْ صُبْحِهِ وَاسْفَرَ الْحَقُّ عَنْ مَحْضِهِ، وَنَطَقَ زَعيمُ الدّينِ، وَخَرِسَتْ شَقاشِقُ الشَّياطينِ، وَطاحَ وَشيظُ النِّفاقِ وَانْحَلَّتْ عُقَدُ الْكُفْرِ وَالشِّقاقِ وفهتم بِكَلِمَةِ الْإخْلاصِ، في نَفَرٍ مِنَ البيض الخماص.

(أعيان الشيعة ـ الطبع الجديد ـ ج ١ ص ٣١٦)

۳۱ـ وَكُنْتُمْ عَلىٰ شَفا حُفْرَةٍ مِنَ النّارِ مَذْقَةَ الشّارِبِ وَنُهْزَةَ الطّامِعِ، وَقُبْسَةَ الْعَجْلانِ، وَمُوْطِىءَ الْأقْدامِ تَشْرَبُونَ الطَّرْقَ، وَتَقْتاتُونَ القد أذِلَّةً خاسِئينَ تَخافُونَ أنْ يَتَخَطَّفَكُمُ النّاسُ مِنْ حَوْلِكُمْ فَأنْقَذَكُمُ اللهُ تَبارَكَ وَتَعالىٰ بِأبي مُحَمَّدٍ (ص) بَعْدَ اللَّتَيّا وَالَّتي وَبَعْدَ أنْ مُني بِبُهَمِ الرِّجالِ وَذُؤْبانِ الْعَرَبِ وَمَرَدَةِ أهْلِ الْكِتابِ «كُلَّما أوْقَدُوا ناراً لِلْحَرْبِ أطْفَأها اللهُ»...

(أعيان الشيعة ـ الطبع اجـ ١ ص ٣١٦)

۳۰۔ لوگو! تم ہی میں سے (ہمارا) ایک رسولؐ تمہارے پاس آچکا ہے (جسکی شفقت کی یہ حالت ہے کہ) اس پر شاق ہے کہ تم تکلیف اٹھاؤ اور اسے تمہاری بہبودی کا بہت خیال ہے۔ ایمان داروں پر بیحد شفیق و مہربان ہے۔ (پ سورۂ توبہ آیت ۱۲۸)

اگر تم اس کی نسبت دیکھو اور پہچانو تو یہ رسولؐ میرا باپ ہے نہ کہ تم عورتوں میں سے کسی کا (باپ ہے) اور یہ رسول میرے چچازاد بھائی کا بھائی ہے نہ کہ تم لوگوں میں سے کسی مرد کا بھائی ہے اور اس کی طرف میری کتنی اچھی نسبت ہے۔ میرا باپ کھل کر ڈرانے والا، مشرکوں سے اعراض کرنے والا، انکے بڑوں کو قتل کرنے والا، غم و غصہ کو پی جانے والا، لوگوں کو حکمت اور اچھے موعظہ سے خدا کی طرف بلانے والا، بتوں کو توڑنے والا، مشرکوں کے شیرازے کو بکھیرنے والا تھا یہاں تک کہ وہ لوگ شکست کھا گئے اور منہ موڑ کر بھاگے اور شب نے اپنا بستر باندھا، صبح کا چہرہ نمودار ہوا دین کا لیڈر بولنے لگا، شیطانوں کی زبانیں گنگ ہوگئیں، نفاق کے ٹکڑے اڑا دیئے، کفر و شقاق کی گرہیں کھول دیں، نورانی چہرے والوں اور بھوکوں کو کلمہ اخلاص سمجھا دیا۔ (اعیان الشیعہ طبع جدید ج ۱ ص ۳۱۶)

۳۱۔ تم سب جہنم کے کنارے تھے، ہر شرابی کی شراب پینے کی جگہ تھے، ہر حریص (دلالچی) کے لئے لقمہ تھے، ہر (متلاشی) آتش کیلئے چنگاری تھے، ہر ایک کے پیروں تلے روندے جاتے تھے گڑھوں میں جمع ہوا (گندا) پانی تم پیتے تھے، درختوں کے پتے یا بانوں کی گھاس تمہاری غذا تھی تم اتنے ذلیل و خوار تھے کہ اپنے آس پاس کے لوگوں سے ڈرتے تھے کہ کہیں تم کو اچک نہ لے جائیں پس خدا نے میرے باپ محمدؐ کے ذریعہ تم کو ان ذلتوں سے نجات دی حالانکہ آنحضرت ہمیشہ بیباک اور بھیڑیوں کی طرح بھوکے عربوں اور سرکش یہود و نصاریٰ سے مسلسل نبرد آزما رہا کرتے تھے یہ لوگ جب بھی آتش جنگ بھڑکاتے تھے خدا اسکو بجھا دیتا تھا۔

(اعیان الشیعہ طبع جدید، ج ۱، ص ۳۱۶)

۳۲-قالَ الحَسَنُ بْنُ عَلِيٍ عليه السلام : رَأَيْتُ اُمّي فاطِمَةَ عليها السلام قامَتْ في مِحْرابِها لَيْلَةَ جُمعَتِها فَلَمْ تَزَلْ راكِعَةً ساجِدَةً حَتّى اتَّضَحَ عَمُودُ الصُّبْحِ ، وَسَمِعْتُها تَدْعُو لِلْمُؤْمِنينَ وَالْمُؤْمِناتِ وَتُسَمّيهِمْ وَتُكْثِرُ الدُّعاءَ لَهُمْ ، وَلا تَدْعُو لِنَفْسِها بِشَيْءٍ فَقُلْتُ لَها : يا اُمّاه لِمَ لا تَدْعينَ لِنَفْسِكِ كَما تَدْعينَ لِغَيْرِكِ ؟ فَقالَتْ : يا بُنَيَّ ، اَلجارُ ثُمَّ الدّارُ .

(بيت الاحزان ـ ص ۲۲)

۳۳-قالَ النَّبيُّ صلى الله عليه واله لَها : اَيُّ شَيْءٍ خَيْرٌ لِلْمَرْاَةِ ؟ قالَتْ : «اَنْ لا تَرىٰ رَجُلاً وَلا يَراها رَجُلٌ» .

(بيت الاحزان ـ ص ۲۲)

۳۴-حَضَرَتْ إمْرَأةٌ عِنْدَ الصِّديقَةِ فاطِمَةَ الزَّهْراءِ عليها السَّلامُ فَقالَتْ : إنَّ لي والِدَةً ضَعيفَةً وَقَدْ لَبِسَ عَلَيْها في اَمْرِ صَلاتِها شَيْءٌ ، وَقَدْ بَعَثَتْني إلَيْكِ اَسْاَلُكِ ، فَاَجابَتْها فاطِمَةُ عليها السلام عَنْ ذٰلِكَ ، فَثَنَّتْ فَاَجابَتْ ثُمَّ ثَلَّثَتْ اِلىٰ اَنْ عَشَّرَتْ فَاَجابَتْ ثُمَّ خَجِلَتْ مِنَ اَلْكَثْرَةِ فَقالَتْ : لا اَشُقُّ عَلَيْكِ يا ابْنَةَ رَسُولِ اللهِ ، قالَتْ فاطِمَةُ : هاتي وَسَلي عَمّا بَدا لَكِ ، اَرَاَيْتِ مَنِ اكْتُرِيَ يَوْماً يَصْعَدُ إلىٰ سَطْحٍ بِحِمْلٍ ثَقيلٍ وَكِراهُ مِئَةُ اَلْفِ دينارٍ يَثْقُلُ عَلَيْهِ ؟ فَقالَتْ : لا . فَقالَتْ : اكْتُرِيتُ اَنا لِكُلِّ مَسْاَلَةٍ بِاَكْثَرَ مِنْ مِلْءِ ما بَيْنَ الثَّرىٰ إلَى العَرْشِ لُؤْلُؤاً فَاَحْرىٰ اَنْ لا يَثْقُلَ عَلَيَّ .

(بحار الأنوار ـ ج ۲ ص ۳)

۳۲۔ امام حسنؑ فرماتے ہیں : میں نے اپنی ماں فاطمہ زہراؑ کو شب جمعہ۔ رات بھر سفیدۂ سحر نمودار ہونے تک نماز پڑھتے دیکھا اور ۔۔۔ پوری رات ۔۔۔ صرف مومنین و مومنات کا نام لیکر کثرت سے دعا کرتے ہوئے سنتا رہا ، اور ۔۔۔ اس درمیان ۔۔۔ اپنے لئے کوئی دعا نہیں فرمائی۔ میں نے عرض کیا : مادر گرامی جس طرح آپ دوسروں کے لئے دعا کر رہی ہیں اپنے لئے کیوں نہیں کرتیں؟ فرمایا : بیٹا پہلے پڑوس والے پھر گھر والے! (بیت الاحزان ، ص ۲۲)

۳۳۔ رسولخداؐ نے جناب فاطمہؑ سے پوچھا: عورت کے لئے سب سے بہتر کیا ہے؟ معصومہؑ نے جواب دیا : نہ وہ کسی نامحرم مرد کو دیکھے اور نہ کوئی نامحرم مرد اسکو دیکھے۔ (بیت الاحزان ، ص ۲۲)

۳۴۔ ایک مرتبہ ایک عورت حضرت فاطمہ زہرا(س) کے پاس آکر بولی: میری ماں بہت بوڑھی ہے۔ کچھ نماز کے مسائل انکو نہیں معلوم انہیں معلوم کرنے کے لئے مجھے آپؑ کے پاس بھیجا ہے جناب فاطمہؑ نے فرمایا : ہاں ہاں پوچھئے! اسنے سوال کیا حضرت فاطمہؑ نے جواب دیا۔ اس نے پھر دوسرا سوال کیا۔ جناب فاطمہؑ نے اسکا (بھی) جواب دیا پھر اس نے تیسرا سوال کیا حضرت زہراؑ نے اسکا بھی جواب دیا۔ یہاں تک کہ اس نے دس سوالات کئے اور جناب فاطمہؑ نے دسوں کے جوابات دیئے پھر کثرت سوال سے اس عورت کو شرم دامن گیر ہوئی اور کہنے لگی : دختر رسولؐ اب میں آپؑ کو زیادہ زحمت نہیں دینا چاہتی۔ حضرت فاطمہؑ نے فرمایا: (نہیں نہیں) تم کو جو پوچھنا ہو پوچھو تمہارا کیا خیال ہے اگر کسی کو ایک بھاری بوجھ کوٹھے پر لے جانے کیلئے کرایہ پر طے کیا جائے اور کرایہ ایک لاکھ دینار ہو تو کیا یہ بوجھ لیجانا اسکو گراں گزرے گا؟ عورت نے کہا: ہرگز نہیں! جناب فاطمہؑ نے فرمایا: میں نے اپنی ذات کو کرایہ پر دیا ہے کہ ایک مسئلہ کے جواب میں مجھے زمین سے لیکر آسمان تک بھرے ہوئے موتی دیئے جائیں اس لئے ظاہر ہے کہ مسئلہ کا جواب دینا مجھے گراں نہ گزرے گا۔ (بحار الانوار ج ۲، ص ۳)

۳۵-اَللّٰهُمَّ ذَلِّلْ نَفْسي في نَفْسي وَعَظِّمْ شَأنَكَ في نَفْسي وَأَلْهِمْني طاعَتَكَ وَالْعَمَلَ بِما يُرْضيكَ وَالتَّجَنُّبَ لِما يُسْخِطُكَ يا أَرْحَمَ الرّاحِمينَ.

(أعيان الشيعة ـ الطبع الجديد ـ ج ١ ص ٣٢٣)

۳۶-اَللّٰهُمَّ قَنِّعْني بِما رَزَقْتَني وَاسْتُرْني وَعافِني أَبَداً ما أَبْقَيْتَني وَاغْفِرْ لي وَارْحَمْني إذا تَوَفَّيْتَني اَللّٰهُمَّ لا تُعْيِني في طَلَبِ ما لَمْ تُقَدِّرْ لي، وَما قَدَّرْتَهُ عَلَيَّ فَاجْعَلْهُ مُيَسَّراً سَهْلاً.

(أعيان الشيعة ـ الطبع الجديد ـ ج ١ ص ٣٢٣)

۳۷-اَللّٰهُمَّ كافِ عَنّي وَالِدَيَّ وَكُلَّ مَنْ لَهُ نِعْمَةٌ عَلَيَّ خَيْرَ مُكافاتِكَ، اَللّٰهُمَّ فَرِّغْني لِما خَلَقْتَني لَهُ وَلا تُشْغِلْني بِما تَكَفَّلْتَ لي بِهِ وَلا تُعَذِّبْني وَأَنَا أَسْتَغْفِرُكَ وَلا تحرمني وَأَنَا أَسْأَلُكَ.

(أعيان الشيعة ـ الطبع الجديد ـ ج ١ ص ٣٢٣)

۳۸-ما أنشدتْهُ (ع) في رِثاء الرَّسُولِ صلى الله عليه وآله :

ماذا عَلَى مَنْ شَمَّ تُرْبَةَ أَحْمَد
أَنْ لا يَشُمَّ مَدَى الزَّمانِ غَوالِيا
صُبَّتْ عَلَيَّ مَصائِبُ لَوْ أَنَّها
صُبَّتْ عَلَى الأَيّامِ صِرْنَ لَيالِيا

(اعلام النساء ـ ج ٤ ص ١١٣)

۳۵۔ خدایا مجھے میری نظر میں ذلیل کر دے، اور اپنی شان کو میری نظر میں عظیم کر دے، مجھے اپنی طاعت کا اور وہ عمل جو تجھ کو راضی کر سکے اسکا الہام کر دے اے ارحم الراحمین اس بات کو بتا دے جو تیری ناراضگی سے بچا سکے۔

(اعیان الشیعہ طبع جدید ج ۱ ص ۳۲۳)

۳۶۔ میرے معبود جو تو نے مجھے روزی دی ہے اس پر مجھے قناعت (بھی) عطا فرما، اور جب تک مجھے باقی رکھ، مجھے (اپنے دامن رحمت میں) چھپائے رکھ اور عافیت عطا کر، اور جب مجھے موت دے تو مجھے بخش دے اور میرے اوپر رحم فرما۔ میرے خدا جس چیز کو تو نے میرے مقدر میں نہیں لکھا اس کے حصول میں میری مدد نہ کر، اور جو چیز میرے مقدر میں لکھ دی ہے اس کے حصول میں میرے لئے آسانی پیدا کر۔

(اعیان الشیعہ، طبع جدید، ج ۱، ص ۳۲۳)

۳۷۔ میرے معبود، میرے والدین کو اور جنکے میرے اوپر احسان ہوں انکو بہترین جزا مرحمت فرما میرے خدا جس مقصد کیلئے تو نے مجھے پیدا کیا ہے اس کیلئے فراغت و فرصت دے اور جس چیز کی کفالت کا تو نے وعدہ کیا ہے اسمیں مجھے مشغول و سرگرم نہ فرما، (میرے معبود) میرے اوپر عذاب نہ کر جبکہ میں تجھ سے توبہ و استغفار کرتی ہوں۔ اور مجھے (اپنی جنّت سے) محروم نہ کر جبکہ میں تجھ سے سوال کرتی ہوں۔

(اعیان الشیعہ، طبع جدید، ج ۱، ص ۳۲۳)

۳۸۔ رسول خداؐ کا مرثیہ کہا ہے۔

جو شخص محمدؐ کی قبر کی مٹی سونگھ لے اور وہ مدت دراز تک خوشبو نہ سونگھے تو اس کا بھلا کیا ہوگا؟ (یعنی آخر عمر تک اسکو پھر کسی خوشبو کی ضرورت نہ ہوگی) میرے اوپر وہ مصائب برسائے گئے ہیں کہ اگر وہ دنوں پر برسائے جاتے تو تاریک رات بن جاتے۔

(اعلام النساء، ج ۴، ص ۱۱۳)

۳۹۔ ایضاً :

اغْبرّ افَاقُ السّماءِ وَكُوّرَتْ — شَمْسُ النّهارِ وَاُظْلِمَ العَصْرانِ

فَالأرْضُ مِنْ بَعْدِ النّبِيِّ كَئيبَةٌ — أسفاً عَلَيْهِ كَثيرَةَ الرَّجَفانِ

فَلْيَبْكِهِ شَرْقُ البِلادِ وَغَرْبُها — وَلْتَبْكِهِ مضر وَكل يمانِ

وَلْيَبْكِهِ الطّودُ العَظيمُ جودَه — وَالبَيْتُ ذُو الأسْتارِ وَالأرْكانِ

يَاخاتمَ الرُّسلِ المُبارَكَ ضوؤهُ — صَلّى عَلَيْكَ مُنْزِلُ القُرآنِ

(اعلام النساء - ج ٤ ص ١١٣)

۴۰۔ وایضاً :

قَدْ كانَ بَعْدَكَ أنْباءٌ وَهَنْبَثَةٌ — لَوْ كُنْتَ شاهِدَها لَمْ تَكثُرِ الخَطْبُ

إنّا فَقَدْناكَ فَقْدَ الأرْضِ وَابِلَها — وَاخْتَلَّ قَوْمُكَ فَاشْهَدْهُمْ وَلا تَغِب

(اعلام النساء - ج ٤ ص ١٢٢)

غبارِ غم نے فضائے آسمان کو گھیر لیا، سورج کو گہن لگ گیا، دن تاریک ہوگیا۔
پوری زمین رسولِ خداؐ کے انتقال کے بعد ان کے غم میں لرزہ براندام ہے۔
شرق و غرب عالم کو آنحضرتؐ پر گریہ کرنا چاہیے۔ قبیلۂ مضر اور یمن کے لوگوں کو گریہ
ہونا چاہیے،
کوہِ عظیم کو ان کے جود و سخا پر، اور کعبہ اور اس کے رکنوں کو رونا چاہیے۔
اے خاتم رسولاں آپ کی روشنی دنیا والوں کے لئے مبارک ہے قرآن کے نازل کرنے
والے کی رحمت آپ پر نازل ہو۔

(اعلام النساء، ج ۴، ص ۱۱۳)

آپ کے بعد فتنوں نے سر اٹھایا، اور گوناگوں صدائیں بلند ہوئیں۔ اگر آپ موجود ہوتے
تمام اختلافات رونما نہ ہوتے۔ آپ کا ہم سے جدا ہونا ایسا ہی ہے جیسے خشک زمین
بارش سے محروم ہوجائے۔ آپ کی قوم کے حالات اختلال پذیر ہوگئے۔ لہٰذا انکو دیکھئے اور
اپنی نظروں کے سامنے رکھئے۔

(اعلام النساء، ج ۴، ص ۱۲۲)

تیسرے معصوم

امام اول حضرت علی علیہ السلام

اور آپؑ کے چالیس اقوال

تیسرے معصوم

امام اول حضرت علی علیہ السلام

نام:۔۔۔۔ علیؑ

لقب:۔۔۔ امیر المومنین

کنیت:۔۔۔ ابو الحسن

باپ:۔۔۔ ابو طالبؑ

ماں:۔۔۔ فاطمہ بنت اسدؑ

تاریخ ولادت:۔۔ ۱۳ رجب دس سال قبل از بعثت

جائے ولادت:۔۔ خانہ کعبہ

مدت خلافت:۔۔ چار سال ۹ ماہ تقریباً، سن ۳۶ سے ۴۰ تک

مدت امامت:۔۔ ۳۰ سال

وقت ضربت:۔۔ صبح ۱۹ر ماہ مبارک رمضان

وقت شہادت:۔۔ شب ۲۱ر ماہ مبارک رمضان

جائے شہادت:۔۔ کوفہ

قاتل:۔۔۔ ابن ملجم (لعن)

عمر:۔۔۔ ۶۳ سال

مزار شریف:۔۔ نجف اشرف

دوران عمر:۔۔ چار حصے ۱۔ بچپنا تقریباً دس سال ۲۔ ہمراہی رسولؐ تقریباً ۲۳ سال ۳۔ خلافت سے کنارہ کشی تقریباً ۲۵ سال ۴۔ مدت خلافت تقریباً چار سال و ۹ر ماہ۔

اربعون حديثاً

عن امير المؤمنين علي عليه السلام

١ـ مَنْ عَرَفَ نَفْسَهُ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّهُ.

(غرر الحكم، الفصل ٧٧ الحديث ٣٠١)

٢ـ فَإِنَّ اللهَ تَعالىٰ بَعَثَ مُحَمَّداً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ بِالْحَقِّ لِيُخْرِجَ عِبادَهُ مِنْ عِبادَةِ عِبادِهِ إِلىٰ عِبادَتِهِ، وَمِنْ عُهُودِ عِبادِهِ إِلىٰ عُهُودِهِ، وَمِنْ طاعَةِ عِبادِهِ إِلىٰ طاعَتِهِ، وَمِنْ وِلايَةِ عِبادِهِ إِلىٰ وِلايَتِهِ.

(فروع الكافي، ج٨ ص ٣٨٦)

٣ـ ما جالَسَ هٰذَا القُرْآنَ أَحَدٌ إِلاّ قامَ عَنْهُ بِزِيادَةٍ أَوْ نُقْصانٍ زِيادَةٍ فِي هُدىً، وَنُقْصانٍ مِنْ عَمىً، وَاعْلَمُوا أَنَّهُ لَيْسَ عَلىٰ أَحَدٍ بَعْدَ القُرْآنِ مِنْ فاقَةٍ، وَلا لِأَحَدٍ قَبْلَ القُرْآنِ مِنْ غِنىً.

(الحياة ج ٢ ص ١٠١)

حضرت علیؑ کی چالیس حدیثیں

۱۔ جس نے اپنے کو پہچانا اس نے خدا کو پہچانا :

(غرر الحکم، فصل ۷۷ حدیث ۳۰۱)

۲۔ خداوند عالم نے محمدؐ کو نبی برحق بنا کر بھیجا تاکہ وہ لوگوں کو بندوں کی عبادت سے نکال کر خدا کی عبادت کرائیں، بندوں کے عہد و پیمان سے خارج کر کے خدا کے عہد و پیمان کے بندھن میں باندھ دیں، بندوں کی اطاعت چھوڑ کر خدا کی اطاعت میں لگ جائیں، بندوں کی ولایت سے خارج ہو کر خدا کی ولایت میں داخل ہو جائیں ۔

(فروع کافی، ج ۸، ص ۳۸۶)

۳۔ جو شخص بھی قرآن کے ساتھ نشست و برخواست رکھے گا۔ اس کے پاس سے جب بھی اٹھے گا اس کی کچھ چیزوں میں زیادتی حاصل ہوگی اور کچھ چیزوں میں کمی ہوگی : ہدایت میں زیادتی ہوگی، جہالت و اندھے پن میں کمی ہوگی ۔ اس بات سے آگاہ ہو جاؤ کہ قرآن حاصل کرنے کے بعد کسی کو فقر حاصل نہ ہوگا اور قرآن کے بغیر کسی کو کوئی غنا حاصل نہ ہوگا ۔

(الحیاۃ، ج ۲، ص ۱۰۱)

٤- اَلرّاضي بِفِعْلِ قَوْمٍ كَالدّاخِلِ فِيهِ مَعَهُمْ، وَعَلىٰ كُلِّ داخِلٍ فِي باطِلٍ إِثْمانِ، إِثْمُ الْعَمَلِ بِهِ وَإِثْمُ الرِّضا بِهِ.

(نهج البلاغة لصبحي الصالح، قصار الحكم ١٥٤، ص ٤٩٩)

٥- سُئِلَ عَلَيْهِ السَّلامُ عَنِ الإيمانِ، فَقالَ: اَلإيمانُ عَلىٰ أَرْبَعِ دَعائِمَ: عَلَى الصَّبْرِ وَالْيَقِينِ وَالْعَدْلِ وَالْجِهادِ. وَالصَّبْرُ مِنْها عَلىٰ أَرْبَعِ شُعَبٍ عَلَى الشَّوْقِ وَالشَّفَقِ وَالزُّهْدِ وَالتَّرَقُّبِ؛ فَمَنِ اشْتاقَ إِلَى الْجَنَّةِ سَلا عَنِ الشَّهَواتِ وَمَنْ أَشْفَقَ مِنَ النّارِ اجْتَنَبَ الْمُحَرَّماتِ، وَمَنْ زَهِدَ فِي الدُّنْيا اسْتَهانَ بِالْمُصِيباتِ، وَمَنِ ارْتَقَبَ الْمَوْتَ سارَعَ إِلَى الْخَيْراتِ...

وَالْجِهادُ مِنْها عَلىٰ أَرْبَعِ شُعَبٍ: عَلَى الأَمْرِ بِالْمَعْرُوفِ، وَالنَّهْيِ عَنِ الْمُنْكَرِ، وَالصِّدْقِ فِي الْمَواطِنِ وَشَنَآنِ الْفاسِقِينَ، فَمَنْ أَمَرَ بِالْمَعْرُوفِ شَدَّ ظُهُورَ الْمُؤْمِنِينَ، وَمَنْ نَهىٰ عَنِ الْمُنْكَرِ أَرْغَمَ أُنُوفَ الْكافِرِينَ، وَمَنْ صَدَقَ فِي الْمَواطِنِ قَضىٰ ما عَلَيْهِ، وَمَنْ شَنِئَ الْفاسِقِينَ وَغَضِبَ لِلّٰهِ غَضِبَ اللّٰهُ لَهُ وَأَرْضاهُ يَوْمَ الْقِيامَةِ.

(نهج البلاغة لصبحي الصالح، قصار الحكم ٣١، ص ٤٧٣)

٦- فَإِنَّ الْجِهادَ بابٌ مِنْ أَبْوابِ الْجَنَّةِ فَتَحَهُ اللّٰهُ لِخاصَّةِ أَوْلِيائِهِ وَهُوَ لِباسُ التَّقْوىٰ وَدِرْعُ اللّٰهِ الْحَصِينَةُ وَجُنَّتُهُ الْوَثِيقَةُ فَمَنْ تَرَكَهُ رَغْبَةً عَنْهُ أَلْبَسَهُ اللّٰهُ ثَوْبَ الذُّلِّ.

(نهج البلاغة لصبحي الصالح، الخطبة ٢٧، ص٦٩)

۴: جو شخص کسی قوم کے (کسی) فعل پر راضی ہو وہ اس شخص کے مانند ہے جو اس فعل میں داخل (اور اس کا کرنے والا) ہو اور جو شخص باطل کام میں شریک ہوتا ہے وہ دو گناہ کرتا ہے۔ (۱) ایک تو خود عمل کا گناہ (۲) دوسرے اس فعل پر راضی ہونے کا گناہ۔

(نہج البلاغہ، صبحی صالح، قصار الحکم ۱۵۴، ص ۴۹۹)

۵: حضرت علیؑ سے ایمان کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: ایمان چار ستونوں پر قائم ہے۔ ۱۔ صبر ۲۔ یقین ۳۔ عدالت ۴۔ جہاد۔ اور صبر کے چار شعبے ہیں۔ شوق، خوف، زہد، انتظار، پس جسکو جنت کا شوق ہے وہ سرکش خواہشات سے کنارہ کش رہتا ہے اور جو آتش دوزخ سے ڈرتا ہے وہ گناہوں سے بچتا ہے اور جو دنیا سے زہد اختیار کرتا ہے وہ مصیبتوں اور ناگوار چیزوں کو ہیچ سمجھتا ہے اور جو موت کا انتظار کرتا ہے وہ نیک کاموں کیلئے جلدی کرتا ہے۔

جہاد کی بھی چار قسمیں ہیں ۱۔ امر بمعروف ۲۔ نہی از منکر ۳۔ میدان جنگ میں سچائی۔ ۴۔ بدکاروں سے دشمنی۔ لہٰذا جو شخص امر بمعروف کرتا ہے وہ مومنین کی پشت مضبوط کرتا ہے اور جو نہی از منکر کرتا ہے وہ کافروں کی ناک رگڑتا ہے، جو میدان جہاد میں واقعی مقابلہ کرتا ہے وہ اپنا فریضہ انجام دیتا ہے، جو بدکاروں کو دشمن رکھتا ہے اور خدا کیلئے ان سے ناراض رہتا ہے خدا بھی اسکی وجہ سے غضہ کرتا ہے اور قیامت میں اس کو خوش کر دیتا ہے۔ (نہج البلاغہ، صبحی صالح قصار الحکم ۳۱، ص ۴۷۳)

۶۔ جہاد جنّت کے دروازوں میں سے ایک ایسا دروازہ ہے جس کو خدا نے اپنے مخصوص اولیاء کیلئے کھولا ہے اور یہ (جہاد) تقویٰ کا لباس ہے اور خدا کی مضبوط زرہ ہے اور بھروسہ والی سپر ہے جو اس کو اعراض کی وجہ سے چھوڑ دے خدا اسکو ذلت کا لباس پہنائے گا

(نہج البلاغہ صبحی صالح، خطبہ ۲۷، ص ۶۹)

۷- إِنَّما بَدْءُ وُقُوعِ الْفِتَنِ أَهْواءٌ تُتَّبَعُ، وَأَحْكامٌ تُبْتَدَعُ، يُخالَفُ فِيها كِتابُ اللّهِ، وَيَتَوَلّى عَلَيْها رِجالٌ رِجالاً عَلى غَيْرِ دِينِ اللّهِ. فَلَوْ أَنَّ الْباطِلَ خَلَصَ مِنْ مِزاجِ الْحَقِّ لَمْ يَخْفَ عَلَى الْمُرْتادِينَ، وَلَوْ أَنَّ الْحَقَّ خَلَصَ مِنْ لَبْسِ الْباطِلِ انْقَطَعَتْ عَنْهُ أَلْسُنُ الْمُعانِدِينَ. وَلكِنْ يُؤْخَذُ مِنْ هذا ضِغْثٌ وَمِنْ هذا ضِغْثٌ فَيُمْزَجانِ فَهُنالِكَ يَسْتَوْلِي الشَّيْطانُ عَلى أَوْلِيائِهِ، وَيَنْجُو الَّذِينَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِنَ اللّهِ الْحُسْنى.

(نهج البلاغة لصبحي الصالح، الخطبة ۵۰، ص ۸۸)

۸- إِنَّ دِينَ اللّهِ لا يُعْرَفُ بِالرِّجالِ بَلْ بِآيَةِ الْحَقِّ فَاعْرِفِ الْحَقَّ تَعْرِفْ أَهْلَهُ.

(البحار/ج ٦٨ / ص ١٢٠)

۹- لا تَكُونَنَّ عَبْدَ غَيْرِكَ فَقَدْ جَعَلَكَ اللّهُ سُبْحانَهُ حُرّاً.

(غرر الحكم ، الفصل ۸۵، الحديث ۲۱۹)

۱۰- إِنَّ الأَمْرَ بِالْمَعْرُوفِ وَالنَّهْيَ عَنِ الْمُنْكَرِ لا يُقَرِّبانِ مِنْ أَجَلٍ، وَلا يُنْقِصانِ مِنْ رِزْقٍ وَلكِنْ يُضاعِفانِ الثَّوابَ وَيُعَظِّمانِ الأَجْرَ، وَأَفْضَلُ مِنْهُما كَلِمَةُ عَدْلٍ عِنْدَ إِمامٍ جائِرٍ.

(غرر الحكم، الفصل ۸، الحديث ۲۷۲

۱۱- مَنْ لَمْ يُصْلِحْهُ حُسْنُ الْمُداراةِ يُصْلِحْهُ حُسْنُ الْمُكافاةِ.

(غرر الحكم، الفصل ۷۷، الحديث ۵۴۷)

۷۔ فتنوں کی پیدائش کا آغاز خواہشات نفس کی پیروی اور ایسے اختراعی احکام ہوتے ہیں جنہیں قرآن کی مخالفت ہوتی ہے اور کچھ لوگ آئین حق کے خلاف لوگوں کی حمایت پر آمادہ ہو جاتے ہیں۔ اگر باطل مکمل طور سے حق سے جدا ہو جائے تو متلاشی حق پر کبھی حق مخفی نہیں رہ سکتا اور اگر حق باطل کے التباس سے خالص ہو جائے تو دشمنوں کی زبانیں بند ہو جائیں مگر ہوتا یہ ہے کہ تھوڑا سا حق اور تھوڑا سا باطل لیکر مخلوط کر دیتے ہیں اور یہیں سے شیطان اپنے دوستوں پر غالب آجاتا ہے۔ اور صرف وہی لوگ نجات پاتے ہیں جن پر خدا کی رحمت شامل حال ہو جائے۔

(نہج البلاغہ، صبحی صالح، خطبہ ۵۰ ص ۸۸)

۸۔ دین خدا کو لوگوں سے نہیں پہچاننا چاہیئے، بلکہ حق کی علامتوں سے پہچاننا چاہیئے۔ بنا برایں (پہلے) حق کو پہچانو، اس کے بعد صاحب حق کو پہچان ہی لو گے۔

(بحار، ج ۶۸، ص ۱۲۰)

۹۔ (خبردار) دوسروں کے غلام نہ ہو جبکہ خدا نے تم کو آزاد بنایا ہے۔

(غرر الحکم، فصل ۸۵، حدیث ۲۱۹)

۱۰۔ امر بمعروف اور نہی از منکر (یہ دونوں) موت کو جلدی قریب نہیں آنے دیتے اور روزی میں کمی نہیں ہونے دیتے بلکہ ثواب کو دوگنا کرتے ہیں اور اجر کو عظیم کرتے ہیں اور ان دونوں میں (امر بمعروف و نہی از منکر میں) افضل حاکم ظالم کے سامنے انصاف کی بات کہنا ہے۔

(غرر الحکم، فصل ۸، حدیث ۲۷۲)

۱۱۔ اچھا برتاؤ جس کی اصلاح نہ کر سکے اچھی جزاء اس کی اصلاح کر سکتی ہے۔

(غرر الحکم، فصل ۷۷، حدیث ۵۴۷)

۱۲-قَطَعَ ظَهْرِي رَجُلانِ مِنَ الدُّنْيا رَجُلٌ عَليمُ اللِّسانِ فاسِقٌ، وَرَجُلٌ جاهِلُ الْقَلْبِ ناسِكٌ. هٰذا يَصُدُّ بِلِسانِهِ عَنْ فِسْقِهِ، وَهٰذا بِنُسُكِهِ عَنْ جَهْلِهِ. فَاتَّقُوا الْفاسِقَ مِنَ الْعُلَماءِ، وَالْجاهِلَ مِنَ الْمُتَعَبِّدِينَ. اُولٰئِكَ فِتْنَةُ كُلِّ مَفْتُونٍ، فَإِنّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّهِ(ص) يَقُولُ: يا عَلِي هَلاكُ أُمَّتي على يَدَيْ كُلِّ مُنافِقٍ عَليمِ اللِّسانِ.

(روضة الواعظين ص ٦) (الحياة ج ٢ ص ٣٣٧)

۱۳-وَلايَكُونَنَّ الْمُحْسِنُ وَالْمُسيءُ عِنْدَكَ بِمَنْزِلَةٍ سَواءٍ، فَإِنَّ في ذٰلِكَ تَزْهيداً لِأَهْلِ الْإِحْسانِ في الْإِحْسانِ، وَتَدْرِيباً لِأَهْلِ الْإِساءَةِ عَلَى الْإِساءَةِ

(نهج البلاغة لصبحي الصالح، الكتاب ٥٣، ص ٤٣٠)

١٤- لايَتْرُكُ النّاسُ شَيْئاً مِنْ أَمْرِ دِينِهِمْ لِاسْتِصْلاحِ دُنْياهُمْ إِلاّ فَتَحَ اللّهُ عَلَيْهِمْ ما هُوَ أَضَرُّ مِنْهُ.

(نهج البلاغة لصبحي الصالح، قصار الحكم ١٠٦، ص ٤٨٧)

١٥-وَإِنَّما الدُّنْيا مُنْتَهىٰ بَصَرِ الْأَعْمىٰ، لايُبْصِرُ مِمّا وَراءَها شَيْئاً، وَالْبَصيرُ يَنْفُذُها بَصَرُهُ، وَيَعْلَمُ أَنَّ الدّارَ وَراءَها فَالْبَصيرُ مِنْها شاخِصٌ وَالْأَعْمىٰ إِلَيْها شاخِصٌ، وَالْبَصيرُ مِنْها مُتَزَوِّدٌ، وَالْأَعْمىٰ لَها مُتَزَوِّدٌ.

(نهج البلاغة لصبحي الصالح، الخطبة ١٣٣، ص ١٩١)

۱۲۔ دنیا کے دو آدمیوں نے میری کمر توڑ دی ہے ۱۔ گنہگار چرب زبان شخص نے ۲۔ تیرہ دل عبادت گزار شخص نے، پہلے نے اپنی زبان سے لوگوں کو اپنے فسق و فجور کے اظہار سے روک کر اور دوسرے نے اپنی عبادت کو اپنی جہالت کا پردہ بنا کر، لہٰذا تم لوگ بدکار علماء اور جاہل عبادت گزاروں سے بچو۔ اسلئے کہ یہی لوگ ہر مفتون کیلئے فتنہ ہیں، اور میں نے خود رسول خداؐ سے سنا ہے کہ فرماتے تھے: اے علیؑ میری امت کی ہلاکت ہر چرب زبان منافق کے ہاتھوں ہوگی۔

(روضۃ الواعظین، ص ۶، الحیاۃ ج ۲ ص ۳۳۷)

۱۳۔ تمہاری نظر میں بدکار اور نیکوکار ہرگز برابر نہ ہونا چاہیئے کیونکہ ایسی صورت میں نیک لوگوں کی نیک کاموں سے بے رغبتی پیدا ہوگی اور بدکاروں کو برے کاموں کی تشویق پیدا ہوگی۔

(نہج البلاغہ صبحی صالح، مکتوب ۵۳، ص ۴۳۰)

۱۴۔ لوگ اپنی دنیا کی اصلاح کیلئے اپنے دینی امور میں سے کسی چیز کو ترک نہیں کرتے جب تک خدا ان کے لئے اس سے مضر تر کوئی چیز ان کے سامنے نہ کھول دے۔

(نہج البلاغہ صبحی صالح، قصار الحکم ۱۰۶، ص ۴۸۷)

۱۵۔ اندھے کی بینائی کی انتہا دنیا ہے۔ وہ دل کا اندھا اس کے ماسوی کچھ دیکھتا ہی نہیں لیکن شخص بصیر اور روشن ضمیر دنیا کو بڑی گہری نظر سے دیکھتا ہے ــــ اور اسکو محدود و ناپائیدار سمجھتا ہے ــــ اور سمجھتا ہے کہ اس کے ماوراء ہے اس لئے شخص بصیر دنیا سے کوچ پر آمادہ ہے۔ لیکن دل کے اندھے نے اپنی آنکھوں کو اس پر جما رکھا ہے شخص بصیر اس سے زیاد و توشہ ساتھ لے لیتا ہے لیکن دل کا اندھا اس سے زاد و توشہ کو جمع کر رکھتا ہے۔

(نہج البلاغہ، صبحی صالح خطبہ ۱۳۳، ص ۱۹۱)

۱۶-وَاجْعَلْ نَفْسَكَ مِيزاناً فِيما بَيْنَكَ وَبَيْنَ غَيْرِكَ ، فَأَحِبَّ لِغَيْرِكَ ما تُحِبُّ لِنَفْسِكَ، وَاكْرَهْ لَهُ ما تَكْرَهُ لِنَفْسِكَ، وَلا تَظْلِمْ كَما لا تُحِبُّ أَنْ تُظْلَمَ وَأَحْسِنْ كَما تُحِبُّ أَنْ يُحْسَنَ إِلَيْكَ وَاسْتَقْبِحْ مِنْ نَفْسِكَ ما تَسْتَقْبِحُ مِنْ غَيْرِكَ ، وَارْضَ مِنَ النّاسِ لَكَ ما تَرْضىٰ بِهِ لَهُمْ مِنْكَ، وَلا تَقُلْ بِما لا تَعْلَمُ، بَلْ لا تَقُلْ كُلَّ ما تَعْلَمُ، وَلا تَقُلْ ما لا تُحِبُّ أَنْ يُقالَ لَكَ. (تحف العقول ص ۷٤)

۱۷-أَصْدِقاؤُكَ ثَلاثَةٌ وَأَعْداؤُكَ ثَلاثَةٌ: فَأَصْدِقاؤُكَ : صَدِيقُكَ وَصَدِيقُ صَدِيقِكَ وَعَدُوُّ عَدُوِّكَ . وَأَعْداؤُكَ : عَدُوُّكَ ، وَعَدُوُّ صَدِيقِكَ، وَصَدِيقُ عَدُوِّكَ . (نهج البلاغة لصبحي الصالح، قصار الحکم ۲۹۵، ص۵۲۷)

۱۸-مَنْ كَثُرَ كَلامُهُ كَثُرَ خَطاؤُهُ وَمَنْ كَثُرَ خَطاؤُهُ قَلَّ حَياؤُهُ، وَمَنْ قَلَّ حَياؤُهُ قَلَّ وَرَعُهُ ، وَمَنْ قَلَّ وَرَعُهُ ماتَ قَلْبُهُ، وَمَنْ ماتَ قَلْبُهُ دَخَلَ النّارَ.
(تحف العقول ص۸۹)

۱۹-لا تَنْظُرْ إِلىٰ مَنْ قالَ وَانْظُرْ إِلىٰ ما قالَ.
(غرر الحکم، الفصل ۸۵، الحدیث ٤۰)

۲۰-جُمِعَ الْخَيْرُ كُلُّهُ فِي ثَلاثِ خِصالٍ: اَلنَّظَرُ وَالسُّكُوتُ وَالْكَلامُ؛ فَكُلُّ نَظَرٍ لَيْسَ فِيهِ اعْتِبارٌ فَهُوَ سَهْوٌ، وَكُلُّ سُكُوتٍ لَيْسَ فِيهِ فِكْرَةٌ فَهُوَ غَفْلَةٌ؛ وَكُلُّ كَلامٍ لَيْسَ فِيهِ ذِكْرٌ فَهُوَ لَغْوٌ. فَطُوبىٰ لِمَنْ كانَ نَظَرُهُ عِبْرَةً وَسُكُوتُهُ فِكْرَةً وَكَلامُهُ ذِكْراً وَبَكىٰ عَلىٰ خَطِيئَتِهِ وَأَمِنَ النّاسُ مِنْ شَرِّهِ.

(تحف العقول ص ۲۱۰)

۱۶۔ لوگوں کے ساتھ معاشرت کرنے میں اپنے کو میزان قرار دو لہٰذا جو اپنے لئے پسند کرو دوسروں کیلئے بھی پسند کرو، اور جو چیز اپنے لئے ناپسند کرو دوسروں کیلئے بھی ناپسند کرو، دوسروں پر (اسی طرح) ظلم نہ کرو جس طرح تم چاہتے ہو کہ تم پر ظلم نہ کیا جائے۔ دوسروں پر اسی طرح احسان کرو جس طرح تم چاہتے ہو کہ تم پر احسان کیا جائے۔ اپنے لئے جن چیزوں کو برا سمجھتے ہو دوسروں کیلئے بھی انکو ناپسند کرو، جن باتوں سے لوگوں کی تم راضی ہوتے ہو انہیں باتوں سے لوگوں کو بھی راضی کرو، جو بات نہ جانتے ہو اس کو نہ کہو، بلکہ جن باتوں کو جانتے ہو ان میں سے بھی سب کو نہ کہو، اس بات کو نہ کہو جس کے بارے میں تم یہ نہ پسند کرو کہ تمہارے بارے میں کہی جائے۔

(تحف العقول ص ۷۴)

۱۷۔ تیرے تین دوست ہیں اور تین ہی دشمن ہیں۔ دوست تو یہ ہیں: ۱۔ تیرا دوست ۲۔ تیرے دوست کا دوست ۳۔ تیرے دشمن کا دشمن۔ اور تیرے دشمن یہ ہیں ۱۔ تیرا دشمن ۲۔ تیرے دوست کا دشمن ۳۔ تیرے دشمن کا دوست۔

(نہج البلاغہ صبحی صالح، قصار الحکم ۲۹۵، ص ۵۲۷)

۱۸۔ جو زیادہ باتیں کرے گا اس سے غلطیاں بھی زیادہ ہوں گی اور جس کی خطائیں زیادہ ہونگی اس کی حیا شرم کم ہوگی اور جس کی شرم کم ہوگی اسکا تقویٰ کم ہوگا، اور جسکا تقویٰ کم ہوگا اسکا قلب مردہ ہو جائیگا۔ اور جسکا قلب مردہ ہو جائیگا وہ دوزخ میں جائیگا۔ (تحف العقول ص ۸۹)

۱۹۔ یہ نہ دیکھو کس نے کہا ہے یہ دیکھو کیا کہا ہے۔ (غرر الحکم، فصل ۸۵، حدیث ۴۰)

۲۰۔ تمام نیکیاں تین باتوں میں جمع کر دی گئی ہیں، ۱۔ نگاہ، ۲۔ خاموشی، ۳۔ گفتگو۔ جس نگاہ میں عبرت نہ ہو اس میں (ایک قسم کی) بھول ہے اور جس خاموشی میں تفکر نہ ہو وہ غفلت ہے اور جس کلام میں یادِ خدا نہ ہو وہ بیہودہ ہے لہٰذا خوشا بحال اس کا جسکی نگاہ میں عبرت ہو خاموشی میں تفکر ہو، گفتگو میں یادِ خدا ہو اپنے گناہوں پر روتا ہو اور لوگ اس کے شر سے محفوظ ہوں۔
(تحف العقول ص ۲۱۵)

۲۱-اِنَّ لِلْوَلَدِ عَلَى الْوالِدِ حَقّاً، وَاِنَّ لِلْوالِدِ عَلَى الْوَلَدِ حَقّاً، فَحَقُّ الْوالِدِ عَلَى الْوَلَدِ اَنْ يُطِيعَهُ فِي كُلِّ شَيْءٍ اِلاَّ فِي مَعْصِيَةِ اللّهِ سُبْحانَهُ، وَحَقُّ الْوَلَدِ عَلَى الْوالِدِ اَنْ يُحْسِنَ اِسْمَهُ، وَيُحَسِّنَ اَدَبَهُ، وَيُعَلِّمَهُ الْقُرْآنَ.

(نهج البلاغة لصبحي الصالح، قصار الحكم ۳۹۹، ص ۵۴۶)

۲۲-اَلدُّنْيا دارُصِدْقٍ لِمَنْ صَدَّقَها وَدارُ عافِيَةٍ لِمَنْ فَهِمَ عنها، وَدارُ غِنىً لِمَنْ تَزَوَّدَ مِنْها. مَسْجِدُ اَنْبِياءِ اللّهِ، وَمَهْبَطُ وَحْيِهِ، وَمُصَلّى مَلائِكَتِهِ وَمَتْجَرُ اَوْلِيائِهِ، اِكْتَسَبُوا فِيها الرَّحْمَةَ، وَرَبِحُوا فِيهَا الْجَنَّةَ، فَمَنْ ذا يَذُمُّها؟وَقَدْ آذَنَتْ بِبَيْنِها، وَنادَتْ بِفِراقِها، وَنَعَتْ نَفْسَها، فَشَوَّقَتْ بِسُرُورِها اِلَى السُّرُورِ، وَحَذَّرَتْ بِبَلائِها اِلَى الْبَلاءِ، تَخْوِيفاً وَتَحْذِيراً، وَتَرْغِيباً وَتَرْهِيباً، فَيا اَيُّهَا الذّامُّ لِلدُّنيا وَالْمُغْتَرُّ بِتَغْرِيرِها مَتىٰ غَرَّتْكَ؟ اَبِمَصارِعِ آبائِكَ مِنَ الْبِلىٰ؟ اَمْ بِمَضاجِعِ اُمَّهاتِكَ تَحْتَ الثَّرىٰ؟

(بحار ج ۷۷ ص۴۱۸)

۲۳-اَيُّهَا النّاسُ اِنَّ اَخْوَفَ ما اَخافُ عَلَيْكُمُ اثْنانِ: اتِّباعُ الْهَوىٰ، وَطُولُ الاَمَلِ؛ فَاَمّا اتِّباعُ الْهَوىٰ فَيَصُدُّ عَنِ الْحَقِّ، وَاَمّا طُولُ الاَمَلِ فَيُنْسِي الآخِرَةَ.

(نهج البلاغة لصبحي الصالح، الخطبة ۴۲، ص ۸۳)

۲۴-مَنْ اَصْلَحَ سَرِيرَتَهُ اَصْلَحَ اللّهُ عَلانِيَتَهُ، وَمَنْ عَمِلَ لِدِينِهِ كَفاهُ اللّهُ اَمْرَ دُنْياهُ، وَمَنْ اَحْسَنَ فِيما بَيْنَهُ وَبَيْنَ اللّهِ اَحْسَنَ اللّهُ ما بَيْنَهُ وَبَيْنَ النّاسِ.

(نهج البلاغة لصبحي الصالح، قصار الحكم ۴۲۳، ص ۵۵۱)

۲۱۔ یقیناً جہاں بیٹے کا باپ پر حق ہے (اسی طرح) باپ کا بیٹے پر حق ہے۔ باپ کا حق بیٹے پر یہ ہے کہ معصیت خدا کے علاوہ ہر چیز میں باپ کی اطاعت کرے اور بیٹے کا حق باپ پر یہ ہے کہ بیٹے کا اچھا نام رکھے اور اس کی اچھی تربیت کرے اور اس کو قرآن کی تعلیم دے۔

(نہج البلاغہ، صبحی صالح، قصار الحکم، ۳۹۹، ص ۵۴۶)

۲۲۔ جو شخص دنیا کے ساتھ سچائی کے ساتھ برتاؤ کرے دنیا اس کیلئے سچائی اور راستی کی جگہ ہے اور جو دنیا سے کچھ سمجھنا چاہے دنیا اس کے لئے دار عافیت ہے اور جو دنیا سے توشہ لینا چاہے دنیا اسکے لئے جائے ثروت ہے (دنیا) انبیاء خدا کی سجدہ گاہ وحی الٰہی کے نزول کی جگہ، فرشتوں کے نماز کی جگہ، اولیائے خدا کی تجارت گاہ ہے انہیں حضرات نے اسی دنیا میں اکتساب رحمت کیا اور نفع میں جنت کمایا، پس کون اس دنیا کی مذمت کرتا ہے؟ حالانکہ اس نے اپنی جدائی کا اعلان کردیا، اپنے فراق کو بتا دیا، اور اپنے مرنے کی اطلاع دیدی! اپنی خوشحالی سے (انکو) خوشحالی کیطرف اور اپنی بلاؤں سے (انکو) بلاؤں کی طرف متوجہ کردیا (یہ دنیا کبھی) ڈراتی ہے، کبھی ہوشیار کرتی ہے، کبھی شوق دلاتی ہے، کبھی خوف دلاتی ہے، اے وہ شخص جو دنیا کی برائی کرتا ہے حالانکہ تو خود دنیا کی فریب کاریوں کا فریفتہ ہے دنیا نے تجھ کو کب دھوکہ دیا؟ کیا اس وقت جب تیرے بزرگوں کو دامن فنا و بوسیدگی کے حوالہ کردیا؟ یا جب تیری ماؤں کو زیر خاک پنہاں کردیا۔؟

(بحار الانوار ج ۷۷، ص ۴۱۸)

۲۳۔ اے لوگو میں تمہارے بارے میں دو چیزوں سے بہت ڈرتا ہوں۔ ۱۔ خواہشوں کی پیروی ۲۔ طولانی آرزو خواہشوں کی پیروی حق سے روک دیتی ہے اور طول آرزو میں آخرت کو فراموش کرادیتیں ہیں۔

(نہج البلاغہ، صبحی صالح، خطبہ ۴۲، ص ۸۳)

۲۴۔ جو اپنے باطن کی اصلاح کرتا ہے خدا اسکے ظاہر کی اصلاح کرتا ہے، جو اپنے دین کے لئے کام کرتا ہے خدا اس کی دنیا کیلئے کفایت کرتا ہے جو اپنے اور اپنے خدا کے درمیان اصلاح کرلیتا ہے خدا اسکے اور لوگوں کے درمیان اصلاح کردیتا ہے۔ (نہج البلاغہ صبحی صالح، قصار الحکم، ۴۲۳، ص ۵۵۱)

۲۵-لا تَجْعَلَنَّ اَكْثَرَ شُغْلِكَ بِاَهْلِكَ وَوَلَدِكَ ، فَاِنْ يَكُنْ اَهْلُكَ وَوَلَدُكَ اَوْلِيَاءَ اللّهِ فَاِنَّ اللّهَ لَايُضَيِّعُ اَوْلِيَاءَهُ. وَاِنْ يَكُونُوا اَعْدَاءَ اللّهِ فَمَا هَمُّكَ وَشُغْلُكَ بِاَعْدَاءِ اللّهِ؟

(نهج البلاغة لصبحي الصالح، قصار الحكم ۳۵۲، ص۵۳٦)

۲٦-قِيمَةُ كُلِّ امْرِءٍ مَا يُحْسِنُ

(بحارالانوار ج ۷۸ ص ۳۷)

۲۷-مَاءُ وَجْهِكَ جَامِدٌ يُقْطِرُهُ السُّؤَالُ فَانْظُرْ عِنْدَ مَنْ تُقْطِرُهُ.

(نهج البلاغة لصبحي الصالح، قصار الحكم ۳٤٦، ص۵۳۵)

۲۸-مَالِابْنِ آدَمَ وَالْفَخْرِ اَوَّلُهُ نُطْفَةٌ وَآخِرُهُ جِيفَةٌ...

(نهج البلاغة لصبحي الصالح، قصار الحكم ٤۵٤، ص ۵۵۵)

۲۹-اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِالْفَقِيهِ حَقَّ الْفَقِيهِ مَنْ لَمْ يُرَخِّصِ النَّاسَ فِي مَعَاصِي اللّهِ وَلَمْ يُقَنِّطْهُمْ مِنْ رَحْمَةِ اللّهِ وَلَمْ يُؤْمِنْهُمْ مِنْ مَكْرِ اللّهِ وَلَمْ يَدَعِ الْقُرْآنَ رَغْبَةً عَنْهُ اِلَى مَا سِوَاهُ، وَلَا خَيْرَ فِي عِبَادَةٍ لَيْسَ فِيهَا تَفَقُّهٌ، وَلَاخَيْرَ فِي عِلْمٍ لَيْسَ فِيهِ تَفَكُّرٌ وَلَا خَيْرَ فِي قِرَائَةٍ لَيْسَ فِيهَا تَدَبُّرٌ

(بحارالانوار ج ۷۸ ص ٤۱)

۳۰-مَازَنَى غَيُورٌ قَطُّ.

(نهج البلاغة لصبحي الصالح، قصار الحكم ۳۰۵، ص ۵۲۹)

۲۵۔ (خبردار) اپنی مشغولیت زیادہ تر اپنے اہل وعیال میں مبذول نہ رکھو کیونکہ تیرے اہل وعیال اگر خدا کے دوست ہیں تو خدا اپنے دوستوں کو ضائع وبرباد نہیں کرتا اور اگر وہ لوگ خدا کے دشمن ہیں تو تمہاری مشغولیت اور تمہاری توجہ دشمنان خدا کی طرف کیوں ہو؟

(نہج البلاغہ، صبحی صالح، قصار الحکم ۳۵۲، ص۵۳٦)

۲٦۔ ہر شخص کی قدر وقیمت ان نیکیوں سے وابستہ ہوتی ہے جسکو وہ انجام دیتا ہے۔

(بحارالانوار، ج ۷۸، ص ۳۷)

۲۷۔ تمہاری آبرو جامد ہے، مگر (لوگوں سے) سوال کرنا اسکو قطرہ قطرہ کرکے بہا دیتا ہے لہ یہ دیکھنا تمہارا کام ہے کہ کس کے سامنے آبرو ریزی کرتے ہو۔

(نہج البلاغہ، صبحی صالح، کلمات قصار، ۳۴٦ ص۵۳۵)

۲۸۔ اس فرزند آدم کو فخر کرنے کا کیا تک ہے جسکی ابتدا نطفہ ہو اور انتہا مردہ ہو...

(نہج البلاغہ، صبحی صالح، کلمات قصار، ۴۵۴ ص۵۵۵)

۲۹۔ کیا میں تم کو کامل فقیہ کی خبر دوں (تو سنو) حقیقی اور کامل فقیہ وہی ہے جو لوگوں کو خدا کی معصیت کی اجازت نہ دے اور نہ انکو خدا کی رحمت سے مایوس کرے اور مکر خدا (ناگہانی و مخفی عذاب الہی) سے بے خوف نہ کرے قرآن سے بے رغبتی کی وجہ سے قرآن کو نہ چھوڑ دے جس عبادت کے اندر فہم وادراک نہ ہو اس میں کوئی خیر نہیں ہے اور جس علم میں غور وفکر نہ ہو اس میں (بھی) کوئی خیر نہیں ہے۔ آیات قرآن کی تلاوت میں بھی کوئی خیر نہیں ہے اگر اس میں تدبر وتفکر نہ ہو۔

(بحار، ج ۷۸، ص ۴۱)

۳۰۔ غیرت مند آدمی کبھی زنا نہیں کرتا۔

(نہج البلاغہ، صبحی صالح، کلمات قصار ۳۰۵ ص ۵۲۹)

۳۱۔ اِنَّ الْمُتَّقِينَ ذَهَبُوا بِعاجِلِ الدُّنيا وَآجِلِ الْآخِرَةِ فَشارَكُوا اَهْلَ الدُّنيا فِي دُنْياهُمْ وَلَمْ يُشارِكْهُمْ اَهْلُ الدُّنيا فِي آخِرَتِهِمْ.

(نهج البلاغة لصبحي الصالح، الكتاب ۲۷، ص ۳۸۳)

۳۲۔ لا يَجِدُ عَبْدٌ طَعْمَ الْإِيمانِ حَتّى يَتْرُكَ الْكِذْبَ هَزْلَهُ وَجِدَّهُ.

(اصول كافى ج ۲ ص ۳٤٠)

۳۳۔ اِنْ جَعَلْتَ دينَكَ تَبَعاً لِدُنْياكَ اَهْلَكْتَ دينَكَ وَدُنْياكَ وَكُنْتَ فِى الْآخِرَةِ مِنَ الْخاسِرينَ.

اِنْ جَعَلْتَ دُنْياكَ تَبَعاً لِدينِكَ اَحْرَزْتَ دينَكَ وَدُنْياكَ وَكُنْتَ فِى الْآخِرَةِ مِنَ الْفائِزينَ.

(غررالحكم، الفصل ۱۰، الحديث ٤٤ — ٤٥)

۳٤۔ مَثَلُ الدُّنيا كَمَثَلِ الْحَيَّةِ، لَيِّنٌ مَسُّها وَالسَّمُّ النّاقِعُ فِي جَوْفِها، يَهْوِى اِلَيْها الْغِرُّ الْجاهِلُ، وَيَحْذَرُها ذُواللُّبِّ الْعاقِلُ.

(نهج البلاغة لصبحي الصالح، قصار الحكم ۱۱۹، ص٤٨٩)

۳۵۔ يا كُمَيْلُ بْنَ زِيادٍ اِنَّ هٰذِهِ الْقُلُوبَ اَوعِيَةٌ فَخَيْرُها اَوْعاها، فَاحْفَظْ عَنّي ما اَقُولُ لَكَ: اَلنّاسُ ثَلاثَةٌ: فَعالِمٌ رَبّانِيٌّ، وَمُتَعَلِّمٌ عَلىٰ سَبيلِ نَجاةٍ، وَهَمَجٌ رَعاعٌ اَتْباعُ كُلِّ ناعِقٍ، يَميلُونَ مَعَ كُلِّ ريحٍ، لَمْ يَسْتَضيئُوا بِنُورِ الْعِلْمِ، وَلَمْ يَلْجَأُوا اِلىٰ رُكْنٍ وَثيقٍ (نهج البلاغة لصبحي الصالح، قصار الحكم ۱٤۷، ص ٤۹٥)

۳۱۔ یقیناً پرہیزگار لوگوں نے جلد گزر جانے والی دنیا اور ہمیشہ باقی رہنے والی آخرت سے فائدہ اٹھالیا۔ اہل دنیا کے ساتھ ان کی دنیا میں شریک رہے حالانکہ اہل دنیا ان کی آخرت میں شریک نہ ہوسکے۔ (نہج البلاغہ، صبحی صالح، مکتوب ۲۷، ص ۳۸۳)

۳۲۔ انسان کو ایمان کا مزہ اس وقت تک نہیں ملتا جب تک وہ جھوٹ ترک نہ کردے حقیقی طور سے بھی اور مزاح کے طور سے بھی۔ (اصول کافی ج ۲، ص ۳۴۰)

۳۳۔ اگر تم نے اپنے دین کو اپنی دنیا کا تابع بنا دیا تو دین و دنیا دونوں کھو بیٹھے اور آخرت میں گھاٹے میں رہو گے اور اگر اپنی دنیا کو دین کا تابع بنایا تو دین و دنیا دونوں حاصل کرلیا اور آخرت میں بھی کامیاب لوگوں میں ہوگے۔ (غررالحکم، فصل ۱۰، حدیث ۴۴ - ۴۵)

۳۴۔ دنیا سانپ جیسی ہے کہ اسکا چھونا تو نرم و ملائم ہے مگر اس کے اندر زہر ہلاہل ہے۔ بے خبر نادان اس کا دلدادہ ہوجاتا ہے مگر ہوشمند عاقل اس سے ڈرتا ہے۔

(نہج البلاغہ، صبحی صالح، کلمات قصار ۱۱۹، ص ۴۸۹)

۳۵۔ اے کمیل ابن زیاد: قلوب بھی ظروف کے مانند ہیں (جیسے) سب سے بہتر ظرف وہ ہے جو سب سے زیادہ حفاظت کرنے والا ہو۔ اسلئے جو کچھ میں تمکو بتاتا ہوں اسکو یاد کرلو۔ لوگوں کی تین قسمیں ہیں۔ ۱۔ علمائے الٰہی ۲۔ طلاب علوم جو نجات کے راستے پر ہیں ۳۔ احمق بے سروپا جو ہر آواز کے پیچھے دوڑ جاتے ہیں اور ہر ہوا کے ساتھ حرکت کرتے ہیں یہ وہ ہیں جو علم کے نور سے کبھی روشن نہیں ہوئے اور کسی مضبوط ستون کی پناہ حاصل نہیں کی۔

(نہج البلاغہ، صبحی صالح، کلمات قصار ۱۴۷، ص ۴۹۵)

۳۶. أوصيكُمْ بِخَمْسٍ، لَوْ ضَرَبْتُمْ إِلَيْهَا آبَاطَ الْإِبِلِ لَكَانَتْ لِذٰلِكَ أَهْلاً: لَا يَرْجُوَنَّ أَحَدٌ مِنْكُمْ إِلاَّ رَبَّهُ، وَلَا يَخَافَنَّ إِلاَّ ذَنْبَهُ، وَلَا يَسْتَحِيَنَّ أَحَدٌ مِنْكُمْ إِذَا سُئِلَ عَمَّا لَا يَعْلَمُ أَنْ يَقُولَ: لَا أَعْلَمُ، وَلَا يَسْتَحِيَنَّ أَحَدٌ إِذَا لَمْ يَعْلَمِ الشَّيْءَ أَنْ يَتَعَلَّمَهُ، وَعَلَيْكُمْ بِالصَّبْرِ، فَإِنَّ الصَّبْرَ مِنَ الْإِيمَانِ كَالرَّأْسِ مِنَ الْجَسَدِ، وَلَا خَيْرَ فِي جَسَدٍ لَا رَأْسَ مَعَهُ، وَلَا فِي إِيمَانٍ لَا صَبْرَ مَعَهُ.

(نهج البلاغة لصبحي الصالح، قصار الحكم ۸۲، ص ۴۸۲)

۳۷. خَالِطُوا النَّاسَ مُخَالَطَةً إِنْ مِتُّمْ مَعَهَا بَكَوْا عَلَيْكُمْ، وَإِنْ عِشْتُمْ حَنُّوا إِلَيْكُمْ.

(نهج البلاغة لصبحي الصالح، قصار الحكم ۱۰، ص ۴۷۰)

۳۸. أَلدَّاعِي بِلَا عَمَلٍ كَالرَّامِي بِلَا وَتَرٍ.

(نهج البلاغة لصبحي الصالح، قصار الحكم ۳۳۷، ص ۵۳۴)

۳۹. بِالْعَمَلِ تَحْصُلُ الْجَنَّةُ لَا بِالْأَمَلِ

(غرر الحكم، الفصل ۱۸، الحديث ۱۱۹)

۴۰. مَا أَكْثَرَ الْعِبَرَ وَأَقَلَّ الْاِعْتِبَارَ.

(نهج البلاغة لصبحي الصالح، قصار الحكم ۲۹۷، ص ۵۲۹)

۳۶۔ میں تمکو پانچ ایسی چیزوں کی وصیت کرتا ہوں کہ اگر ان کیلئے تم کو سفر کرنا پڑے تو سفر کرو۔ ۱۔ تم میں سے کوئی اپنے رب کے علاوہ کسی اور سے کوئی رجاء (امید) نہ رکھے۔

۲۔ تم میں سے کوئی اپنے گناہوں کے علاوہ کسی اور سے نہ ڈرے۔

۳۔ تم میں سے اگر کسی سے کوئی سوال کیا جائے اور وہ نہ جانتا ہو تو "میں نہیں جانتا" کہنے سے ہرگز نہ شرمائے۔

۴۔ تم میں سے کوئی بھی اگر کسی چیز کو نہیں جانتا تو اس کے سیکھنے سے نہ شرمائے۔

۵۔ تمہارے لئے صبر ضروری ہے اسلئے کہ صبر کا ایمان سے وہی رشتہ ہے جو سر کا جسم سے ہے جس جسم کے ساتھ سر نہ ہو اس کا کوئی فائدہ نہیں ہے اسی طرح اس ایمان کا کوئی فائدہ نہیں ہے جسکے ساتھ صبر نہ ہو۔

(نہج البلاغہ صبحی صالح، قصار الحکم ۸۲، ص ۴۸۲)

۳۷۔ لوگوں کے ساتھ اس طرح گھل مل کر رہو کہ اگر مر جاؤ تو تم پر گریہ کریں اور اگر زندہ رہو تو تم سے عشق کی طرح محبت کریں۔

(نہج البلاغہ صبحی صالح، قصار الحکم ۱۰، ص ۴۷۰)

۳۸۔ خود عمل کئے بغیر لوگوں کو عمل کی دعوت دینا ایسا ہی ہے جیسے بغیر چلّہ کے کمان سے تیر چلانا۔

(نہج البلاغہ صبحی صالح، قصار الحکم ۳۳۷، ص ۵۳۴)

۳۹۔ جنت عمل سے حاصل ہوتی ہے امل (امید) سے نہیں حاصل ہوتی۔

(غرر الحکم، فصل ۱۸، حدیث ۱۱۹)

۴۰۔ درس عبرت تو بہت ہیں مگر عبرت حاصل کرنے والے بہت کم ہیں۔

(نہج البلاغہ صبحی صالح، قصار الحکم ۲۹۷، ص ۵۲۹)

معصوم چہارم

امام دوم حضرت امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام

اور آپؑ کے چالیس کلمات

معصوم چہارم امام حسن مجتبیٰؑ

نام: ---- امام حسن (ع)
مشہور القاب: مجتبیٰ، سبط اکبر۔
کنیت: --- ابو محمد۔
پدر: ---- حضرت علیؑ ابن ابی طالبؑ
مادر: ---- حضرت فاطمہؑ بنت رسول خداؐ
زمان تولد: --- ۱۵ رمضان سال سوم ہجرت۔
مکان تولد: --- مدینہ منورہ
تاریخ شہادت: --- ۲۸ صفر
سن شہادت: --- سن پچاس ہجری۔
سبب شہادت: --- زہر۔
قاتل: ---- معاویہؑ کے اشارہ پر جعدہ بنت اشعث نے زہر دیا۔
قبر: ---- جنت البقیع۔ مدینہ منورہ۔
عمر: ---- ۴۷ سال۔
دوران زندگی: --- اسکو تین حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے ۱۔ زمانہ رسولؐ تقریباً ۸ سال ۲۔ ہمراہ حضرت علیؑ (تقریباً ۳۷ سال) ۳۔ عصر امامت (تقریباً دس سال)

اربعون حديثاً
عن الامام الحسن عليه السلام

۱- اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذی مَنْ تَكَلَّمَ سَمِعَ كَلامَهُ، وَمَنْ سَكَتَ عَلِمَ ما فی نَفْسِهِ، وَمَنْ عاشَ فَعَلَيْهِ رِزْقُهُ، وَمَنْ ماتَ فَإِلَيْهِ مَعادُهُ...

(بحارالانوار ج ۷۸ ص ۱۱۲)

۲- يا بُنَیَّ لاتُؤاخِ اَحَداً حَتّی تَعْرِفَ مَوارِدَهُ وَمَصادِرَهُ فَإِذَا اسْتَنْبَطْتَ الْخِبْرَةَ وَرَضيتَ الْعِشْرَةَ فَآخِهِ عَلی إِقالَةِ الْعَثْرَةِ وَالْمُواساةِ فِی الْعُسْرَةِ.

(تحف العقول ص ۲۳۳)

۳- اِنَّ اَبْصَرَ الْاَبْصارِ ما نَفَذَ فِی الْخَيْرِ مَذْهَبُهُ وَاَسْمَعَ الْاَسْماعِ ما وَعَی التَّذْكيرَ وَانْتَفَعَ بِهِ، اَسْلَمُ الْقُلُوبِ ما طَهُرَ مِنَ الشُّبُهاتِ.

(تحف العقول ص ۲۳۵)

۴- قيلَ فَمَا الْجُبْنُ قالَ الْجُرْأَةُ عَلَی الصَّديقِ وَالنُّكُولُ عَنِ الْعَدُوِّ.

(تحف العقول ص ۲۴۵)

امام حسنؑ کی چالیس حدیثیں

۱۔ ساری تعریفیں اس خدا کیلئے ہیں جو بولنے والے کے کلام کو سنتا ہے، خاموش رہنے والے کے دل کی بات کو جانتا ہے، جو زندہ رہتا ہے اس کے رزق کا ذمہ دار ہے اور جو مرجاتا ہے اس کی بازگشت اسی کی طرف ہوتی ہے۔ (بحار ج ۷۸، ص ۱۱۲)

۲۔ اے میرے پیارے بیٹے جب تک کسی کی آمد و رفت (اور اسکے اخلاقی خصوصیات پر) مطلع نہ ہوجاؤ اس سے دوستی نہ کرو، پھر جب باقاعدہ اس کی تحقیق کرلو اور اس کے ساتھ معاشرت کو پسند کرلو تو دوستی کرو (مگر) اس بنیاد پر کہ لغزشوں پر درگزر کرے اور پریشانیوں میں مدد کرے۔ (تحف العقول ص ۲۳۳)

۳۔ سب سے بیناترین وہ آنکھ ہے جو نیکیوں میں نفوذ کرجائے (یعنی نیکیوں کو باقاعدہ دیکھ سکے) اور سب سے زیادہ سننے والا وہ کان ہے جو نصیحتوں کو اپنے اندر جگہ دے اور ان سے فائدہ اٹھائے، اور سب سے سالم وہ دل ہے جو شک و شبہ کی آلودگی سے پاک ہو۔ (تحف العقول ص ۲۳۵)

۴۔ ایک شخص نے امام حسنؑ سے پوچھا بزدلی کیا ہے؟ فرمایا: دوستوں سے بہادری اور دشمنوں سے بھاگنا۔

(تحف العقول ص ۲۴۵)

۵- لا تُعاجِلِ الذَّنْبَ بِالعُقُوبَةِ وَاجْعَلْ بَيْنَهُما لِلاعْتِذارِ طَرِيقاً.

(بحارالانوار ج ۷۸ ص ۱۱۳)

۶- بِالعَقْلِ تُدْرَكُ الدّارانِ جَمِيعاً.

(بحارالانوار ج ۷۸ ص ۱۱۱)

۷- لا فَقْرَ مِثْلُ الجَهْلِ.

(بحارالانوار ج ۷۸ ص ۱۱۱)

۸- عَلِّمِ النّاسَ عِلْمَكَ وَتَعَلَّمْ عِلْمَ غَيْرِكَ فَتَكُونَ قَدْ أَتْقَنْتَ عِلْمَكَ وَعَلِمْتَ ما لَمْ تَعْلَمْ.

بحارالانوار ج ۷۸ ص ۱۱۱

۹- قِيلَ فَما المُرُوَّةُ؟ قالَ حِفْظُ الدِّينِ، وَإِعْزازُ النَّفْسِ وَلِينُ الكَنَفِ، وَتَعَهُّدُ الصَّنِيعَةِ، وَأَداءُ الحُقُوقِ.

(بحارالانوار ج ۷۸ ص ۱۰۲)

۱۰- ما رَأَيْتُ ظالِماً أَشْبَهَ بِمَظْلُومٍ مِنْ حاسِدٍ.

(بحارالانوار ج ۷۸ ص ۱۱۱)

۱۱- رَأْسُ العَقْلِ مُعاشَرَةُ النّاسِ بِالجَمِيلِ.

(بحارالانوار ج ۷۸ ص ۱۱۱)

۱۲- أَلإِخاءُ الوَفاءُ فِي الشِّدَّةِ وَالرَّخاءِ. (بحارالانوار ج ۷۸ ص ۱۱۴)

۱۳- أَلحِرْمانُ تَرْكُ حَظِّكَ وَقَدْ عُرِضَ عَلَيْكَ. (بحارالانوار ج ۷۸ ص ۱۱۵)

۱۴- قِيلَ فَما الكَرَمُ؟ قالَ أَلإِبْتِداءُ بِالعَطِيَّةِ قَبْلَ المَسْأَ

(تحف العقول ص ۲۲۵)

۵۔ خطاکار کی غلطی پر سزا میں جلدی نہ کرو۔ خطا اور اس کی سزا میں عذر کو راستہ قرار دو۔ (بحار ج ۷۸، ص ۱۱۳)

۶۔ دنیا و آخرت (کی سعادت) کو عقل سے سمجھا جا سکتا ہے۔

(بحار ج ۷۸، ص ۱۱۱)

۷۔ جہالت جیسی فقیری نہیں ہے۔ (بحار ج ۷۸، ص ۱۱۱)

۸۔ اپنا علم لوگوں کو سکھاؤ، دوسروں کا علم خود سیکھو اس طرح تم اپنا علم مضبوط کرو گے اور جو نہیں جانتے ہو اس کا علم حاصل کرو گے۔ (بحار ج ۷۸ ص ۱۱۱)

۹۔ ایک شخص نے امام حسنؑ سے پوچھا جوانمردی کیا ہے؟ فرمایا: دین کی حفاظت، نفس کی بزرگی، نرمی کی عادت، ہمیشہ احسان کی عادت، حقوق کی ادائیگی۔

(بحار ج ۷۸، ص ۱۰۲)

۱۰۔ میں نے کسی ایسے ظالم کو نہیں دیکھا جو حسد کرنے والے کی طرح مظلوم کے مشابہ ہو۔

(بحار، ج ۷۸، ص ۱۱۱)

۱۱۔ لوگوں کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنا ہی اصل عقل ہے۔ (بحار، ج ۷۸، ص ۱۱۱)

۱۲۔ برادری کا مطلب سختی اور آسائش میں وفاداری ہے۔ (بحار، ج ۷۸، ص ۱۱۴)

۱۳۔ نا امیدی اور بے بہرہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ آئے ہوئے اقبال کو ٹھکرا دینا۔

(بحار ج ۷۸، ص ۱۱۵)

۱۴۔ کسی شخص نے امام حسنؑ سے پوچھا کرم کا کیا مطلب ہے؟ ارشاد فرمایا: بے مانگے عطا کرنا۔ (تحف العقول ص ۲۲۵)

۱۵۔ بَيْنَ الْحَقِّ وَالْبَاطِلِ أَرْبَعُ أَصَابِعَ، مَارَأَيْتَ بِعَيْنَيْكَ فَهُوَ الْحَقُّ وَقَدْ تَسْمَعُ بِأُذُنَيْكَ بَاطِلاً كَثِيراً.
(تحف العقول ص ۲۲۹)

۱۶۔ لَا تُجَاهِدِ الطَّلَبَ جِهَادَ الْغَالِبِ، وَلَا تَتَّكِلْ عَلَى الْقَدَرِ اتِّكَالَ الْمُسْتَسْلِمِ، فَإِنَّ ابْتِغَاءَ الْفَضْلِ مِنَ السُّنَّةِ، وَالْإِجْمَالَ فِي الطَّلَبِ مِنَ الْعِفَّةِ، وَلَيْسَتِ الْعِفَّةُ بِدَافِعَةٍ رِزْقاً وَلَا الْحِرْصُ بِجَالِبٍ فَضْلاً.
(تحف العقول ص ۲۳۳)

۱۷۔ مَا تَشَاوَرَ قَوْمٌ إِلَّا هُدُوا إِلَى رُشْدِهِمْ.
(تحف العقول ص ۲۳۳)

۱۸۔ و قال ﷺ في وَصْفِ أَخٍ كَانَ لَهُ صَالِحٍ:
كَانَ مِنْ أَعْظَمِ النَّاسِ فِي عَيْنِي وَكَانَ رَأْسُ مَا عَظُمَ بِهِ فِي عَيْنِي صِغَرَ الدُّنْيَا فِي عَيْنِهِ، كَانَ خَارِجاً مِنْ سُلْطَانِ الْجَهَالَةِ فَلَا يَمُدُّ يَداً إِلَّا عَلَى ثِقَةٍ لِمَنْفَعَةٍ، كَانَ لَا يَشْتَكِي، وَلَا يَتَسَخَّطُ، وَلَا يَتَبَرَّمُ، كَانَ أَكْثَرَ دَهْرِهِ صَامِتاً فَإِذَا قَالَ بَذَّ الْقَائِلِينَ، كَانَ ضَعِيفاً مُسْتَضْعَفاً فَإِذَا جَاءَ الْجِدُّ فَهُوَ اللَّيْثُ عَادِياً، كَانَ إِذَا جَامَعَ الْعُلَمَاءَ عَلَى أَنْ يَسْتَمِعَ أَحْرَصَ مِنْهُ عَلَى أَنْ يَقُولَ كَانَ إِذَا غُلِبَ عَلَى الْكَلَامِ لَمْ يُغْلَبْ عَلَى السُّكُوتِ كَانَ لَا يَقُولُ مَا لَا يَفْعَلُ وَيَفْعَلُ مَا لَا يَقُولُ. كَانَ إِذَا عَرَضَ لَهُ أَمْرَانِ لَا يَدْرِي أَيُّهُمَا أَقْرَبُ إِلَى رَبِّهِ نَظَرَ أَقْرَبَهُمَا مِنْ هَوَاهُ فَخَالَفَهُ، كَانَ لَا يَلُومُ أَحَداً عَلَى مَا قَدْ يَقَعُ الْعُذْرُ فِي مِثْلِهِ.
(تحف العقول ص ۲۳۴)

۱۵۔ حق اور باطل میں چار انگل کا فاصلہ ہے، جو اپنی آنکھوں سے دیکھو وہ حق ہے اور کانوں سے تو بہت سی غلط باتیں بھی سنا کرتے ہو۔ (تحف العقول ص ۲۲۹)

۱۶۔ جہاد میں کامیابی تلاش کرنے والے کی طرح طلب دنیا کیلئے کوشش نہ کرو اور نہ سر تسلیم خم کرنے والوں کی طرح اپنے مقدر پر تکیہ کرکے بیٹھ جاؤ، (یعنی نہ بہت لالچ کرو اور نہ سستی برتو) اس لئے کہ تحصیل فضل (حلال روزی) سنت ہے اور لالچ نہ کرنا عفت ہے۔ نہ عفت سے روزی کم ہوتی ہے اور نہ لالچ سے بڑھتی ہے (اس لئے اعتدال پر عمل کرنا چاہیئے)
(تحف العقول ص ۲۳۳)

۱۷۔ جس قوم نے مشورہ سے کام لیا وہ راہ ہدایت پا گئی۔ (تحف العقول ص ۲۳۳)

۱۸۔ حضرت امام حسنؑ نے اپنے ایک صالح رفیق کا اس طرح تعارف کرایا:
میری نظر میں وہ سب سے بڑا تھا جس صفت کی بنا پر وہ میری نظروں میں عظیم تھا وہ یہ تھی کہ دنیا اس کی نظر میں حقیر تھی وہ جہالت کے قبضہ سے باہر تھا۔ نفع کیلئے سوائے بھروسہ والے آدمی کے کبھی کسی کی طرف ہاتھ نہیں پھیلاتا تھا وہ شکوہ (و شکایت) نہیں کرتا تھا، غصہ نہیں کرتا تھا، بدمزاجی نہیں کرتا تھا، زیادہ تر خاموش رہتا تھا اور جب لب کشائی کرتا تھا تو سرآمد متکلمین ہوتا تھا، وہ کمزور و ناتوان تھا لیکن جب ضرورت ہوتی تھی (مثلاً جہاد) تو شیر ژیان تھا، علماء کی مجلس میں کہنے سے زیادہ سننے سے دلچسپی رکھتا تھا، اگر کوئی اس پر گفتگو میں غالب آ جائے تو آ جائے مگر خاموشی میں کوئی اس پر غالب نہیں آسکتا تھا۔ وہ جو کرتا نہیں تھا اس کو کبھی نہیں کہتا تھا (مگر) وہ کرتا تھا جو نہیں کہتا تھا۔ اگر اس کے سامنے دو ایسے امر پیش آئیں جنکے بارے میں اسکو معلوم نہ ہو کہ مرضی خدا سے قریب کون ہے؟ تو وہ یہ دیکھتا تھا کہ اس کی مرضی کے مطابق کون سا ہے بس اسی کو چھوڑ دیتا تھا۔ جن کاموں میں عذر کی گنجائش ہوتی تھی ان (کے ترک) پر کسی کی ملامت نہیں کیا کرتا تھا۔
(تحف العقول ص ۲۳۴)

۱۹-عَنْ جُنادَةَ ابْنِ اَبی اُمیَّة قالَ دَخَلْتُ عَلیَ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ بْنِ اَبي طالِب عَلَيْهِ السَّلامُ فی مَرَضِهِ الَّذي تُوُفّي فيهِ... فَقُلْتُ يا مَوْلای مالَكَ لا تُعالِجُ نَفْسَكَ؟ فَقالَ يا عَبْدَاللّهِ بِماذا اُعالِجُ المَوْتَ؟ قُلْتُ اِنّا لِلّهِ وَاِنّا اِلَيْهِ راجِعُونَ، ثُمَّ الْتَفَتَ اِلَيَّ فَقالَ: وَاللّهِ لَقَدْ عَهِدَ اِلَيْنا رَسُولُ اللّهِ صَلَّى اللّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ اَنَّ هَذَا الأَمْرَ يَمْلِكُهُ اِثْنا عَشَرَ اِماماً مِنْ وُلْدِ عَلِيٍّ وَفاطِمَةَ، مامِنّا اِلّا مَسْمُومٌ اَوْ مَقْتُولٌ،... وَبَكىٰ صلوات الله عليه واله قالَ فَقُلْتُ لَهُ عِظْني يا اَبْنَ رَسُولِ اللّهِ، قالَ: نَعَمْ اِسْتَعِدَّ لِسَفَرِكَ وَحَصِّلْ زادَكَ قَبْلَ حُلُولِ اَجَلِكَ وَاعْلَمْ اَنَّكَ تَطْلُبُ الدُّنْيا وَالْمَوْتُ يَطْلُبُكَ، وَلا تَحْمِلْ هَمَّ يَوْمِكَ الَّذی لَمْ يَاْتِ عَلىٰ يَوْمِكَ الَّذي اَنْتَ فيهِ، وَاعْلَمْ اَنَّكَ لا تَكْسِبُ مِنَ الْمالِ شَيْئاً فَوْقَ قُوتِكَ اِلّا كُنْتَ فيهِ خازِناً لِغَيْرِكَ ، وَاعْلَمْ اَنَّ في حَلالِها حِسابٌ، وَفي حَرامِها عِقابٌ، وفِي الشُّبُهاتِ عِتابٌ، فَاَنْزِلِ الدُّنْيا بِمَنْزِلَةِ الْمِيتَةِ، خُذْمِنْها ما يَكْفيكَ فاِنْ كانَ ذٰلِكَ حَلالاً كُنْتَ قَدْ زَهِدْتَ فيها، وَاِنْ كانَ حَراماً لَمْ يَكُنْ فيهِ وِزْرٌ، فَاَخَذْتَ كَما اَخَذْتَ مِنَ الْمِيتَةِ، وَاِنْ كانَ الْعِتابُ فاِنَّ العِتابَ يَسيرٌ. وَاعْمَلْ لِدُنْياكَ كَاَنَّكَ تَعيشُ اَبَداً، وَاعْمَلْ لِآخِرَتِكَ كَاَنَّكَ تَمُوتُ غَداً، وَاِذا اَرَدْتَ عِزّاً بِلاعَشيرَةٍ وَهَيْبَةً بِلا سُلْطانٍ، فَاخْرُجْ مِنْ ذُلِّ مَعْصِيَةِ اللّهِ اِلىٰ عِزِّ طاعَةِ اللّهِ عَزَّوَجَلَّ.

(بحارالانوار ج ٤٤ ص ۱۳۸- ۱۳۹)

۲۰-مَنْ اَحَبَّ الدُّنْيا ذَهَبَ خَوْفُ الْآخِرَةِ عَنْ قَلْبِهِ...

(لئالی الاخبار ج ۱ ص ۵۱)

۱۹۔ جنادۃ بن امیۃ کہتے ہیں: جس بیماری میں امام حسنؑ کا انتقال ہوا ہے میں انکی عیادت کیلئے گیا...... میں نے کہا: آقا آپ اپنا علاج کیوں نہیں کرتے؟ فرمایا: عبداللہ! موت کا علاج کس سے کروں؟ میں نے کہا: انا للہ وانا الیہ راجعون۔ اسکے بعد حضرت میری طرف متوجہ ہوکر بولے: خدا کی قسم رسول خداؐ نے ہم سے عہد لیا تھا کہ اس امر (امامت) کے مالک علیؑ و فاطمہؑ کی اولاد سے ۱۲ امام ہوں گے اور سب ہی کو یا زہر دیا جائیگا یا قتل کیا جائیگا یہ فرما کر حضرت رونے لگے۔ راوی کہتا ہے: میں نے عرض کیا: فرزند رسولؐ مجھے کچھ نصیحت و موعظہ فرمائیے! فرمایا: ہاں (سنو) سفر آخرت کیلئے آمادہ رہو، اپنی زندگی ختم ہونے سے پہلے اس سفر کیلئے زاد و توشہ فراہم کر لو۔ اور یہ جان لو کہ تم دنیا کی تلاش میں ہو اور موت تمہاری تلاش میں ہے غم فردا جو ابھی نہیں آیا اس آج پر بار نہ کرو جس میں تم ہو۔ اور اگر تم نے اپنی قوت سے زیادہ مال جمع کیا تو دوسرے کے خزانہ دار ہو گے یاد رکھو دنیا کی حلال چیزوں میں حساب ہے اور حرام چیزوں میں عقاب ہے اور شبہات میں عتاب ہے، دنیا کو ایک مردار فرض کرو جس میں سے صرف اپنی ضرورت بھر کی چیز لو اب اگر وہ حلال ہے تو تم نے اس میں زہد سے کام لیا اور اگر حرام ہے تو تمہارے اوپر گناہ نہ ہوا کیونکہ تم نے اس سے اسی طرح لیا ہے جس طرح مردار سے لیا جاسکتا ہے اور اگر عتاب ہے بھی تو معمولی سا ہوگا۔ اپنی دنیا کیلئے اس طرح کوشش کرو جیسے تم کو ہمیشہ یہاں رہنا ہے اور آخرت کیلئے ایسی سعی کرو جیسے تم کو کل مرجانا ہے۔ اگر تم کسی قبیلہ کے بغیر عزت کسی حکومت کے بغیر ہیبت چاہتے ہو تو خدا کی معصیت کی ذلت سے نکل کر خدا کی اطاعت کی عزت میں داخل ہو جاؤ۔

" بحارالانوار ج ۴۴، ص ۱۳۸ - ۱۳۹ "

۲۰۔ جو شخص دنیا کو بہت محبوب رکھتا ہے اس کے دل سے آخرت کا خوف چلا جاتا ہے۔

" لئالی الاخبار، ج ۱، ص ۵۱ "

۲۱-اَلسَّفِيهُ: اَلْاَحْمَقُ فِي مالِهِ، اَلْمُتَهاوِنُ فِي عِرْضِهِ يُشْتَمُ فَلايُجِيبُ.

(بحارالانوار ج ۷۸ ص۱۱۵)

۲۲-اَلْمَعْرُوفُ مالَمْ يَتَقَدَّمْهُ مَطْلٌ وَلايَتْبَعْهُ مَنٌّ.

(بحارالانوار ج ۷۸ ص ۱۱۳)

۲۳-اَلْعارُ أَهوَنُ مِنَ النّارِ.

(تحف العقول ص ۲۳٤)

۲٤-فَاِنَّ الْمُؤْمِنَ يَتَزَوَّدُ وَالْكافِرَ يَتَمَتَّعُ.

(بحارالانوار ج ۷۸ ص ۱۱۲)

۲۵-اَلسَّفَهُ اتباعُ الدُّناةِ وَمُصاحَبَةُ الْغُواةِ.

(بحارالانوار ج ۷۸ ص ۱۱۵

۲٦-بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الْمَوْعِظَةِ حِجابُ الْعِزَّةِ.

(بحارالانوار ج ۷۸ ص ۱۰۹)

۲۷-هَلاكُ النّاسِ فِي ثَلاثٍ: اَلْكِبْرُ وَالْحِرْصُ وَالْحَسَدُ.

(بحارالانوار ج ۷۸ ص ۱۱۱)

۲۸- اَلْكِبْرُ هَلاكُ الدّينِ وَبِهِ لُعِنَ اِبْلِيسُ، وَالْحِرْصُ عَدُوُّ النَّفْسِ وَبِهِ اُخْرِجَ آدَمُ مِنَ الْجَنَّةِ، وَالْحَسَدُ رائِدُ السُّوءِ وَمِنْهُ قَتَلَ قابِيلُ هابِيلَ.

(بحارالانوار ج ۷۸ ص ۱۱۱)

سفیہ وہ شخص ہے جو مال کو بیہودہ کاموں میں خرچ کرے، آبرو کے بارے میں سستی سے ہے، اسکو برا بھلا کہا جائے تو جواب نہ دے۔

(بحار، ج ۷۸، ص ۱۱۵)

نیکی کا مطلب یہ ہے کہ اس سے پہلے ٹال مٹول نہ ہو اور اسکے آخر میں احسان نہ جتایا جائے

(بحار، ج ۷۸، ص ۱۱۳)

ننگ و عار دوزخ سے بہتر ہے۔

(تحف العقول، ص ۲۳۴)

مومن (دنیا سے) زاد راہ لیتا ہے اور کافر اس سے فائدہ حاصل کرتا ہے (گویا وہیں رہنا چاہتا ہے)۔

(بحار، ج ۷۸، ص ۱۱۲)

سفاہت کا مطلب کمینے لوگوں کی پیروی اور گمراہوں کی ہم نشینی ہے۔

"بحار، ج ۷۸، ص ۱۱۵"

تمہارے اور موعظہ کے درمیان غرور و تکبر کا پردہ ہے (جو اسکے قبول کرنے سے روکتا ہے)۔

"بحار، ج ۷۸، ص ۱۰۹"

لوگوں کو ہلاک کرنے والی چیزیں تین ہیں ۱۔ تکبر ۲۔ حرص ۳۔ حسد۔

"بحار، ج ۷۸، ص ۱۱۱"

تکبر سے دین برباد ہو جاتا ہے اور اسی تکبر کی وجہ سے ابلیس خدا کی لعنت کا مستحق ہوا حرص نفس کا دشمن ہے اسی کی وجہ سے آدم کو جنت سے نکلنا پڑا، حسد برائیوں کا رہنما ہے اسی کی وجہ سے قابیل نے جناب ہابیل کو قتل کیا۔

"بحار، ج ۷۸، ص ۱۱۱"

۲۹- عَلَيْكُمْ بِالْفِكْرِ فَإِنَّهُ حَياةُ قَلْبِ الْبَصيرِ.

(بحار ج۷۸ ص ۱۱۵)

۳۰- لا أَدَبَ لِمَنْ لا عَقْلَ لَهُ، وَلا مُرُوَّةَ لِمَنْ لا هِمَّةَ لَهُ، وَلا حَياءَ لِمَنْ لا دِينَ لَهُ.

(كشف الغمّة «طبع بيروت» ج ۲ ص ۱۹۷)

۳۱- خَيْرُ الْغِنىٰ اَلْقُنُوعُ وَشَرُّ الْفَقْرِ اَلْخُضُوعُ.

(بحارالانوار ج ۷۸ ص ۱۱۳)

۳۲- اَلمِزاحُ يَأْكُلُ الْهَيْبَةَ، وَقَدْ أَكْثَرَ مِنَ الْهَيْبَةِ الصّامِتُ.

(بحارالانوار ج ۷۸ ص ۱۱۳)

۳۳- اَلْفُرْصَةُ سَريعَةُ الْفَوْتِ بَطيئَةُ الْعَوْدِ.

(بحار ج۷۸ ص ۱۱۳)

۳۴- اَلْقَريبُ مَنْ قَرَّبَتْهُ الْمَوَدَّةُ وَإِنْ بَعُدَ نَسَبُهُ.

(تحف العقول ۲۳۴)

۳۵- اَللُّؤْمُ أَنْ لا تَشْكُرَ النِّعْمَةَ.

(تحف العقول ص ۲۳۳)

۳۶- صاحِبِ النّاسَ مِثْلَ ما تُحِبُّ أَنْ يُصاحِبُوكَ بِهِ.

(بحارالانوار ج۷۸ ص ۱۱۶)

۲۹۔ تمہارے لئے غور و فکر ضروری ہے اس لئے کہ تفکر قلب بصیر کی زندگی ہے۔

(بحارالانوار ج ۷۸، ص ۱۱۵)

۳۰۔ وہ بے ادب ہے جسکے پاس عقل نہ ہو، وہ بے مروت ہے جس کے پاس ہمت نہ ہو، وہ بے حیا ہے جسکے پاس دین نہ ہو۔ کشف الغمہ طبع بیروت ج ۲ ص ۱۹۷

۳۱۔ بہترین مالداری قناعت ہے اور بدترین فقیری (دولتمندوں کے سامنے) سر جھکانا ہے۔ بحار، ج ۷۸، ص ۱۱۳"

۳۲۔ مزاح ہیبت کو ختم کر دیتا ہے اور خاموش انسان کی ہیبت زیادہ ہوتی ہے۔

بحار ج ۷۸، ص ۱۱۳"

۳۳۔ فرصت بہت جلد ختم ہوتی ہے اور بہت دیر میں پلٹ کر آتی ہے۔

بحار، ج ۷۸، ص ۱۱۳"

۳۴۔ نعمت کا شکریہ نہ ادا کرنا ملامت ہے۔

"تحف العقول ص ۲۳۳"

۳۵۔ تم جس طرح چاہتے ہو کہ لوگ تم سے مصاحبت کریں اسی طرح تم بھی لوگوں کے ساتھ مصاحبت کرو۔ بحار، ج ۷۸، ص ۱۱۶"

۳۶۔ قریب وہ ہے جس کو دوستی نزدیک کرے چاہے رشتہ کے اعتبار سے وہ دور ہو۔ تحف العقول ص ۲۳۴"

۳۷-مَنْ أدامَ الإختِلافَ إلَى المَسْجِدِ أصابَ إحدىٰ ثَمانٍ: آيةً مُحْكَمَةً وَآخًا مُسْتَفادًا وَعِلْماً مُسْتَطْرَفًا وَرَحْمَةً مُنْتَظِرَةً وَكَلِمَةً تَدُلُّهُ عَلَى الْهُدىٰ أوْتَرُدُّهُ عَن رَدىً وَتَرْكَ الذُّنُوبِ حَياءً أوْخَشْيَةً. (تحف العقول ص ۲۳۵)

۳۸-عَجِبْتُ لِمَنْ يَتَفَكَّرُ فِي مَا كُولِهِ كَيْفَ لايَتَفَكَّرُ فِي مَعْقُولِهِ فَيُجَنِّبُ بَطْنَهُ مايُؤْذِيهِ، وَيُودِعُ صَدْرَهُ ما يُرْدِيهِ. (سفينة البحارج ۲ ص ۸٤)

۳۹-إذا أضَرَّتِ النَّوافِلُ بِالْفَرِيضَةِ فَارْفُضُوها.

(بحارالانوارج ۷۸ ص ۱۰۹)

۴۰-وَاعْلَمُوا أنَّهُ مَنْ يَتَّقِ اللّهَ يَجْعَلْ لَهُ مَخْرَجاً مِنَ الْفِتَنِ وَيُسَدِّدْهُ فِي أمْرِهِ وَيُهَيِّئْ لَهُ رُشْدَهُ وَيُفْلِجْهُ بِحُجَّتِهِ وَيُبَيِّضْ وَجْهَهُ وَيُعْطِهِ رَغْبَتَهُ مَعَ الَّذِينَ أنْعَمَ اللّهُ عَلَيْهِمْ مِنَ النَّبِيِّينَ وَالصِّدِّيقِينَ وَالشُّهَداءِ وَالصّالِحِينَ...

(تحف العقول ص ۲۳۲)

۳۷۔ جو ہمیشہ مسجد میں آمد ورفت رکھے گا اس کو درج ذیل آٹھ فائدوں میں سے کوئی نہ کوئی فائدہ حاصل ہوگا۔ ۱۔ قرآن کی کسی محکم آیت سے فائدہ۔ ۲۔ فائدہ مند دوست ۳۔ نئی بات ۴۔ رحمت جو اسکے انتظار میں ہوگی۔ ۵۔ ایسی بات جس سے اس کو ہدایت ملے ۶۔ ایسا کلمہ جس سے ہلاکت سے بچ جائے ۷۔ ترک گناہ از روئے شرم۔ ۸۔ ترک گناہ از روئے خوف الٰہی۔

"تحف العقول ص ۲۳۵"

۳۸۔ مجھے اس شخص پر تعجب ہے جو اپنے غذائی اشیاء میں تو غور و فکر کرتا ہے کہ اچھی اور صحت بخش غذا کھائے لیکن معقولی چیزوں میں کیوں غور و فکر نہیں کرتا کہ نقصان دہ غذاؤں سے تو اپنے پیٹ کو محفوظ رکھتا ہے مگر اس کا سینہ پست چیزوں کا مرکز ہے۔

(سفینۃ البحار ج ۲ ص ۸۴)

۳۹۔ اگر نوافل سے فریضہ کو نقصان پہونچتا ہو تو نوافل کو چھوڑ دو۔

"بحار، ج ۷۸، ص ۱۰۹"

۴۰۔ جو شخص تقویٰ الٰہی کو پیشہ بنائے خداوندعالم اس کے لئے فتنوں سے نجات کا راستہ پیدا کر دیتا ہے اور اس کے امر کی اصلاح کر دیتا ہے اس کی ہدایت کا انتظام کر دیتا ہے اس کی دلیلوں کو کامیابی عطا کرتا ہے، اس کے چہرے کو نورانی کر دیتا ہے، اس کی خواہشات کو پوری کر دیتا ہے اور وہ ان لوگوں کے ساتھ ہوتا ہے جن پر خدا نے اپنی نعمتوں کو نازل فرماتا ہے۔ جیسے۔ انبیاء، صدیقین، شہداء، صالحین،

"تحف العقول ص ۲۳۲"

امام سوم، حضرت امام حسین (ع)

سید الشہداء

آپؑ کی چالیس حدیثیں

امام حسین (ع)

نام:۔ ۔ ۔ ۔ حسین ۔۔ (علیہ السلام)

مشہور لقب:۔ ۔ سید الشہداء

کنیت:۔ ۔ ۔ ابو عبداللہ

باپ:۔ ۔ ۔ حضرت علیؑ ابن ابی طالبؑ

ماں:۔ ۔ ۔ حضرت فاطمہؑ بنت رسولؐ

تاریخ ولادت:۔ ۔ سوم شعبان۔

سن ولادت:۔ ۔ سن چار ہجری

جائے ولادت:۔ مدینہ منورہ

تاریخ شہادت:۔ دسویں محرم (روز عاشورہ)

سن شہادت:۔ ۔ سن ۶۱ ہجری، قمری

محل شہادت:۔ ۔ کربلائے معلیٰ۔

عمر:۔ ۔ ۔ ۔ ۵۷ سال۔

مرقد شریف:۔ ۔ کربلا

دوران زندگی:۔ ۔ اس کو چار حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے

پہلا حصہ:۔ ۔ ۔ عصر رسول خداؐ تقریباً چھ سال

دوسرا حصہ:۔ ۔ ۔ عصر حضرت علیؑ تقریباً ۳۰ سال۔

تیسرا حصہ:۔ ۔ ۔ عصر امام حسنؑ۔ تقریباً دس سال۔

چوتھا حصہ:۔ ۔ مدت امامت تقریباً دس سال۔

اربعون حديثاً

عن الامام الحسين عليه السلام

١- كَيْفَ يُسْتَدَلُّ عَلَيْكَ بِمَا هُوَ فِي وُجُودِهِ مُفْتَقِرٌ إِلَيْكَ؟ أَيَكُونُ لِغَيْرِكَ مِنَ الظُّهُورِ مَا لَيْسَ لَكَ حَتَّى يَكُونَ هُوَ الْمُظْهِرُ لَكَ؟ مَتَى غِبْتَ حَتَّى تَحْتَاجَ إِلَى دَلِيلٍ يَدُلُّ عَلَيْكَ؟ وَمَتَى بَعُدْتَ حَتَّى تَكُونَ الآثَارُ هِيَ الَّتِي تُوصِلُ إِلَيْكَ؟ عَمِيَتْ عَيْنٌ لاَ تَرَاكَ عَلَيْهَا رَقِيباً..

(دعاء عرفه، بحارالانوار ج٩٨ ص ٢٢٦)

٢- مَاذَا وَجَدَ مَنْ فَقَدَكَ ؟ وما الذي فَقَدَ مَنْ وَجَدَكَ ؟ لَقَدْ خَابَ مَنْ رَضِيَ دُونَكَ بَدَلاً.

(دعاء عرفه، بحارالانوار ج٩٨ ص٢٢٨)

٣- لاَ أَفْلَحَ قَوْمٌ اشْتَرَوْا مَرْضَاةَ الْمَخْلُوقِ بِسَخَطِ الْخَالِقِ.

(مقتل خوارزمی ج١ ص ٢٣٩)

٤- لاَ يَأْمَنُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِلاَّ مَنْ خَافَ اللّٰهَ فِي الدُّنْيَا.

(بحارالانوار ج ٤٤ ص ١٩٢)

امام حسینؑ کی چالیس حدیثیں

۱۔ (معبود) جو چیزیں اپنے وجود میں تیری محتاج ہیں ان سے تیرے لئے کیونکر استدلال کیا جاسکتا ہے؟ کیا کسی کے لئے اتنا ظہور ہے جو تیرے لئے ہے؟ تاکہ وہ تیرے اظہار کا ذریعہ بن سکے۔ (بھلا) تو غائب ہی کب تھا کہ تیرے لئے کسی ایسی دلیل کی ضرورت پڑے جو تیرے اوپر دلالت کرے؟ اور تو کب دور تھا تاکہ آثار کے ذریعہ تجھ تک پہونچا جاسکے؟ اندھی ہوجائیں وہ آنکھیں جو تجھے نہ دیکھ سکیں حالانکہ تو ہمیشہ ان کا ہم نشین تھا۔

"دعائے عرفہ، بحار ج ۹۸ ص ۲۲۶"

۲۔ جس نے تجھے کھو دیا اسکو کیا ملا؟ اور جسنے تجھ کو پالیا کونسی چیز ہے جسکو اس نے نہیں حاصل کیا؟ جو بھی تیرے بدلے میں جس پر بھی راضی ہوا، وہ تمام چیزوں سے محروم ہوگیا۔

"دعائے عرفہ، بحار، ج ۹۸ ص ۲۲۸"

۳۔ اس قوم کو کبھی بھی فلاح حاصل نہیں ہوسکتی جس نے خدا کو ناراض کر کے مخلوق کی مرضی خریدلی۔

"مقتل خوارزمی، ج ۱ ص ۲۳۹"

!

۴۔ قیامت کے دن اسی کو امن و امان حاصل ہوگا جو دنیا میں خدا سے ڈرتا رہا ہو۔

"بحار، ج ۴۴، ص ۱۹۲"

۵- فَبَدَأَ اللّٰهُ بِالْأَمْرِ بِالْمَعْرُوفِ وَالنَّهْيِ عَنِ الْمُنْكَرِ فَرِيضَةً مِنْهُ، لِعِلْمِهِ بِأَنَّهَا إِذَا أُدِّيَتْ وَأُقِيمَتْ اسْتَقَامَتِ الْفَرَائِضُ كُلُّهَا هَيِّنُهَا وَصَعْبُهَا، وَذٰلِكَ أَنَّ الْأَمْرَ بِالْمَعْرُوفِ وَالنَّهْيَ عَنِ الْمُنْكَرِ دُعَاءٌ إِلَى الْإِسْلَامِ مَعَ رَدِّ الْمَظَالِمِ وَمُخَالَفَةِ الظَّالِمِ...

(تحف العقول ص ۲۳۷)

۶- أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ مَنْ رَأَى سُلْطَاناً جَائِراً مُسْتَحِلاً لِحَرَامِ اللّٰهِ نَاكِثاً عَهْدَهُ مُخَالِفاً لِسُنَّةِ رَسُولِ اللّٰهِ يَعْمَلُ فِي عِبَادِ اللّٰهِ بِالْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ فَلَمْ يُغَيِّرْ عَلَيْهِ بِفِعْلٍ وَلَا قَوْلٍ كَانَ حَقّاً عَلَى اللّٰهِ أَنْ يُدْخِلَهُ مَدْخَلَهُ.

(مقتل خوارزمی ج ۱ ص ۲۳۴)

۷- إِنَّ النَّاسَ عَبِيدُ الدُّنْيَا، وَالدِّينُ لَعِقٌ عَلَى أَلْسِنَتِهِمْ، يَحُوطُونَهُ مَا دَرَّتْ مَعَايِشُهُمْ فَإِذَا مُحِّصُوا بِالْبَلَاءِ قَلَّ الدَّيَّانُونَ.

(تحف العقول ص ۲۴۵)

۸- مَنْ حَاوَلَ أَمْراً بِمَعْصِيَةِ اللّٰهِ كَانَ أَفْوَتَ لِمَا يَرْجُو وَأَسْرَعَ لِمَا يَحْذَرُ.

(تحف العقول ص ۲۴۸)

۹- أَلَا تَرَوْنَ أَنَّ الْحَقَّ لَا يُعْمَلُ بِهِ، وَأَنَّ الْبَاطِلَ لَا يُتَنَاهَى عَنْهُ لِيَرْغَبَ الْمُؤْمِنُ فِي لِقَاءِ اللّٰهِ مُحِقّاً.

(تحف العقول ص ۲۴۵)

۱۰- فَإِنِّي لَا أَرَى الْمَوْتَ إِلَّا سَعَادَةً وَلَا الْحَيَاةَ مَعَ الظَّالِمِينَ إِلَّا بَرَماً.

(تحف العقول ص ۲۴۵)

۵۔ خداوند عالم نے امر بہ معروف و نہی از منکر کو اپنے ایک واجب کی حیثیت سے پہلے ذکر کیا کیونکہ وہ جانتا ہے کہ اگر یہ دونوں فریضے (امر بمعروف و نہی از منکر) ادا کئے گئے اور قائم ہو گئے تو سارے فرائض خواہ سخت ہوں یا نرم، قائم ہو جائیں گے کیونکہ یہ دونوں انسانوں کو اسلام کی طرف دعوت دینے والے ہیں اور صاحبان حقوق کے حقوق انکی طرف پلٹانے والے ہیں اور ظالموں کو مخالفت پر آمادہ کرنے والے ہیں۔ "تحف العقول ص ۲۳۷"

۶۔ لوگو! رسول خداؐ کا ارشاد ہے: جو دیکھے کسی ظالم بادشاہ کو کہ اس نے حرام خدا کو حلال کر دیا ہے پیمان الٰہی کو توڑ دیا ہے سنت رسولؐ کی مخالفت کرتا ہے، بندگان خدا کے درمیان ظلم و گناہ کرتا ہے اور پھر بھی عمل سے اور نہ قول سے اس کی مخالفت کرتا ہے تو خدا پر واجب ہے کہ اس ظالم بادشاہ کے عذاب کی جگہ اس کو ڈال دے۔ (مقتل خوارزمی، ج ۱، ص ۲۳۴)

۷۔ لوگ دنیا کے غلام ہیں، اور دین ان کی زبانوں کیلئے ایک چٹنی ہے، جب تک (دین کے نام پر) معاش کا دارومدار ہے دین کا نام لیتے ہیں لیکن جب مصیبتوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں تو دینداروں کی تعداد بہت کم ہو جاتی ہے۔ "تحف العقول ص ۲۴۵"

۸۔ جو شخص خدا کی نافرمانی کر کے اپنا مقصد حاصل کرنا چاہتا ہے، اس کے حصول مقصد کا راستہ بند ہو جاتا ہے اور بہت جلد خطرات میں گھر سکتا ہے۔ "تحف العقول ص ۲۴۸"

۹۔ کیا تم نہیں دیکھ رہے ہو کہ حق پر عمل نہیں ہو رہا ہے، اور باطل سے دوری نہیں اختیار کی جا رہی ہے۔ ایسی صورت میں مومن کو حق ہے کہ لقائے الٰہی کی رغبت کرے۔

"تحف العقول ص ۲۴۵"

۱۰۔ میں موت کو سعادت اور ظالموں کے ساتھ زندگی کو اذیت سمجھتا ہوں۔

"تحف العقول ص ۲۴۵"

۱۱- وَأَنْتُمْ أَعْظَمُ النّاسِ مُصيبَةً لِما غُلِبْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ مَنازِلِ الْعُلَماءِ لَوْ كُنْتُمْ تَشْعُرُونَ ذٰلِكَ بِأَنَّ مَجارِيَ الْأُمُورِ وَالْأَحْكامِ عَلىٰ أَيْدِي الْعُلَماءِ بِاللّهِ الْأُمَناءِ عَلىٰ حَلالِهِ وَحَرامِهِ فَأَنْتُمُ الْمَسْلُوبُونَ تِلْكَ الْمَنْزِلَةَ وَما سُلِبْتُمْ ذٰلِكَ إِلّا بِتَفَرُّقِكُمْ عَنِ الْحَقِّ وَاخْتِلافِكُمْ فِي السُّنَّةِ بَعْدَ الْبَيِّنَةِ الْواضِحَةِ، وَلَوْ صَبَرْتُمْ عَلَى الْأَذىٰ وَتَحَمَّلْتُمُ الْمَؤُونَةَ فِي ذاتِ اللّهِ، كانَتْ أُمُورُ اللّهِ عَلَيْكُمْ تَرِدُ، وَعَنْكُمْ تَصْدُرُ، وَإِلَيْكُمْ تَرْجِعُ، وَلٰكِنَّكُمْ مَكَّنْتُمُ الظَّلَمَةَ مِنْ مَنْزِلَتِكُمْ، وَأَسْلَمْتُمْ أُمُورَ اللّهِ فِي أَيْديهِمْ يَعْمَلُونَ بِالشُّبُهاتِ، وَيَسِيرُونَ فِي الشَّهَواتِ، سَلَّطَهُمْ عَلىٰ ذٰلِكَ فِرارُكُمْ مِنَ الْمَوْتِ، وَإِعْجابُكُمْ بِالْحَياةِ الَّتِي هِيَ مُفارِقَتُكُمْ..

(تحف العقول ص۲۳۸)

۱۲- اَللّهُمَّ إِنَّكَ تَعْلَمُ أَنَّهُ لَمْ يَكُنْ ما كانَ مِنّا تَنافُساً فِي سُلْطانٍ، وَلَا الْتِماساً مِنْ فُضُولِ الْحُطامِ، وَلٰكِنْ لِنُرِيَ الْمَعالِمَ مِنْ دِينِكَ وَنُظْهِرَ الْإِصْلاحَ فِي بِلادِكَ، وَيَأْمَنَ الْمَظْلُومُونَ مِنْ عِبادِكَ، وَيُعْمَلَ بِفَرائِضِكَ وَسُنَنِكَ وَأَحْكامِكَ...

(تحف العقول ص ۲۳۹)

۱۳- إِنّي لَمْ أَخْرُجْ أَشِراً وَلَا بَطِراً وَلَا مُفْسِداً وَلَا ظالِماً وَإِنَّما خَرَجْتُ أَطْلُبُ الْإِصْلاحَ فِي أُمَّةِ جَدِّي مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وآله وسلّم أُرِيدُ أَنْ آمُرَ بِالْمَعْرُوفِ وَأَنْهىٰ عَنِ الْمُنْكَرِ وَأَسِيرَ بِسِيرَةِ جَدِّي مُحَمَّدٍ، وسيرة أَبِي عَلِيِّ بْنِ أَبِي طالِبٍ.

(مقتل خوارزمی ج۱ ص۱۸۸)

۱۱۔ تمام لوگوں سے زیادہ تو تمہاری مصیبت ہے اس لئے کہ علماء کے مقامات کو تم سے چھین لیا گیا ہے اور تم مغلوب بنا دئے گئے ہو، کاش تم یہ سمجھ سکتے کہ تمہارے ساتھ ایسا کیا گیا ہے اس لئے کہ (اسلامی نظریے کے مطابق) تمام امور کی انجام دہی، بند وبست اور احکام کا اجراان علماء کے ہاتھوں ہونا چاہیئے جو خدا شناس ہوں، حلال و حرام خدا کے امین ہوں مگر (بنی امیہ نے) تم سے یہ مقام و منزلت چھین لی۔ اور یہ صرف اس لیے چھینی کہ واضح دلیل وبرہان کے بعد بھی تم حق سے کنارہ کش رہے اور سنت میں اختلاف کرتے رہے۔ اگر تم اذیتوں پر صبر کر لیتے اور راہ خدا میں مال خرچ کر لیتے تو کارہائے خدا (یعنی مسلمانوں کے امور کا انتظام) تمہارے ہاتھوں میں ہوتا۔ تم احکام صادر کرتے اور معاملات تمہاری طرف پلٹائے جاتے لیکن تم نے تو اپنی جگہ پر ظالموں کو مسلط کر دیا۔ اور امور خدا کو ان کے سپرد کر دیا۔ وہ شبہات پر عمل کرتے ہیں، خواہشات نفسانی کے راستہ پر چلتے ہیں ان کو ان چیزوں پر تو تمہارے موت سے فرار اور فنا ہونے والی زندگی سے پیار نے "مسلط کیا ہے،

"تحف العقول ص ۲۳۸"

۱۲۔ خدایا تو جانتا ہے کہ میرا قیام (جہاد) نہ تو سلطنت کیلئے ہے اور نہ حصول دولت کیلئے ہے، بلکہ ہم تیرے دین کے معالم کو پیش کرنا چاہتے ہیں، اور تیرے شہروں میں اصلاح کرنا چاہتے ہیں، اور تیرے مظلوم بندوں کیلئے امن و امان قائم کرنا چاہتے ہیں اور یہ چاہتے ہیں کہ تیرے فرائض و سنن و احکام پر عمل کیا جائے۔

"تحف العقول ص ۲۳۹"

۱۳۔ میرا خروج نہ تو کسی خود پسندی، نہ اکثر، نہ فساد، اور نہ ہی ظلم کیلئے ہے۔ میں نے تو صرف اپنے جد کی امت کی اصلاح کے لئے خروج کیا ہے۔ میں امر بہ معروف و نہی از منکر کرنا چاہتا ہوں اور اپنے جد محمدؐ رسول اللہؐ اور اپنے باپ "علیؑ ابن ابی طالبؑ کی سیرت پر چلنا چاہتا ہوں۔

"مقتل خوارزمی، ج ۱، ص ۱۸۸"

١٤- فَإنْ تَكُنِ الدُّنْيا تُعَدُّ نَفيسَةً
فَدارُ ثَوابِ اللهِ أعْلى وَأنْبَلُ
وَإنْ تَكُنِ الأبْدانُ لِلْمَوْتِ اُنْشِئَتْ
فَقَتْلُ امْرِءٍ بِالسَّيْفِ فِي اللهِ أفْضَلُ
وَإنْ تَكُنِ الأرْزاقُ قِسْماً مُقَدَّراً
فَقِلَّةُ حِرْصِ الْمَرْءِ فِي الرِّزْقِ أجْمَلُ
وَإنْ تَكُنِ الأمْوالُ لِلتَّرْكِ جَمْعُها
فَما بالُ مَتْرُوكٍ بِهِ الْحُرُّ يَبْخَلُ

(بحارالانوار ج ٤٤ ص ٣٧٤)

١٥- يا شيعَةَ آلِ أبي سُفْيانَ إنْ لَمْ يَكُنْ لَكُمْ دينٌ وَكُنْتُمْ لا تَخافُونَ الْمَعادَ فَكُونُوا أحْراراً في دُنْياكُمْ.

(مقتل خوارزمی ج ٢ ص ٣٣)

١٦- إنَّ قَوْماً عَبَدُوا اللهَ رَغْبَةً فَتِلْكَ عِبادَةُ التُّجّارِ، وَإنَّ قَوْماً عَبَدُوا اللهَ رَهْبَةً فَتِلْكَ عِبادَةُ الْعَبيدِ، وَإنَّ قَوْماً عَبَدُوا اللهَ شُكْراً فَتِلْكَ عِبادَةُ الأحْرارِ، وَهِيَ أفْضَلُ الْعِبادَةِ.

(تحف العقول ص ٢٤٦)

١٧- وَاعْلَمُوا أنَّ حَوائِجَ النّاسِ إلَيْكُمْ مِنْ نِعَمِ اللهِ عَلَيْكُمْ فَلا تَمَلُّوا النِّعَمَ فَتَحُورَ نِقَماً.

(بحارالانوار ج ٧٨ ص ١٢١)

۱۴۔ اگر دنیا کو عمدہ اور نفیس شمار کیا جائے تو ثواب خدا کا گھر (آخرت) اس سے بھی بلند وبرتر ہے۔ اگر جسموں کو مرنے ہی کیلئے پیدا کیا گیا ہے تو انسان کا راہ خدا میں تلوار سے قتل ہو جانا بہت ہی افضل ہے۔
اگر روزی کی تقسیم مقدر پر ہے تو روزی کیلئے انسان کی معمولی حرص اچھی بات ہے۔
اگر مال کا جمع کرنا چھوڑ جانے کیلئے ہے تو پھر شریف آدمی چھوڑے جانے والے مال کیلئے کیوں بخل کرتا ہے۔

"بحار ج ۴۴، ص ۳۷۴"

۱۵۔ اے آل ابوسفیان کے شیعو! اگر تمہارے پاس دین نہیں ہے اور نہ تم لوگ معاد سے ڈرتے ہو تو (کم از کم) دنیا ہی میں شریف بنو۔

"مقتل خوارزمی ج ۲، ص ۳۳"

۱۶۔ جو لوگ خدا کی عبادت کسی چیز (جنت) کی خواہش کیلئے کرتے ہیں ان کی عبادت تاجروں کی عبادت ہے، اور جو لوگ خدا کی عبادت کسی چیز (دوزخ) کے خوف سے کرتے ہیں ان کی عبادت غلاموں کی عبادت ہے۔ اور جو لوگ خدا کی عبادت شکر کے عنوان سے کرتے ہیں وہ آزاد لوگوں کی عبادت ہے اور یہی سب سے افضل عبادت ہے۔

(تحف العقول ص ۲۴۶)

۱۷۔ لوگوں کی حاجتوں کا تم سے متعلق ہونا یہ تمہارے اوپر خدا کی بہت بڑی نعمت ہے لہٰذا نعمتوں کو (یعنی صاحبان حاجت کو) رنج نہ پہونچاؤ کہیں ایسا نہ ہو جائے کہ وہ نعمت نقمت سے بدل جائے (نقمت کے معنی عذاب اور بلا کے ہیں)

"بحار، ج ۷۸، ص ۱۲۱"

۱۸. اِعْتَبِرُوْا أَيُّهَا النَّاسُ بِمَا وَعَظَ اللهُ بِهِ أَوْلِيَاءَهُ مِنْ سُوءِ ثَنَائِهِ عَلَى الأَحْبَارِ، إِذْ يَقُولُ: لَوْلَا يَنْهَيهُمُ الرَّبَّانِيُّونَ وَالأَحْبَارُ عَنْ قَوْلِهِمُ الإثم، وَقَالَ: لُعِنَ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ ــ إِلَى قَوْلِهِ ــ لَبِئْسَ مَا كَانُوا يَفْعَلُونَ، وَإِنَّمَا عَابَ اللهُ ذَلِكَ عَلَيْهِمْ لِأَنَّهُمْ كَانُوا يَرَوْنَ مِنَ الظَّلَمَةِ الَّذِينَ بَيْنَ أَظْهُرِهِم الْمُنْكَرَ وَالْفَسَادَ فَلَا يَنْهَوْنَهُمْ عَنْ ذَلِكَ رَغْبَةً فِيمَا كَانُوا يَنَالُونَ مِنْهُمْ، وَرَهْبَةً مِمَّا يَحْذَرُونَ، وَاللهُ يَقُولُ: «فَلَا تَخْشَوُا النَّاسَ وَاخْشَوْنِ»، وَقَالَ: «الْمُؤْمِنُونَ وَالْمُؤْمِنَاتُ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ يَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ».

(تحف العقول ص ۲۳۷)

۱۹. مَنْ طَلَبَ رِضَا النَّاسِ بِسَخَطِ اللهِ وَكَلَهُ اللهُ إِلَى النَّاسِ.

(بحارالانوار ج ۷۸ ص ۱۲۶)

۲۰. إِيَّاكَ وَظُلْمَ مَنْ لَا يَجِدُ عَلَيْكَ نَاصِراً إِلَّا اللهَ جَلَّ وعَزَّ.

(بحارج ۷۸ ص ۱۱۸)

۲۱. مَنْ أَحَبَّكَ نَهَاكَ وَمَنْ أَبْغَضَكَ أَغْرَاكَ.

(بحارالانوار ج ۷۸ ص ۱۲۸)

۲۲. لَا يَكْمُلُ الْعَقْلُ إِلَّا بِاتِّبَاعِ الْحَقِّ

(بحارالانوار ج ۷۸ ص ۱۲۷)

۲۳. مُجَالَسَةُ أَهْلِ الْفِسْقِ رِيبَةٌ.

(بحارالانوار ج ۷۸ ص ۱۲۲)

۲۴. الْبُكَاءُ مِنْ خَشْيَةِ اللهِ نَجَاةٌ مِنَ النَّارِ.

(مستدرك الوسائل ۲/۲۹٤)

۱۸۔ اے لوگو! خدا نے جن باتوں سے اپنے اولیاء کو وعظ فرمایا ہے تم بھی ان سے عبرت حاصل کرو (خدا کا وعظ یہ ہے کہ) اس نے اہل کتاب کے علماء کی مذمت کی ہے جہاں پر ارشاد ہے: ان کو اللہ والے اور علماء جھوٹ بولنے سے کیوں نہیں روکتے (پ ۶ س ۵/ (مائدہ) آیت ۳) - نیز ارشاد ہے: بنی اسرائیل میں سے جو لوگ کافر تھے ان پر داؤد اور عیسیٰ ابن مریم کی زبانی لعنت کی گئی ہے "اور اس لعنت کی وجہ یہ تھی" کیونکہ ان لوگوں نے نافرمانی کی اور حد سے بڑھ گئے تھے اور کسی برے کام سے جس کو ان لوگوں نے کیا تھا باز نہیں آتے تھے۔ اور جو کام یہ کرتے تھے وہ بہت برا تھا (پ۵ س (مائدہ) آیت ۷۹ - ۸۰)

خداوند عالم نے ان علماء کی سرزنش اس لئے کی ہے کہ یہ لوگ فساد و برائیوں کو اپنی آنکھوں سے دیکھتے تھے لیکن لوگوں سے ملنے والے مال کی طمع اور لوگوں کے خوف سے انکو نہی از منکر نہیں کیا کرتے تھے۔ حالانکہ خدا کا ارشاد ہے! لوگوں سے (ذرا بھی) نہ ڈرو۔ مجھ سے ڈرو (سورہ مائدہ آیت ۴۴) نیز ارشاد ہوتا ہے: ایماندار مرد اور ایماندار عورتیں ان میں سے بعض کے بعض رفیق ہیں جو امر معروف و نہی از منکر کرتے ہیں۔ (پ۱۰ س (توبہ) آیت ۷۱) وتحف العقول ص ۲۳۷،،

۱۹۔ جو لوگوں کی خوشنودی چاہے حالانکہ اس فعل سے خدا ناراض ہو تو خدا اسکو لوگوں کے حوالہ کر دیتا ہے۔ بحار، ج ۷۸، ص ۱۲۶،،

۲۰۔ جسکا مددگار خدا کے علاوہ کوئی نہ ہو خبردار اس پر ظلم نہ کرنا۔ بحار، ج ۷۸، ص ۱۱۸،،

۲۱۔ جو تمکو دوست رکھے گا (برائیوں سے) روکے گا۔ اور جو تم کو دشمن رکھے گا (برائیوں پر) ابھارے گا۔ بحار، ج ۷۸، ص ۱۲۸،،

۲۲۔ عقل صرف حق کی پیروی کرنے سے کامل ہوتی ہے، بحار، ج ۷۸، ص ۱۲۷،،

۲۳۔ اہل فسق و فجور کی صحبت بدنامی کی بات ہے۔ بحار، ج ۷۸، ص ۱۲۲،،

۲۴۔ خوف خدا میں گریہ وزاری کرنا دوزخ سے نجات کا ذریعہ ہے۔ مستدرک ۲/ ۲۹۴،،

۲۵- جاءَ رَجُلٌ إلىٰ سَيِّدِ الشُّهَداءِ وَقالَ: أنا رَجُلٌ عاصٍ، وَلا أصبِرُ عَنِ المَعصِيَةِ فَعِظني بِمَوعِظَةٍ فَقالَ عَلَيهِ السَّلامُ: إفعَلْ خَمسَةَ أشياءٍ وَأذنِبْ ما شِئتَ، فَأوَّلُ ذٰلِكَ لاتَأكُلْ رِزقَ اللّٰهِ وَأذنِبْ ما شِئتَ، وَالثاني أخرُجْ مِن وِلايَةِ اللّٰهِ وَأذنِبْ ماشِئتَ، وَالثالِثُ اُطلُبْ مَوضِعاً لايَراكَ اللّٰهُ وَأذنِبْ ما شِئتَ، وَالرّابِعُ إذا جاءَكَ مَلَكُ المَوتِ لِيَقبِضَ روحَكَ فَادفَعهُ عَن نَفسِكَ وَأذنِبْ ما شِئتَ، اَلخامِسُ إذا أدخَلَكَ مالِكٌ فِى النّارِ فَلا تَدخُلْ فِي النّارِ وَأذنِبْ ماشِئتَ.

(بحار الانوار ج ۷۸ ص ۱۲٦)

۲٦- إيّاكَ وَما تَعتَذِرُ مِنهُ، فَإنَّ المُؤمِنَ لا يُسيءُ وَلا يَعتَذِرُ، وَالمُنافِقُ كُلَّ يَومٍ يُسيءُ وَيَعتَذِرُ.

(تحف العقول ص ۲٤۸)

۲۷- اَلعَجَلَةُ سَفَهٌ.

(بحارالانوار ج ۷۸ ص ۱۲۲)

۲۸- لا تَأذَنوا لِأحَدٍ حَتّىٰ يُسَلِّمَ.

(بحار ج ۷۸ ص ۱۱۷)

۲۹- مِن عَلاماتِ أسبابِ الجَهلِ اَلمُماراةُ لِغَيرِ أهلِ اَلفِكرِ.

(بحار ج ۷۸ ص ۱۱۹)

۳۰- مِن دَلائِلِ العالِمِ انتِقادُهُ لِحَديثِهِ وَعِلمُهُ بِحَقائِقِ فُنونِ النَّظَرِ.

(بحارالانوار ج ۷۸ ص ۱۱۹)

۲۵۔ ایک شخص سید الشہداءؑ کے پاس آکر بولا: میں ایک گنہگار شخص ہوں اور معصیت پر صبر نہیں کر سکتا لہٰذا مجھے کچھ وعظ فرمائیے: امام حسینؑ نے فرمایا: پانچ کام کر لو اس کے بعد جو گناہ چاہو کرو۔ ۱۔ خدا کا رزق نہ کھاؤ پھر جو جی چاہے کرو۔ ۲۔ خدا کی حکومت سے نکل جاؤ، پھر جو جی میں آئے کرو۔ ۳۔ ایسی جگہ تلاش کر لو جہاں تم کو خدا نہ دیکھ سکے وہاں جیسا گناہ چاہو کرو ۴۔ جب ملک الموت قبض روح کیلئے آئیں تو ان کو اپنے پاس سے بھگا دو اس کے بعد جو گناہ چاہو کرو، ۵۔ جب مالک جہنم تم کو جہنم میں داخل کرنا چاہے تو جہنم میں نہ جاؤ اور جو گناہ چاہو کرو۔

"بحار، ج ۷۸، ص ۱۲٦"

۲٦۔ جس فعل پر عذر خواہی کرنا پڑے وہ کام ہی نہ کرو اس لئے کہ مومن نہ برا کام کرتا ہے نہ عذر خواہی کرتا ہے اور منافق روز برائی کرتا ہے اور عذر خواہی کرتا ہے۔

"تحف العقول ص ۲۴۸"

۲۷۔ جلد بازی (ایک قسم کی) بیوقوفی ہے۔

"بحار، ج ۷۸، ص ۱۲۲"

۲۸۔ جب تک آنے والا، سلام نہ کرے اسکو اندر آنے کی اجازت نہ دو۔

"بحار، ج ۷۸، ص ۱۱۷"

۲۹۔ غیر اہل فکر سے بحث و مباحثہ اسباب جہالت کی علامت ہے۔

"بحار، ج ۷۸، ص ۱۱۹"

۳۰۔ عالم کی علامتوں میں سے ایک یہ بھی ہے کہ اپنی باتوں پر انتقاد کرتا ہے اور اقسام نظر کی حقیقتوں پر آگاہی رکھتا ہے۔

"بحار، ج ۷۸، ص ۱۱۹"

۳۱۔نَافِسُوا فِي الْمَكَارِمِ، وَسَارِعُوا فِي الْمَغَانِمِ.

(بحارالانوار ج ۷۸ ص ۱۲۱)

۳۲۔مَنْ جَادَ سَادَ، وَمَنْ بَخِلَ رَذِلَ.

(بحار ج ۷۸ ص ۱۲۱)

۳۳۔إِنَّ أَجْوَدَ النَّاسِ: مَنْ أَعْطَىٰ مَنْ لَا يَرْجُوهُ.

(بحار ج ۷۸ ص ۱۲۱)

۳٤۔مَنْ نَفَّسَ كُرْبَةَ مُؤْمِنٍ فَرَّجَ اللّٰهُ عَنْهُ كُرَبَ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ.

(بحار ج ۷۸ ص ۱۲۲)

۳۵۔إِذَا سَمِعْتَ أَحَداً يَتَنَاوَلُ أَعْرَاضَ النَّاسِ فَاجْتَهِدْ أَنْ لَا يَعْرِفَكَ.

(بلاغة الحسين / الكلمات القصار ٤٥)

۳٦۔قِيلَ مَا الْغِنَىٰ قَالَ قِلَّةُ أَمَانِيكَ وَالرِّضَا بِمَا يَكْفِيكَ.

(معانی الاخبار ص ۴۰۱)

۳۷۔لَا تَرْفَعْ حَاجَتَكَ إِلَّا إِلَىٰ أَحَدِ ثَلَاثَةٍ: إِلَىٰ ذِي دِينٍ أَوْ مُرُوَّةٍ أَوْ حَسَبٍ

(بحار ج ۷۸ ص ۱۱۸)

۳۸۔إِعْمَلْ عَمَلَ رَجُلٍ يَعْلَمُ أَنَّهُ مَأْخُوذٌ بِالْإِجْرَامِ مَجْزِيٌّ بِالْإِحْسَانِ.

(بحارالانوار ج ۷۸ ص ۱۲۷)

۳۹۔لِلسَّلَامِ سَبْعُونَ حَسَنَةً تِسْعٌ وَسِتُّونَ لِلْمُبْتَدِي وَوَاحِدَةٌ لِلرَّادِّ.

(بحارالانوار ج ۷۸ ص ۱۲۰)

٤٠۔لَا تَقُولَنَّ فِي أَخِيكَ إِذَا تَوَارَىٰ عَنْكَ إِلَّا مَا تُحِبُّ أَنْ يَقُولَ فِيكَ إِذَا تَوَارَيْتَ عَنْهُ.

(بحارالانوار ج ۷۸ ص ۱۲۷)

۳۱۔ انسانی اقدار کے حصول میں ایک دوسرے پر سبقت کی کوشش کرو، اور (معنوی) خزانوں کے لئے جلدی کرو۔

"بحار، ج ۷۸، ص ۱۲۱"

۳۲۔ جس نے سخاوت کی اس نے سیادت حاصل کی، جس نے بخل کیا وہ ذلیل ہوا۔

"بحار، ج ۷۸، ص ۱۲۱"

۳۳۔ سب سے زیادہ سخی وہ ہے جو ان کو بھی دے جنکو ان سے کوئی امید نہ ہو۔

"بحار، ج ۷۸، ص ۱۲۱"

۳۴۔ جو کسی مومن کی کرب و بےچینی کو دور کرے۔ خدا اس کی دنیا و آخرت کی بےچینی کو دور کرتا ہے۔

"بحار، ج ۷۸، ص ۱۲۱"

۳۵۔ اگر تم کسی کو دیکھو کہ وہ لوگوں کی غیبت کرتا ہے تو کوشش کرو کہ وہ تم کو نہ پہچان سکے۔

بلاغۃ الحسینؑ، الکلمات القصار ۴۵

۳۶۔ حضرت امام حسینؑ سے پوچھا گیا مالداری کیا ہے؟ فرمایا: آرزوؤں کا کم ہونا اور جتنا اس کیلئے کافی ہو جائے اس پر راضی رہنا۔

"معانی الاخبار، ص ۴۰۱"

۳۷۔ اپنی حاجت صرف تین شخصوں سے بیان کرو۔ ۱۔ دیندار، ۲۔ جوانمرد، ۳۔ کسی باشخصیت سے۔

"بحار، ج ۷۸، ص ۱۱۸"

۳۸۔ جس کام کو کرنا چاہتے ہو، اسکو اس شخص کی طرح انجام دو جو یہ جانتا ہے کہ ہر گناہ کی سزا ہے۔ اور ہر نیکی کی جزا ہے۔

"بحار، ج ۷۸، ص ۱۲۷"

۳۹۔ سلام کے ستر ثواب ہیں ۶۹ ثواب تو سلام کرنے والے کو ملتے ہیں اور ایک ثواب جواب دینے والے کو ملتا ہے۔

"بحار، ج ۷۸، ص ۱۲۰"

۴۰۔ اپنے برادر (مومن) کے پس پشت وہی بات کہو جو تم کو پسند ہو کہ تمہارے پس پشت تمہارے بارے میں کہی جائے۔

"بحار، ج ۷۸، ص ۱۲۷"

معصوم ششم

امام چہارم

حضرت سجاد علیہ السلام

اور ان کی چالیس حدیثیں

چھٹے معصوم

چوتھے امام

حضرت سید سجاد علیہ السلام

نام: علیؑ

مشہور لقب: زین العابدین، سجاد (ع)

پدر: امام حسین (ع)

مادر: شہربانو (یزدجرد سوم کی لڑکی)

تاریخ ولادت: پنجم شعبان، یا ۱۵ جمادی الاولیٰ: سن ولادت: ۳۸ ہجری قمری

تاریخ شہادت: ۲۵ محرم، ۱۲، اور ۱۸ محرم کا بھی قول ہے۔

سن شہادت: ۹۵ھ

عمر: ۵۶ سال

مدفن: مدینہ منورہ، بقیع میں،

سبب شہادت: ہشام بن عبدالملک نے زہر دلوایا۔

دوران زندگی: اسکو دو حصوں پر تقسیم کیا جاسکتا ہے۔

۱۔ ۲۲ سال والد بزرگوار کے ساتھ رہے۔

۲۔ ۳۵ (یا) ۳۶ سال آپؑ کا دور امامت۔

بادشاہان وقت: یزید سے لیکر ہشام بن عبدالملک (یہ دسواں اموی خلیفہ تھا) تک ۱۰ خلیفہ گزرے ہیں۔

اربعون حديثاً

عن الأمام زين العابدين عليه السلام

١ـ سُبْحانَ مَنْ جَعَلَ الإعْتِرافَ بِالنِّعْمَةِ لَهُ حَمْداً، سُبْحانَ مَنْ جَعَلَ الاعْتِرافَ بِالْعَجْزِ عَنِ الشُّكْرِ شُكْراً.
(بحارالانوار ج ٧٨ ص ١٤٢)

٢ـ تَفَكَّرُوا وَاعْمَلُوا لِما خُلِقْتُمْ لَهُ فَإنَّ اللّهَ لَمْ يَخْلُقْكُمْ عَبَثاً.
(تحف العقول ص ٢٧٤)

٣ـ وَإيّاكُمْ وَصُحْبَةَ الْعاصِينَ، وَمَعُونَةَ الظّالِمِينَ، وَمُجاوَرَةَ الْفاسِقِينَ احْذَرُوا فِتْنَتَهُمْ، وَتَباعَدُوا مِنْ ساحَتِهِم، وَاعْلَمُوا أنَّهُ مَنْ خالَفَ أوْلِياءَ اللّهِ وَدانَ بِغَيْرِدِينِ اللّهِ، وَاسْتَبَدَّ بِأمْرِهِ دُونَ أمْرِ وَلِيِّ اللّهِ، في نارٍتَلْتَهِبُ، تَأكُلُ أبْداناً [قَدْ غابَتْ عَنْها أرْواحُها] غَلَبَتْ عَلَيْها شِقْوَتُها [فَهُمْ مَوْتى لايَجِدُونَ حَرَّ النّارِ] فَاعْتَبِرُوا يا أُولِي الأبْصارِ وَاحْمَدُوا اللّهَ عَلى ما هَداكُمْ وَاعْلَمُوا أنَّكُمْ لا تَخْرُجُونَ مِن قُدْرَةِ اللّهِ إلى غَيْرِ قُدْرَتِهِ وَسَيَرَ اللّهُ عَمَلَكُمْ ثُمَّ إلَيْهِ تُحْشَرُونَ فَانْتَفِعُوا بِالْعِظَةِ وَتَأدَّبُوا بِآدابِ الصّالِحِينَ
(تحف العقول ص ٢٥٤)

امام زین العابدینؑ کی چالیس حدیثیں

۱۔ پاک و منزہ ہے وہ ذات جس نے اپنی نعمت کے اقرار کو حمد اور شکر سے عاجزی کے اقرار کو شکر قرار دیا۔
بحار، ج ۷۸، ص ۱۴۲

۲۔ غور و فکر کرو اور جسکے لئے پیدا کئے گئے ہو اس کیلئے عمل کرو کیونکہ خدا نے تمکو بیکار و عبث نہیں پیدا کیا ہے۔
تحف العقول ص ۲۷۴

۳۔ خبردار گنہگاروں کی صحبت نہ اختیار کرو، اور نہ ظالموں کی مدد کرو، اور نہ بدکاروں کا پڑوس اختیار کرو، ان کے فتنوں سے بچو، ان کی قربت سے دور رہو، یہ جان لو کہ جو خاصان خدا کی مخالفت کریگا، اور دین خدا کے علاوہ کسی اور دین کی پیروی کرے گا، اور اپنے امور میں اپنی رای کو مستقل سمجھے گا اور ولی خدا کے امر کی اہمیت نہ دے گا وہ ایسی بھڑکتی ہوئی آگ میں ڈالا جائیگا جو ان بدنوں کو کھا لیتی ہے جن پر ان کی بدبختی غالب ہوتی ہے۔ لہٰذا اے صاحبان بصیرت عبرت حاصل کرو۔ اور خدا نے تم کو جو ہدایت بخشی ہے اس پر اسکی حمد کرو۔ اور یہ سمجھ لو کہ خدا کی قدرت سے نکل کر کسی غیر کی قدرت میں نہیں داخل ہو سکتے، اور خدا تمہارے اعمال کو دیکھتا ہے۔ اور پھر تمہارا حشر بھی اسی کی طرف ہونے والا ہے۔ لہٰذا موعظوں سے نفع حاصل کرو، اور صالحین کے آداب اختیار کرو۔
تحف العقول ص ۲۵۴

٤ـ في كتاب له الى محمد ابن مسلم الزّهري... اَخَذَ عَلَى الْعُلَماءِ في كِتابِهِ اِذْقالَ لَتُبَيِّنُنَّهُ لِلنّاسِ وَلا تَكْتُمُونَهُ.. وَاعْلَمْ اَنَّ اَدْنى ما كَتَمْتَ وَاَخَفَّ ما احْتَمَلْتَ اَنْ آنَسْتَ وَحْشَةَ الظّالِمِ وَسَهَّلْتَ لَهُ طَريقَ الْغَيِّ بِدُنُوِّكَ مِنْهُ حينَ دَنَوْتَ.... اَوَلَيْسَ بِدُعائِهِ اِيّاكَ حينَ دَعاكَ جَعَلُوكَ قُطْباً اَداروُا بِكَ رَحى مَظالِمِهِمْ وَجِسْراً يَعْبُرُونَ عَلَيْكَ اِلى بَلاياهُمْ وَسُلَّماً اِلى ضَلالَتِهِمْ داعِياً اِلى غَيِّهِمْ سالِكاً سَبيلَهُمْ يُدْخِلُونَ بِكَ الشَّكَّ عَلَى الْعُلَماءِ وَيَقْتادُونَ بِكَ قُلُوبَ الْجُهّالِ اِلَيْهِمْ فَلَمْ يَبْلُغْ اَخَصُّ وُزَرائِهِمْ وَلا اَقْوى اَعْوانِهِمْ اِلاّ دُونَ ما بَلَغْتَ مِنْ اِصْلاحِ فَسادِهِمْ وَاخْتِلافِ الْخاصَّةِ وَالْعامَّةِ اِلَيْهِمْ فَما اَقَلَّ ما اَعْطَوْكَ في قَدْرِ ما اَخَذُوا مِنْكَ وَما اَيْسَرَ ما عَمَّرُوا لَكَ فَكَيْفَ ما خَرَّبُوا عَلَيْكَ فَانْظُرْ لِنَفْسِكَ فَاِنَّهُ لا يَنْظُرُ لَها غَيْرُكَ ...

(تحف العقول ص ٢٧٦)

٥ـ ما مِنْ قَطْرَةٍ اَحَبُّ اِلَى اللّهِ عَزَّوَجَلَّ مِنْ قَطْرَتَيْنِ: قَطْرَةُ دَمٍ في سَبيلِ اللّهِ وَقَطْرَةُ دَمْعَةٍ في سَوادِ اللَّيْلِ لا يُريدُ بِها عَبْدٌ اِلاَّ اللّهَ عَزَّوَجَلَّ.
(بحار ج ١٠٠ ص ١٠)

٦ـ ثَلاثٌ مُنْجِياتٌ لِلْمُؤْمِنِ: كَفُّ لِسانِهِ عَنِ النّاسِ وَاغْتِيابِهِمْ، وَاِشْغالُهُ نَفْسَهُ بِما يَنْفَعُهُ لِآخِرَتِهِ وَدُنْياهُ، وَطُولُ الْبُكاءِ عَلى خَطيئَتِهِ.

(تحف العقول ص ٢٨٢)

۴۔ امام زین العابدینؑ نے محمد بن مسلم زہری کو ایک خط میں (زہری اس زمانہ کے درباری علماء میں سے تھے) تحریر فرمایا: خداوند عالم نے قرآن میں علماء سے عہد و پیمان لیتے ہوئے فرمایا ہے: تم کتاب خدا کو صاف صاف بیان کر دینا اور (خبردار) اس کی کوئی بات چھپانا نہیں (پ ۴ س ۳ ر۔ آل عمران۔ آیت ۱۸۷) پس تم (بھی) جان لو کہ چھپانے کا سب سے آسان طریقہ اور سب سے ہلکا بوجھ جو تمہارے کندھوں پر پڑے گا وہ یہ ہے کہ تمہاری قربت کی وجہ سے ظالموں کی وحشت انسیت سے بدل جائے گی اور گمراہی کا راستہ ان کیلئے آسان ہو جائیگا ... کیا ایسا نہیں ہے کہ ظالم حضرات جو تمہاری دعوتیں کرتے ہیں اس سے ان کا مقصد صرف یہ ہوتا ہے کہ صرف اپنے ظلم و ستم کی چکی کا قطب تم کو قرار دیں؟ اور اپنی ستمگری کا پہیہ تمہاری وجہ سے گھمائیں، تم کو اپنی بلاؤں سے بچنے کیلئے ایک پل قرار دیں تاکہ تم ان کی گمراہوں کی سیڑھی اور مبلّغ بنو، وہ اس طرح تم کو اسی راستہ پر لگانا چاہتے ہیں جس پر خود چل رہے ہیں۔ وہ چاہتے ہیں کہ تمہارے ذریعہ سچے علماء کو لوگوں کی نظر میں مشکوک بنا دیں اور عوام کے قلوب کو اپنی طرف مائل کر لیں۔ وہ لوگ تم سے جو کام لیں گے وہ مخصوص ترین وزیروں، اور طاقتور ترین ساتھیوں سے بھی نہیں لے سکتے، تم انکی خراب کاریوں اور فساد کی عیب پوشی کرو گے اور ہر خاص و عام کو دربار میں کھینچ بلاؤ گے۔
پس جو چیز وہ تم سے لیں گے وہ کہیں عظیم ہوگی اس چیز کے مقابلہ میں جو وہ تم کو دیں گے اور کتنی بے قیمت ہے وہ چیز جسکو تمہارے لئے آباد کریں گے بمقابلہ اس چیز کے جس کو تمہارے لئے ویران کریں گے لہٰذا اپنے بارے میں خود سوچو، اسلئے کہ دوسرا تمہارے لئے نہیں سوچے گا

"تحف العقول ص ۲۷۶"

۵۔ خدا کی بارگاہ میں دو قطروں کے علاوہ کوئی اور قطرہ محبوب نہیں ہے، ۱۔ وہ خون کا قطرہ جو راہ خدا میں گرے، ۲۔ وہ آنسو کا قطرہ جو رات کی تاریکی میں بندہ سے صرف خدا کیلئے گرے۔ "بحار ج ۱۰۰، ص ۱۰"

۶۔ تین چیزیں مومن کو نجات دینے والی ہیں، ۱۔ لوگوں کے بارے میں زبان روکنا، غیبت نہ کرنا۔ ۲۔ ایسے کام کرنا جو اسکے لئے دنیا و آخرت میں مفید ہوں، ۳۔ اپنے گناہوں پر بہت رونا۔ (تحف العقول ص ۲۸۲)

۷۔ ثَلاثٌ مَنْ كُنَّ فيهِ مِنَ الْمُؤْمِنينَ كانَ في كَنَفِ اللّهِ، وَأَظَلَّهُ اللّهُ يَوْمَ الْقِيامَةِ في ظِلِّ عَرْشِهِ وَآمَنَهُ مِنْ فَزَعِ الْيَوْمِ الْأَكْبَرِ: مَنْ أَعْطىٰ مِنْ نَفْسِهِ ماهُوَ سائِلُهُمْ لِنَفْسِهِ، وَرَجُلٌ لَمْ يُقَدِّمْ يَداً وَلا رِجْلاً حَتّىٰ يَعْلَمَ أَنَّهُ في طاعَةِ اللّهِ قَدَّمَها أَوْ في مَعْصِيَتِهِ، وَرَجُلٌ لَمْ يَعِبْ أَخاهُ بِعَيْبٍ حَتّىٰ يَتْرُكَ ذٰلِكَ الْعَيْبَ مِنْ نَفْسِهِ.

(بحارالانوار ج۷۸ ص۱۴۱)

۸۔ لا تُعادِيَنَّ أَحَداً وَإِنْ ظَنَنْتَ أَنَّهُ لا يَضُرُّكَ ، وَلا تَزْهَدَنَّ في صَداقَةِ أَحَدٍ وَإِنْ ظَنَنْتَ أَنَّهُ لايَنْفَعُكَ.

(بحارالانوار ج۷۸ ص۱۶۰)

۹۔ إِنَّ الْمَعْرِفَةَ وَكَمالَ دينِ الْمُسْلِمِ تَرْكُهُ الْكَلامَ فيما لا يَعْنيهِ، وَقِلَّةُ مِرائِهِ، وَحِلْمُهُ، وَصَبْرُهُ، وَحُسْنُ خُلُقِهِ.

(تحف العقول ص۲۷۹)

۱۰۔ قِلَّةُ طَلَبِ الْحَوائِجِ مِنَ النّاسِ هُوَ الْغِنَى الْحاضِرُ.

(تحف العقول ص۲۷۹)

۱۱۔ مَجالِسُ الصّالِحينَ داعِيَةٌ إِلَى الصَّلاحِ.

(تحف العقول ص۲۸۳)

۱۲۔ إِيّاكَ وَمُصاحَبَةَ الْفاسِقِ، فَإِنَّهُ بائِعُكَ بِأُكْلَةٍ أَوْ أَقَلَّ [illegible] لِكَ.

(تحف [illegible] ص۲۷۹)

۷۔ تین باتیں جس مومن کے اندر ہونگی وہ خدا کی حمایت میں رہے گا، قیامت میں خدا اسکو اپنے عرش کے زیر سایہ جگہ دیگا اور روز قیامت کے خوف سے امن میں رکھے گا (اور وہ باتیں یہ ہیں) ۱۔ جن چیزوں کی تم لوگوں سے خواہش رکھتے ہو "مثلا تمہارا احترام کریں" وہی چیز ان کو پیش کرو، ۲۔ جب تک یہ معلوم نہ ہوجائے کہ اس میں خدا کی اطاعت ہے یا معصیت اس وقت تک کسی کام کیلئے نہ ہاتھ بڑھاؤ نہ کوئی اقدام کرو۔ ۳۔ جب تک اپنے عیب دور نہ کرلو دوسرے کی عیب جوئی نہ کرو۔ "اپنے عیوب کی طرف متوجہ رہنا (ایسا مشغلہ ہے کہ) دوسرے کی عیب جوئی سے انسان باز رہتا ہے" بحار، ج ۷۸، ص ۱۴۱

۸۔ کسی سے دشمنی نہ کرو چاہے تم کو یہ گمان ہو کہ وہ تم کو ضرر نہیں پہونچائے گا، اور کسی کی دوستی ترک نہ کرو چاہے تمکو گمان ہو کہ اس سے کوئی فائدہ نہ ہوگا۔ (بحار، ج ۷۸، ص ۱۶۰)

۹۔ معرفت اور دین مسلم کا کمال یہ ہے کہ لا یعنی باتوں کو ترک کردے، بہت کم لڑائی کرے، حلم، صبر، اور حسن خلق کا مالک ہو۔ (تحف العقول، ص ۲۷۹)

۱۰۔ لوگوں سے بہت کم ضرورتوں کو طلب کرنا، نقداً (یہی) مالداری ہے۔

(تحف العقول، ص ۲۷۹)

۱۱۔ صالح وشائستہ افراد کے ساتھ نشست وبرخواست شائستگی کی دعوت دیتی ہے

(تحف العقول ص ۲۸۳)

۱۲۔ خبردار! بدکردار کی صحبت میں نہ رہنا کیونکہ وہ تم کو ایک لقمہ یا اس سے کم پر بیچ دیگا

(تحف العقول ص ۲۷۹)

۱۳۔اِيّاكَ وَمُصَاحَبَةَ الْاَحْمَقِ فَاِنَّهُ يُرِيدُ اَنْ يَنْفَعَكَ فَيَضُرُّكَ

(تحف العقول ص ۲۷۹)

۱٤۔اِيّاكَ وَمُصَاحَبَةَ الْبَخِيلِ فَاِنَّهُ يَخْذُلُكَ فِى مَالِهِ اَحْوَجَ مَا تَكُونُ اِلَيْهِ.

(تحف العقول ص۲۷۹)

۱۵۔اِيّاكَ وَمُصَاحَبَةَ الْكَذّابِ فَاِنَّهُ بِمَنْزِلَةِ السَّرابِ يُقَرِّبُ لَكَ الْبَعِيدَ وَيُبَعِّدُ لَكَ الْقَرِيبَ.

(تحف العقول ص۲۷۹)

۱٦۔إنْ شَتَمَكَ رَجُلٌ عَنْ يَمِينِكَ ثُمَّ تَحَوَّلَ إلىٰ يَسارِكَ وَاعْتَذَرَ إلَيْكَ، فَاقْبَلْ عُذْرَهُ.

(تحف العقول ص ۲۸۲)

۱۷۔نَظَرُ الْمُؤْمِنِ في وَجْهِ أَخِيهِ الْمُؤْمِنِ لِلْمَوَدَّةِ وَالْمَحَبَّةِ لَهُ عِبادَةٌ.

(تحف العقول ص۲۸۲)

۱۸۔أمّا حَقُّ جارِكَ فَحِفْظُهُ غائِباً، وَإكْرامُهُ شاهِداً، وَنُصْرَتُهُ إذا كانَ مَظْلُوماً، وَلا تَتَّبِعْ لَهُ عَوْرَةً، فَإنْ عَلِمْتَ عَلَيْهِ سُوءً سَتَرْتَهُ عَلَيْهِ، وَإنْ عَلِمْتَ أنَّهُ يَقْبَلُ نَصِيحَتَكَ نَصَحْتَهُ فِيما بَيْنَكَ وَبَيْنَهُ، وَلا تُسْلِمُهُ عِنْدَ شَدِيدَةٍ، وَتُقِيلُ عَثْرَتَهُ، وَتَغْفِرُ ذَنْبَهُ، وَتُعاشِرُهُ مُعاشَرَةً كَرِيمَةً.

(بحارالانوار ج ۷٤ ص۷)

۱۳۔ بیوقوف شخص کی صحبت سے بچو کیونکہ وہ جب تم کو فائدہ پہونچانا چاہے گا تو نقصان پہونچادے گا

تحف العقول ص ۲۷۹"

۱۴۔ خبردار! بخیل کی صحبت سے بچو کیونکہ تمہاری شدید ضرورت کے وقت تم کو اپنے مال سے محروم کردیگا۔

تحف العقول ص ۲۷۹"

۱۵۔ جھوٹے کی صحبت سے بچو کیونکہ وہ سراب کی طرح ہے دور کو تمہارے قریب کریگا اور قریب کو دور کرے گا۔

(تحف العقول ص ۲۷۹)

۱۶۔ اگر کوئی تمکو تمہارے داہنی طرف گالی دے پھر بائیں طرف آکر معافی مانگ لے تو اس کو قبول کرلو۔

(تحف العقول ص ۲۸۲)

۱۷۔ برادر مومن کا برادر مومن کے چہرے کی طرف نظر کرنا مودت ہے اور اس سے محبت کرنا عبادت ہے۔

تحف العقول ص ۲۸۲"

۱۸۔ ہمسایہ کا حق یہ ہے کہ اس کے غائب ہونے کی صورت میں اس کے آبرو کی حفاظت کرو، اور اس کی موجودگی میں اس کا احترام باقی رکھو، جب وہ مظلوم ہو تو اس کی مدد کرو، اس کی غیبت نہ کرو، اگر اس کی کسی برائی پر مطلع ہوجاؤ تو اس کو چھپا ڈالو، اور اگر تم کو معلوم ہو کہ تمہاری نصیحت کو قبول کرے گا تو اس کو اپنے اور اس کے درمیان جو ہے (اس اعتبار سے) نصیحت کرو، سختی کے وقت اس کو تنہا نہ چھوڑ دو، "بلکہ اس کی مدد کرو" اس کی لغزشوں کا خیال نہ کرو، اس کی غلطیوں کو معاف کردو، اس کے ساتھ اچھا برتاؤ کرو۔

بحار، ج ۷۴، ص ۷"

۱۹۔ وَاعْصِمْنِي مِنْ أَنْ أَظُنَّ بِذِي عَدَمٍ خَسَاسَةً أَوْ أَظُنَّ بِصَاحِبِ ثَرْوَةٍ فَضْلاً فَإِنَّ الشَّرِيفَ مَنْ شَرَّفَتْهُ طَاعَتُكَ وَالْعَزِيزَ مَنْ أَعَزَّتْهُ عِبَادَتُكَ.

(الصحيفة السجادية الدعاء: ۳۵)

۲۰۔ وَالْمُؤْمِنُ خَلَطَ عَمَلَهُ بِحِلْمِهِ، يَجْلِسُ لِيَعْلَمَ، وَيَنْصِتُ لِيَسْلَمَ، لَا يُحَدِّثُ بِالْأَمَانَةِ الْأَصْدِقَاءَ، وَلَا يَكْتُمُ الشَّهَادَةَ لِلْبُعَدَاءِ، وَلَا يَعْمَلُ شَيْئاً مِنَ الْحَقِّ رِئَاءً، وَلَا يَتْرُكُهُ حَيَاءً، انْ زُكِّيَ خَافَ مِمَّا يَقُولُونَ، وَيَسْتَغْفِرُ اللَّهَ لِمَا لَا يَعْلَمُونَ، وَلَا يَضُرُّهُ جَهْلُ مَنْ جَهِلَهُ.

(تحف العقول ص ۲۸۰)

۲۱۔ أَمَّا حَقُّ ذِي الْمَعْرُوفِ عَلَيْكَ: فَأَنْ تَشْكُرَهُ، وَتَذْكُرَ مَعْرُوفَهُ، وَتَنْشُرَ لَهُ الْمَقَالَةَ الْحَسَنَةَ، وَتُخْلِصَ لَهُ الدُّعَاءَ فِيمَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ اللَّهِ سُبْحَانَهُ، فَإِنَّكَ إِذَا فَعَلْتَ ذَلِكَ كُنْتَ قَدْ شَكَرْتَهُ سِرّاً وَعَلَانِيَةً، ثُمَّ إِنْ أَمْكَنَ مُكَافَأَتُهُ بِالْفِعْلِ كَافَأْتَهُ، وَإِلَّا كُنْتَ مُرْصِداً لَهُ، مُوَطِّناً نَفْسَكَ عَلَيْهَا.

(تحف العقول ص ۲٦۵)

۲۲۔ إِنَّ أَحَبَّكُمْ إِلَى اللَّهِ أَحْسَنُكُمْ عَمَلاً، وَإِنَّ أَعْظَمَكُمْ عِنْدَ اللَّهِ عَمَلاً أَعْظَمُكُمْ فِيمَا عِنْدَ اللَّهِ رَغْبَةً، وَإِنَّ أَنْجَاكُمْ مِنْ عَذَابِ اللَّهِ أَشَدُّكُمْ خَشْيَةً لِلَّهِ، وَإِنَّ أَقْرَبَكُمْ مِنَ اللَّهِ أَوْسَعُكُمْ خُلُقاً، وَإِنَّ أَرْضَاكُمْ عِنْدَ اللَّهِ أَسْبَغُكُمْ عَلَى عِيَالِهِ، وَإِنَّ أَكْرَمَكُمْ عَلَى اللَّهِ أَتْقَاكُمْ لِلَّهِ.

(تحف العقول ص ۲۷۹)

۱۹۔ خداوندا مجھے اس (لغزش) سے محفوظ رکھ کہ میں فقیر کیلئے یہ خیال کروں وہ پست "وذلیل" ہے اور مالدار کیلئے خیال کروں کہ وہ برتر (و بلند مقام والا) ہے کیونکہ شریف تو وہ ہے جس کو تیری اطاعت شرف بخشے، اور صاحب عزت وہ ہے جسکو تیری عبادت عزت عطا کرے۔

"صحیفہ سجادیہ، دعا ۳۵"

۲۰۔ مومن کی خصوصیات یہ ہیں کہ "اسکا عمل حلم سے مخلوط ہوتا ہے، وہ (ایسی جگہ) بیٹھتا ہے جہاں سیکھے، خاموش رہتا ہے تاکہ سالم رہے جو بات بطور امانت اسکو بتائی جائے وہ دوستوں پر بھی ظاہر نہیں کرتا، غیروں کی گواہی بھی نہیں چھپاتا، کسی کام کو بطور ریاکاری انجام نہیں دیتا، اور نہ شرم کی وجہ سے اس کو چھوڑ دیتا ہے، اگر اس کی تعریف کی جائے تو تعریف کرنے والوں کی گفتگو سے ڈرتا ہے (کہ کہیں مجھے غرور نہ پیدا ہو جائے) اور جن گناہوں کے بارے میں کسی کو خبر نہیں ہوتی ان سے استغفار کرتا ہے۔ جاہلوں کی نادانی اسکو کوئی ضرر نہیں پہونچا سکتی۔

"تحف العقول ص ۲۸۰"

۲۱۔ احسان کرنے والے کا حق یہ ہے کہ، ۱۔ اس کا شکریہ ادا کرو ۲۔ اس کے احسان کا ذکر کرو ۳۔ اسکے بارے میں اچھی باتیں پھیلاؤ، ۴۔ تمہارے اور خدا کے درمیان جو ہے اس کے واسطے سے خدا سے اس کیلئے دعا کرو، اور اگر ایسا کر دیا تو نہاں و عیاں میں تم نے اس کی قدردانی کی۔ اس کے بعد اگر ہو سکے تو عملاً اس کے محبت کا جبران کرو، ورنہ اسکے انتظار میں رہو اور اپنے نفس کو اس پر آمادہ رکھو۔

"تحف العقول ص ۲۶۵"

۲۲۔ تم میں سب سے زیادہ خدا کے نزدیک محبوب وہ ہے جسکا عمل سب سے اچھا ہو، اور خدا کے نزدیک از روئے عمل تم میں سب سے زیادہ عظیم وہ ہے جسکا جزائے الٰہی پر اشتیاق زیادہ ہو، اور سب سے زیادہ عذاب الٰہی سے نجات پانے والا وہ ہے جو سب سے زیادہ خدا سے ڈرتا ہو اور جو سب سے زیادہ بااخلاق ہے وہی سب سے زیادہ خدا سے قریب ہے۔ اور تم میں سب سے زیادہ خدا کو راضی رکھنے والا وہ ہے جو اپنے عیال پر سب سے زیادہ کشائش عطا کرے، اور خدا کے نزدیک تم میں سب سے زیادہ محترم وہ ہے جو سب سے زیادہ پرہیزگار رہے۔

"تحف العقول، ص ۲۷۹"

۲۳۔ لَوْيَعْلَمُ النّاسُ مٰا فِي طَلَبِ الْعِلْمِ لَطَلَبُوهُ وَلَوْبِسَفْكِ الْمُهَجِ وَخَوْضِ اللُّجَجِ.

(بحارالانوار ج ۱ ص ۱۸۵)

۲۴۔ وَرَأىٰ عَليلاً قَدْ بَرِئَ فَقٰالَ عَلَيْهِ السَّلامُ لَهُ يَهْنَؤُكَ الطَّهُورُمِنَ الذُّنُوبِ، إنَّ اللّهَ قَدْ ذَكَرَكَ فَاذْكُرْهُ وَاَقٰالَكَ فَاشْكُرْهُ.

(تحف العقول ص ۲۸۰)

۲۵۔إتَّقُوا ٱلْكَذِبَ الصَّغيرَمِنْهُ والكَبيرَفي كَلِّ جِدٍّ وَهَزْلٍ.

(تحف العقول ص۲۷۸)

۲۶۔ وَالذُّنُوبُ الَّتِي تَرُدُّ الدُّعٰاءَ: سُوءُ النِّيَّةِ، وَخُبْثُ السَّريرَةِ، وَالنِّفٰاقُ مَعَ ٱلإخْوانِ، وَتَرْكُ التَّصْديقِ بِالإجٰابَةِ، وَتَأخيرُ الصَّلَوٰاتِ الْمَفْرُوضٰاتِحَتّىٰ تَذْهَبَ أوْقٰاتُهٰا، وَتَرْكُ التَّقَرُّبِ إلَى اللّهِ عَزَّوَجَلَّ بِالْبِرِّوَالصَّدَقَةِ، وَاسْتِعْمٰالُ الْبَذاءِ وَالْفُحْشِ في ٱلْقَوْلِ.

(معانی الاخبار ص ۲۷۱)

۲۷۔قيلَ لِعَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِمَا السَّلامُ: كَيْفَ أصْبَحْتَ يَاٱبْنَ رَسُولِ اللّهِ؟ قٰالَ(ع): أصْبَحْتُ مَطْلُوباً بِثَمٰاني خِصٰالٍ؛ اَللّهُ تَعٰالىٰ يَطْلُبُني بِالْفَرائِضِ، وَالنَّبِيُّ(ص) بِالسُّنَّةِ، وَالْعِيٰالُ بِالْقُوتِ، وَالنَّفْسُ بِالشَّهْوَةِ، وَالشَّيْطٰانُ بِالْمَعْصِيَةِ، وَالْحٰافِظٰانِ بِصِدْقِ ٱلْعَمَلِ، وَمَلَكُ الْمَوْتِ بِالرُّوحِ، وَالْقَبْرُ بِالْجَسَدِ، فَأنٰا بَيْنَ هٰذِهِ الْخِصٰالِ مَطْلُوبٌ.

(بحارج ۷۶ ص ۱۵)

۲۳۔ اگر لوگوں کو پتہ چل جائے کہ طلب علم میں کیا فوائد ہیں تو خون بہاکر ، اور دریا کے موجوں میں گھس کر بھی حاصل کرتے ۔

"بحار، ج ۱، ص ۱۸۵"

۲۴۔ امام چہارم نے ایک بیمار کو شفا یافتہ پاکر فرمایا: گناہوں سے (بیماری سے) نجات پانا تجھ کو مبارک ہو، خدا نے تجھ کو یاد رکھا، پس تو بھی اس کا ذکر کر، اور تیرے گناہوں کو ختم کر دیا لہٰذا اس کا شکر ادا کر ۔

(تحف العقول ص ۲۸۰)

۲۵۔ گناہ سے بچو چاہے چھوٹا ہو یا بڑا، شوخی میں ہو یا واقعی طور سے ہو ۔

"تحف العقول، ص ۲۷۸"

۲۶۔ جو چیزیں دعاؤں کے قبول نہ ہونے کی سبب بنتی ہیں ان میں سے یہ (بھی) ہیں، ۱۔ بدنیتی، ۲۔ خبث باطنی، ۳۔ برادران دینی کے ساتھ منافقت، ۴۔ قبولیت دعا پر اعتقاد نہ رکھنا، ۵۔ واجب نمازوں کو ان کے وقت پر نہ پڑھنا اور ان میں اتنی تاخیر کرنا کہ ان کا وقت ہی گزر جائے۔ ۶۔ صدقہ و احسان نہ کر کے تقرب الی اللہ کو چھوڑ دینا، ۷۔ فحش باتیں اور گفتار میں برائی پیدا کر لینا ۔

"معانی الاخبار، ص ۲۷۱"

۲۷۔ امام زین العابدینؑ سے کہا گیا: مولا آپ کی صبح کیسی ہوئی؟ ارشاد فرمایا: اس عالم میں میں نے صبح کی کہ مجھ سے آٹھ چیزوں کا مطالبہ کیا جا رہا تھا ۔ ۱۔ خدا واجبات کا مطالبہ کر رہا تھا ۲۔ رسول خداؐ سنت کا مطالبہ کر رہے تھے۔ ۳۔ بال بچے قوت (لایموت) کا مطالبہ کر رہے تھے، ۴۔ نفس شہوت کا تقاضا کر رہا تھا، ۵۔ شیطان معصیت پر آمادہ کر رہا تھا، ۶۔ کراماً کاتبین (رقیب و عتید) درست عمل کا مطالبہ کر رہے تھے، ۷۔ ملک الموت موت کا مطالبہ کر رہا تھا ۸۔ قبر جسم کا مطالبہ کر رہی تھی۔ پس میں ان سب کا مطلوب تھا۔

"بحار، ج ۷۶، ص ۱۵"

۲۸۔مَنْ اَشْفَقَ مِنَ النّارِ بادَرَ بِالتَّوْبَةِ اِلَى اللهِ مِنْ ذُنُوبِهِ، وَرَاجَعَ عَنِ الْمَحارِمِ.

(تحف العقول ص ۲۸۱)

۲۹۔إيّاكَ وَالاِبْتِهاجَ بِالذَّنْبِ فَإنَّ الاِبْتِهاجَ بِهِ أعْظَمُ مِنْ رُكُوبِهِ.

(بحارالأنوار ج۷۸ ص۱۵۹)

۳۰۔اَلذُّنُوبُ الَّتِي تُغَيِّرُ النِّعَمَ: اَلْبَغْيُ عَلَى النّاسِ، وَالزَّوالُ عَنِ الْعادَةِ فِي الْخَيْرِ وَاصْطِناعِ الْمَعْرُوفِ، وَكُفْرانُ النِّعَمِ، وَتَرْكُ الشُّكْرِ.

(معانی الاخبار ص ۲۷۰)

۳۱۔لا تَمْتَنِعْ مِنْ تَرْكِ الْقَبِيحِ وَإنْ كُنْتَ قَدْ عُرِفْتَ بِهِ.

(بحارالانوار ج۷۸ ص ۱۶۱)

۳۲۔ما مِنْ شَيْءٍ أحَبَّ إلَى اللهِ بَعْدَ مَعْرِفَتِهِ مِنْ عِفَّةِ بَطْنٍ وَفَرْجٍ.

(تحف العقول ص ۲۸۲)

۳۳۔كَمْ مِنْ مَفْتُونٍ بِحُسْنِ الْقَوْلِ فِيهِ، وَكَمْ مِنْ مَغْرُورٍ بِحُسْنِ السِّتْرِ عَلَيْهِ، وَكَمْ مِنْ مُسْتَدْرَجٍ بِالإحْسانِ إلَيْهِ.

(تحف العقول ص ۲۸۱)

۳۴۔مَنْ كَرُمَتْ عَلَيْهِ نَفْسُهُ هانَتْ عَلَيْهِ الدُّنْيا.

(تحف العقول ص۲۷۸)

۲۸۔ جو آتش جہنم سے ڈرے گا وہ خدا سے اپنے گناہوں کے بارے میں جلد توبہ کرے گا اور حرام کاموں کے ارتکاب سے بچے گا

(تحف العقول، ص ۲۸۱)

۲۹۔ خبردار گناہوں پر خوش نہ ہونا کیونکہ گناہوں پر خوش ہونا گناہ کرنے سے زیادہ عظیم ہے

(بحار، ج ۷۸، ص ۱۵۹)

۳۰۔ جو گناہ نعمتوں کو بدل (متغیر) دیتے ہیں ان میں سے یہ (بھی) ہیں، ۱۔ لوگوں پر ظلم کرنا، ۲۔ اچھی عادت کو چھوڑ دینا، ۳۔ نیک پروگرام کو ترک کر دینا، ۴۔ کفران نعمت کرنا، ۵۔ شکر نہ کرنا۔

"معانی الاخبار، ص ۲۷۰"

۳۱۔ برائی کے چھوڑنے میں کوئی تامل نہ کرو چاہے اس سے جتنا بھی آشنا ہو چکے ہو۔

(بحار، ج ۷۸، ص ۱۶۱)

۳۲۔ خدا کی معرفت کے بعد شکم و شرمگاہ کی عفت سے زیادہ کوئی چیز خدا کے نزدیک محبوب نہیں ہے۔

"تحف العقول ص ۲۸۲"

۳۳۔ کتنے ایسے لوگ ہیں جو ان کے، ان کے تعریف سے دھوکہ کھا جاتے ہیں، اور کتنے ایسے لوگ ہیں جو خدا کی اچھی پردہ پوشی کی وجہ سے مغرور ہو جاتے ہیں، اور کتنے ایسے لوگ ہیں جو خدا کے لطف و کرم کی وجہ سے غافل ہو جاتے ہیں۔

"تحف العقول ص ۲۸۱"

۳۴۔ جسکے نزدیک اس کا نفس محترم ہوگا۔ اس کی نظر میں دنیا حقیر و ذلیل ہو جائے گی۔

(تحف العقول، ص ۲۷۸)

۳۵۔ خَيْرُ مَفاتِيحِ الأُمُورِ الصِّدْقُ، وَخَيْرُ خَواتِيمِها الْوَفاءُ.

(بحارج ۷۸ ص ۱۶۱)

۳۶۔ اَلرِّضا بِمَكْرُوهِ الْقَضاءِ اَرْفَعُ دَرَجاتِ الْيَقينِ

(بحارالانوارج ۷۸ ص ۱۳۵)

۳۷۔ قيلَ لَهُ: مَنْ أَعْظَمُ النّاسِ خَطَراً؟ فَقالَ عليه السلام: من لَمْ يَرَ الدُّنْيا خَطَرا لِنَفْسِهِ

(بحار الانوارج ۷۸ ص ۱۳۵)

۳۸۔ اَيُّهَا النّاسُ اتَّقُوا اللّهَ وَاعْلَمُوا اَنَّكُمْ اِلَيْهِ راجِعُونَ فَتَجِدُ كُلُّ نَفْسٍ ما عَمِلَتْ مِنْ خَيْرٍ مُحْضَراً وَما عَمِلَتْ مِنْ سُوءٍ تَوَدُّ لَوْ اَنَّ بَيْنَها وَبَيْنَهُ اَمَداً بَعيداً وَيُحَذِّرُكُمُ اللّهُ نَفْسَهُ، وَيْحَكَ يَابْنَ آدَمَ الْغافِلَ وَلَيْسَ مَغْفُولاً عَنْهُ اِنَّ اَجَلَكَ اَسْرَعُ شَيْءٍ اِلَيْكَ قَدْ اَقْبَلَ نَحْوَكَ حَثيثاً يَطْلُبُكَ وَيُوشِكُ اَنْ يُدْرِكَكَ فَكَانَ قَدْ اَوْفَيْتَ اَجَلَكَ وَقَدْ قَبَضَ الْمَلَكُ رُوحَكَ وَصِرْتَ اِلى قَبْرِكَ وَحيداً، فَرَدَّ اِلَيْكَ رُوحَكَ، وَاقْتَحَمَ عَلَيْكَ مَلَكاكَ مُنْكَرٌ وَنَكيرٌ لِمُسَاءَلَتِكَ وَشَديدِ امْتِحانِكَ، اَلا وَاِنَّ اَوَّلَ ما يَسْئَلانِكَ عَنْ رَبِّكَ، الَّذى كُنْتَ تَعْبُدُهُ، وَعَنْ نَبِيِّكَ الَّذى اُرْسِلَ اِلَيْكَ، وَعَنْ دينِكَ الَّذى كُنْتَ تَدينُ بِهِ، وَعَنْ كِتابِكَ الَّذى كُنْتَ تَتْلُوهُ، وَعَنْ اِمامِكَ الَّذى كُنْتَ تَتَوَلّاهُ، وَعَنْ عُمْرِكَ فيما اَفْنَيْتَ، وَعَنْ مالِكَ مِنْ اَيْنَ اكْتَسَبْتَهُ، وَفيما اَنْفَقْتَهُ.

(تحف العقول ص ۲۴۹)

۳۵۔ سچائی بہترین کلید امور ہے، اور وفاداری تمام امور کا بہترین خاتمہ ہے۔

"بحار، ج ۷۸، ص ۱۶۱"

۳۶۔ ناخوشگوار مقدرات پر راضی رہنا یقین کا سب سے بلند درجہ ہے۔

بحار، ج ۷۸، ص ۱۹"

۳۷۔ حضرت سجادؑ سے پوچھا گیا: سب سے زیادہ کس کو خطرہ ہے؟ حضرت نے فرمایا جس نے اپنے لئے دنیا کو خطرہ نہ سمجھا۔ "بحار ج ۷۸، ص ۱۳۵"

۳۸۔ لوگو تقوائے الٰہی اختیار کرو اور یہ جان لو کہ (تمہاری) اسی کی طرف بازگشت ہے۔ اور (اس دن) ہر شخص اپنے عمل خیر کو موجود پائے گا۔ اور برے عمل کیلئے خواہش کرے گا کاش میرے اور اس برے عمل کے درمیان ایک طویل فاصلہ ہوتا، خدا تم کو اپنے سے خوف دلاتا ہے۔

اے آدم کی غافل اولاد تجھ پر وائے ہو (تو تو غافل ہے) مگر وہ دنیا کی بیدار آنکھیں تجھ سے غافل نہیں ہیں۔ موت سب سے زیادہ تیز تیری طرف آنے والی ہے۔ بڑی جلدی میں تجھ کو تلاش کرتی ہوئی آرہی ہے اور قریب ہے کہ تجھے آلے۔ اس وقت تیری عمر کا پیمانہ لبریز ہوچکا ہوگا، ملک تیری روح نکال چکا ہوگا اور تو تنہا اپنی قبر میں ہوگا۔ پھر تیری روح واپس کی جائے گی اور منکر و نکیر دو فرشتے تیرے پاس سخت امتحان کیلئے آئیں گے اور سوال کرنے آئیں گے۔ آگاہ ہوجاؤ سب سے پہلے تجھ سے تیرے خدا کے بارے میں جس کی تو عبادت کرتا تھا پوچھا جائے گا۔ اس کے بعد اس نبی کے بارے میں سوال کیا جائیگا جسکو تیری طرف بھیجا گیا ہے۔ اور اس دین کے بارمیں پوچھا جائیگا جس دین پر تم تھے۔ اور اس کتاب کے بارے میں پوچھا جائے گا جس کی تم تلاوت کرتے تھے اور اس امام کے بارمیں سوال کیا جائیگا جس کی ولایت کے قائل تھے اور عمر کے بارمیں پوچھا جائے گا کہ کس میں فنا کیا، اور مال کے بارے میں سوال ہوگا، کہاں سے حاصل کیا اور کہاں خرچ کیا۔

"تحف العقول ص ۲۴۹"

۳۹۔ فَحَقُّ أُمِّكَ أَنْ تَعْلَمَ أَنَّهَا حَمَلَتْكَ حَيْثُ لَا يَحْمِلُ أَحَدٌ أَحَداً، وَأَطْعَمَتْكَ مِنْ ثَمَرَةِ قَلْبِهَا مَالَا يُطْعِمُ أَحَدٌ أَحَداً، وَأَنَّهَا وَقَتْكَ بِسَمْعِهَا، وَبَصَرِهَا، وَيَدِهَا، وَرِجْلِهَا وَشَعْرِهَا، وَبَشَرِهَا وَجَمِيعِ جَوَارِحِهَا مُسْتَبْشِرَةً بِذٰلِكَ، فَرِحَةً، مُوَابِلَةً مُحْتَمِلَةً لِمَا فِيهِ مَكْرُوهُهَا وَأَلَمُهَا وَثِقْلُهَا وَغَمُّهَا حَتّٰى دَفَعَتْهَا عَنْكَ يَدُ الْقُدْرَةِ وَأَخْرَجَتْكَ إِلَى الْأَرْضِ، فَرَضِيَتْ أَنْ تَشْبَعَ وَتَجُوعَ هِيَ، وَتَكْسُوكَ وَتَعْرٰى، وَتَرْوِيكَ وَتَظْمَأُ، وَتُظِلَّكَ وَتَضْحٰى، وَتُنَعِّمَكَ بِبُؤْسِهَا، وَتُلَذِّذَكَ بِالنَّوْمِ بِأَرَقِهَا، وَكَانَ بَطْنُهَا لَكَ وِعَاءً، وَحِجْرُهَا لَكَ حِوَاءً وَثَدْيُهَا لَكَ سِقَاءً وَنَفْسُهَا لَكَ وِقَاءً، تُبَاشِرُ حَرَّ الدُّنْيَا وَبَرْدَهَا لَكَ وَدُونَكَ، فَتَشْكُرُهَا عَلٰى قَدْرِ ذٰلِكَ، وَلَا تَقْدِرُ عَلَيْهِ إِلَّا بِعَوْنِ اللّٰهِ وَتَوْفِيقِهِ

(تحف العقول ص ۲۶۳)

۴۰۔ فَخُذْ حِذْرَكَ، وَانْظُرْ لِنَفْسِكَ، وَأَعِدَّ الْجَوَابَ قَبْلَ الْإِمْتِحَانِ، وَالْمُسَاءَلَةِ وَالْإِخْتِبَارِ، فَإِنْ تَكُ مُؤْمِناً عَارِفاً بِدِينِكَ، مُتَّبِعاً لِلصَّادِقِينَ، مُوَالِياً لِأَوْلِيَاءِ اللّٰهِ لَقَّاكَ اللّٰهُ حُجَّتَكَ وَأَنْطَقَ لِسَانَكَ بِالصَّوَابِ فَأَحْسَنْتَ الْجَوَابَ وَبُشِّرْتَ بِالْجَنَّةِ وَالرِّضْوَانِ مِنَ اللّٰهِ، وَاسْتَقْبَلَتْكَ الْمَلَائِكَةُ بِالرَّوْحِ وَالرَّيْحَانِ، وَإِنْ لَمْ تَكُنْ كَذٰلِكَ تَلَجْلَجَ لِسَانُكَ، وَدَحَضَتْ حُجَّتُكَ وَعَيِيتَ عَنِ الْجَوَابِ وَبُشِّرْتَ بِالنَّارِ، وَاسْتَقْبَلَتْكَ مَلَائِكَةُ الْعَذَابِ بِنُزُلٍ مِنْ حَمِيمٍ وَتَصْلِيَةِ جَحِيمٍ

(تحف العقول ص ۲۴۹ ــ ۲۵۰)

۳۹۔ تمہارے اوپر تمہاری ماں کا یہ حق ہے کہ تم یہ جان لو کہ تم کو ایسی جگہ اٹھایا جہاں کوئی کسی کو اٹھا نہیں سکتا، اور اپنا میوہ دل تم کو کھلایا جو کوئی کسی کو کھلا نہیں سکتا ہے۔ اس نے بڑی خوشی و مسرت سے اپنی آنکھوں، کانوں، ہاتھوں، پیروں، بال و کھال و تمام اعضاء و جوارح کو تیرے لئے ڈھال بنایا، اور تمام رنج و غم و الم سنگینی و ناپسندیدگی کو اس وقت تک برداشت کیا جب تک دست قدرت نے تجھے رحم مادر سے نکال کر زمین تک نہ پہونچا دیا۔ وہ اس بات پر خوش تھی کہ تو شکم سیر رہے چاہے وہ بھوکی ہو، تجھ کو لباس پہنائے چاہے خود برہنہ ہو، تجھ کو سیراب کرے چاہے خود پیاسی رہے، تجھ پر سایہ کرے چاہے خود دھوپ میں رہے، تجھ کو ناز و نعم میں رکھے چاہے خود سختی برداشت کرے، خود بیدار رہ کر تجھے خواب نوشین کا مزا عطا کرے، اس کا پیٹ تیرے وجود کیلئے ظرف تھا، اس کی گود تیرے لئے محل نوازش تھی، اس کے پستان تیرے لئے ذریعہ سیرابی تھے اور اس کی ذات تیرے لئے باعث حفاظت تھی، دنیا کا سرد و گرم تیرے لئے برداشت کرتی تھی لہٰذا تو بھی اسی قدر اس کا شکریہ ادا کر، مگر تو اس پر خدا کی مدد و توفیق کے بغیر کامیاب نہیں ہو سکتا۔ "تحف العقول، ص ۲۶۳"

۴۰۔ اپنے دفاع کا ذریعہ فراہم کرو، اپنے بارے میں غور کرو، امتحان و اختبار اور سوال سے پہلے جواب کیلئے آمادہ و تیار ہو جاؤ، اگر تم مومن اور اپنے دین کے عارف، اور صادقین کے پیرو، خاصان خدا کے چاہنے والے ہو تو خدا (عالم قبر میں) سوال کے وقت اپنی حجت تم کو سکھا دے گا اور تمہاری زبان پر صحیح جواب جاری ہو جائے گا اور تم عمدہ جواب دیدو گے اور خدا کی طرف سے تم کو جنت اور رضائے الٰہی کی بشارت دیدی جائے گی اور ملائکہ خوشی و خرمی کے ساتھ تیرا استقبال کریں گے ــــ لیکن اگر تم ایسے نہ ہو [illegible] لکنت کرے گی، تمہاری دلیل باطل ہو جائے گی، تم جواب سے عاجز ہو گے، اور تم کو دوزخ کی اطلاع دیدی جائے گی اور عذاب کے ملائکہ گرم پانی اور القائے دوزخ کے ساتھ تمہارا استقبال کریں گے۔ "تحف العقول، ص ۲۴۹-۲۵۰"

معصوم ہفتم "

امام پنجم، حضرت امام محمد باقر علیہ السلام

اور آپ کی چالیس حدیثیں

معصوم ہفتم

امام پنجم
حضرت امام محمد باقر علیہ السلام

نام: --- محمدؑ بن علیؑ

لقب: --- باقر،

کنیت: --- ابوجعفر ۔ --- باپ: --- امام زین العابدین (ع)

ماں --- فاطمہ بنت امام حسنؑ " " اس طرح آپ ماں باپ دونوں کی طرف سے علوی وہاشمی تھے "

تاریخ ولادت: -- یکم رجب، بقولے سوم رجب،

محل ولادت: -- مدینہ منورہ

سن ولادت: -- ۵۷ ہجری ۔

تاریخ شہادت: -- ۷ ذی الحجہ ۔ -- روز شہادت: --- دوشنبہ ۔

سن شہادت: -- ۱۱۴ ہجری ق، -- جائے شہادت: --- مدینہ منورہ ۔

مدفن: -- بقیع مدینہ منورہ ۔ -- عمر: --- ۵۷ سال ۔

سبب شہادت: -- ہشام بن عبدالملک کے حکم سے زہر دیا گیا ۔

دوران عمر: -- اس کو تین حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے ۔ ۱۔ تین سال ۶ ماہ دس دن اپنے جد امام حسینؑ کے ساتھ رہے ۔ ۲ ۔ ۳۴ سال ۱۵ دن اپنے باپ امام زین العابدینؑ کے ساتھ رہے ۔ ۳۔ ۱۹ سال دس ماہ بارہ دن آپ کی امامت تھی ۔ اس زمانہ میں چونکہ بنی امیہ اور بنی عباس برسرپیکار تھے ۔ اس لئے امام محمدؑ باقرؑ نے اس موقع سے فائدہ اٹھایا بہت سے شاگردوں کی تربیت فرمائی ۔ تشیع کو پھیلایا اور اسے استحکام بخشا، اور فرہنگی انقلاب پیدا کیا ۔

اربعون حديثاً

عن الامام محمد الباقر عليه السلام

۱۔ مَنْ مَشٰى اِلٰى سُلْطانٍ جائِرٍ فَأمَرَهُ بِتَقْوَى اللّهِ وَخَوَّفَهُ وَوَعَظَهُ، كانَ لَهُ مِثْلُ أجْرِ الثَّقَلَيْنِ مِنَ الْجِنِّ وَالإنْسِ وَمِثْلُ أعْمالِهِمْ. (بحارالانوار ج ۷۵ ص ۳۷۵)

۲۔ بُنِيَ الإسْلامُ عَلٰى خَمْسٍ: إقامِ الصَّلاةِ، وَايتاءِ الزَّكاةِ وَحَجِّ الْبَيْتِ وَصَوْمِ شَهْرِ رَمَضانَ، وَالْوِلايَةِ لَنا أهْلِ الْبَيْتِ، فَجُعِلَ في أرْبَعٍ مِنْها رُخْصَةٌ، وَلَمْ يُجْعَلْ في الْوِلايَةِ رُخْصَةٌ، مَنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ مالٌ لَمْ تَكُنْ عَلَيْهِ الزَّكاةُ، وَمَنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ مالٌ فَلَيْسَ عَلَيْهِ حَجٌّ، وَمَنْ كانَ مَريضاً صَلّٰى قاعِداً، وَأفْطَرَ شَهْرَ رَمَضانَ وَالْوِلايَةُ صَحيحاً كانَ أوْ مَريضاً أوْ ذامالٍ أوْلامالَ لَهُ فَهِيَ لازِمَةٌ.
(وسائل الشيعة ج ۱ ص ۱٤)

۳۔ أوْحَى اللّهُ إلٰى شُعَيْبَ إنّي مُعَذِّبٌ مِنْ قَوْمِكَ مِئَةَ ألْفٍ: أرْبَعينَ ألْفاً مِنْ شِرارِهِمْ وَسِتّينَ ألْفاً مِنْ خِيارِهِمْ، فَقالَ: يا رَبِّ هٰؤُلاءِ الأشْرارُ فَما بالُ الأخْيارِ؟ فَأوْحَى اللّهُ عَزَّوَجَلَّ إلَيْهِ: داهَنُوا أهْلَ الْمَعاصي فَلَمْ يَغْضَبُوا لِغَضَبي. (مشكوة الانوار ص ۵۱)

امام محمد باقرؑ کی چالیس حدیثیں

۱۔ جو ظالم بادشاہ کے پاس جاکر اس کو تقویٰ کا حکم دے، خوف خدا دلائے، اس کو نصیحت کرے، اسکو جن وانس کا اجر ملے گا اور ان کے اعمال کے مثل جزا ملے گی۔ (بحار، ج ۷۵، ص ۳۷۵)

۲۔ اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے۔ ۱۔ نماز قائم کرنا، ۲۔ زکوٰۃ دینا، ۳۔ حج کرنا، ۴۔ ماہ رمضان کا روزہ رکھنا، ۵۔ ہم اہلبیتؑ کی محبت، پہلی چار چیزوں کے بارے میں (بعض مقامات پر) ترک کی اجازت دی گئی ہے لیکن ہماری محبت کے بارے میں (کہیں بھی) ترک کی اجازت نہیں ہے (مثلاً) جس کے پاس مال نہیں ہے اس پر زکات ہی نہیں ہے اور نہ اس پر حج ہے۔ اور جو مریض ہے وہ بیٹھ کر نماز پڑھ سکتا ہے، رمضان کے روزے چھوڑ سکتا ہے، لیکن ہماری محبت سب پر واجب ہے چاہے صحیح وسالم ہو یا مریض ہو، غریب ہو یا مالدار ہو۔ اسحٰق ابراھیم
"وسائل الشیعہ ج ۱، ص ۱۴"

۳۔ خداوند عالم نے حضرت شعیب پر وحی فرمائی: میں تمہاری قوم کے ایک لاکھ آدمیوں پر عذاب کروں گا۔ چالیس ہزار برے لوگوں پر اور ساٹھ ہزار اچھے لوگوں پر!
جناب شعیب نے عرض کیا: پالنے والے چالیس ہزار تو واقعی اپنی برائی کی وجہ سے مستحق عذاب ہیں مگر یہ ساٹھ ہزار جو نیک ہیں ان پر کیوں عذاب ہوگا؟
خداوند عالم نے جناب شعیب پر وحی فرمائی، اس لئے کہ یہ نیک لوگ ان برے لوگوں کے بارے میں سستی برتتے تھے، میرے غضبناک ہونے کے باوجود ان سے ناراض نہیں ہوئے (بلکہ ان سے میل محبت رکھتے تھے، نہی از منکر نہیں کرتے تھے) "مشکوۃ الانوار، ص ۵۱"

٤ـ ذِرْوَةُ الأَمْرِ وَسَنامُهُ، وَمِفْتاحُهُ، وَبابُ الأَشْياءِ، وَرِضَى الرَّحْمٰنِ، الطّاعَةُ لِلإِمامِ بَعْدَ مَعْرِفَتِهِ، أَما لَوْأَنَّ رَجُلاً قامَ لَيْلَهُ وَصامَ نَهارَهُ، وَتَصَدَّقَ بِجَميعِ مالِهِ وَحَجَّ جَميعَ دَهْرِهِ، وَلَمْ يَعْرِفْ وِلايَةَ وَلِيِّ اللّٰهِ فَيُوالِيه وَيَكُون جَميعُ أَعْمالِهِ بِدَلالَتِهِ إِلَيْهِ ما كانَ لَهُ عَلَى اللّٰهِ حَقٌّ في ثَوابِهِ وَلا كانَ مِنْ أَهْلِ الإيمانِ.

(وسائل الشيعة ج ١ ص ٩١)

٥ـ وَاعْلَمْ بِأَنَّكَ لا تَكُونُ لَنا وَلِيّاً حَتّى لَوِاجْتَمَعَ عَلَيْكَ أَهْلُ مِصْرِكَ وَقالُوا: إِنَّكَ رَجُلُ سوءٍ لَمْ يَحْزُنْكَ ذٰلِكَ، وَلَوْقالُوا: إِنَّكَ رَجُلٌ صالِحٌ لَمْ يَسُرَّكَ ذٰلِكَ وَلٰكِن اعْرِضْ نَفْسَكَ عَلىٰ كِتابِ اللّٰهِ، فَإِنْ كُنْتَ سالِكاً سَبيلَهُ زاهِداً في تَزْهيدِهِ راغِباً في تَرْغيبِهِ خائِفاً مِنْ تَخْويفِهِ فَاثْبُتْ وَأَبْشِرْ، فَإِنَّهُ لا يَضُرُّكَ ما قيلَ فيكَ.

(تحف العقول ص ٢٨٤)

٦ـ عَنْ سُلَيْمانِ بْنِ خالِدٍ، عَنْ أَبي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلامُ: قالَ: أَلا أُخْبِرُكَ بِالإِسْلامِ أَصْلِهِ وَفَرْعِهِ وَذِرْوَةِ سَنامِهِ؟ قُلْتُ: بَلىٰ جُعِلْتُ فِداكَ . قالَ: أَمّا أَصْلُهُ فَالصَّلاةُ وَفَرْعُهُ الزَّكاةُ وَذِرْوَةُ سَنامِهِ الْجِهادُ، ثُمَّ قالَ: إِنْ شِئْتَ أَخْبَرْتُكَ بِأَبْوابِ الْخَيْرِ قُلْتُ: نَعَمْ جُعِلْتُ فِداكَ . قالَ: الصَّوْمُ جُنَّةٌ مِنَ النّارِ، وَالصَّدَقَةُ تَذْهَبُ بِالْخَطيئَةِ، وَقِيامُ الرَّجُلِ في جَوْفِ اللَّيْلِ بِذِكْرِ اللّٰهِ. (اصول الكافي ج٢ ص٢٣)

۴۔ امام کی معرفت کے بعد اس کی اطاعت ہی بالاترین مقام، اور اعلیٰ ترین جگہ، دین کی کلید، شئون زندگی کا دروازہ، اور خوشنودی الٰہی (کا سبب) ہے (یاد رکھو) اگر کوئی شخص (ہمیشہ) دنوں کو روزہ رکھتا رہے، راتوں کو عبادت میں بسر کرتا رہے اپنے تمام مال کو (راہ خدا میں) صدقہ کردے، زندگی بھر حج کرتا رہے، اور ولی خدا کی امامت و ولایت کو نہ پہچانتا ہو کہ اس سے اپنے روابط کو برقرار رکھتا ہو اور تمام اعمال اس کی ہدایت کے مطابق انجام دیتا ہو تو ایسے شخص کو نہ خدا کی طرف سے کوئی ثواب ملے گا اور نہ وہ اہل ایمان سے ہوگا۔ "وسائل الشیعہ، ج ۱، ص ۹۱"

۵۔ یہ جان لو کہ تم ہمارے دوست و مددگار اس وقت تک نہیں ہو سکتے (جب تک تم میں یہ صفت نہ پیدا ہو جائے کہ) چاہے تمہارے پورے شہر والے مل کر تم کو کہیں کہ تم بہت برے آدمی ہو تو تمکو اس سے کوئی تکلیف نہ ہو اور (اسی طرح) اگر سب مل کر کہیں کہ تم بہت اچھے آدمی ہو تو اس سے تمکو کوئی خوشی نہ ہو۔ بلکہ تم اپنی ذات کو قرآن پر پیش کرو اگر تم قرآن کے راستے کے مالک ہو اور قرآن نے جس سے زہد کرنے کو کہا ہے اس سے زاہد ہو۔ ترغیبات قرآن میں راغب ہو، قرآن کی ڈرائی ہوئی چیزوں سے ڈرتے ہو تو اسی پر ثابت قدم رہو اور تمکو بشارت ہو کہ لوگ تمہارے بارے میں چاہے جو کہتے ہوں اس سے تم کو کوئی نقصان نہیں پہونچے گا۔

"تحف العقول ص ۲۸۴"

۶۔ سلیمان بن خالد سے منقول ہے کہ امام محمد باقرؑ نے فرمایا: کیا تم نہیں چاہتے کہ اسلام کی اصل وفرع اور اس کی سب سے بلندی کو بیان کروں؟ میں نے عرض کیا: آپ پر قربان جاؤں ضرور بیان فرمائیے! فرمایا: اسلام کی اصل نماز، اس کی فرع زکات اور اس کے کوہان کی بلندی جہاد ہے، اسکے بعد فرمایا: اگر تم چاہو تو خیر کے ابواب بھی بیان کردوں۔ میں نے عرض کیا: آپ پر قربان جاؤں ضرور فرمائیے، فرمایا: روزہ [illegible] سے سپر ہے، صدقہ گناہوں کو ختم کردیتا ہے اسی طرح، آدھی رات کو اٹھ کر ذکر خدا کرنا بھی گناہوں کو ختم کردیتا ہے۔ "اصول کافی، ج ۲، ص ۲۳"

۷۔ كُلُّ مَنْ دانَ اللّهَ بِعِبادَةٍ يَجْهَدُ فيها نَفْسَهُ وَلا إمامَ لَهُ مِنَ اللّهِ فَسَعْيُهُ غَيْرُ مَقْبُولٍ، وَهُوَ ضالٌّ مُتَحَيِّرٌ وَاللّهُ شانِئٌ لِأَعْمالِهِ وَمَثَلُهُ كَمَثَلِ شاةٍ ضَلَّتْ عَنْ راعيها وَقَطيعِها، فَهَجَمَت ذاهِبَةً وَجائِيَةً يَوْمَها، فَلَمّا جَنَّهَا اللَّيْلُ بَصُرَتْ بِقَطيعٍ مَعَ غَيْرِ راعيها، فَحَنَّتْ إلَيْها وَاغْتَرَّتْ بِها، فَباتَتْ مَعَها في رَبْضَتِها فَلَمّا أنْ ساقَ الرّاعي قَطيعَهُ أنْكَرَتْ راعيها وَقَطيعَها، فَهَجَمَتْ مُتَحَيِّرَةً تَطْلُبُ راعيَها وَقَطيعَها، فَبَصُرَتْ بِغَنَمٍ مَعَ راعيها، فَحَنَّتْ إلَيْها وَاغْتَرَّتْ بِها، فَصاحَ بِهَا الرّاعي إلْحَقي بِراعيكِ وَقَطيعِكِ، فَإنَّكِ تائِهَةٌ مُتَحَيِّرَةٌ عَنْ راعيكِ وَقَطيعِكِ فَهَجَمَتْ ذَعِرَةً مُتَحَيِّرَةً نادَّةً لا راعِيَ لَها يُرْشِدُها إلى مَرْعاها أوْ يَرُدُّها، فَبَيْنا هِيَ كَذلِكَ إذا اغْتَنَمَ الذِّئْبُ ضَيْعَتَها فَأكَلَها، وَكَذلِكَ وَاللّهِ يا مُحَمَّدُ مَنْ أصْبَحَ مِنْ هذِهِ الاُمَّةِ لا إمامَ لَهُ مِنَ اللّهِ جَلَّ وَعَزَّ ظاهِراً عادِلاً أصْبَحَ ضالاً تائِهاً وَإنْ ماتَ عَلى هذِهِ الْحالِ ماتَ ميتَةَ كُفْرٍ وَنِفاقٍ. (اصول الكافي ج ۱ ص ۳۷۵)

۸۔ مَنْ أحَبَّ لِلّهِ وَأبْغَضَ لِلّهِ وَأعْطى لِلّهِ فَهُوَ مِمَّنْ كَمُلَ ايمانُهُ.
(اصول الكافى ج ۲، ص ۱۲٤)

۹۔ عَنْ جابِرٍ عَنْ أبي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلامُ قالَ: قالَ لي يا جابِرُ أيَكْتَفي مَنْ يَنْتَحِلُ التَّشَيُّعَ أنْ يَقولَ بِحُبِّنا أهْلَ الْبَيْتِ؟ فَوَاللّهِ ما شيعَتُنا إلاّ مَنِ اتَّقَى اللّهَ وَأطاعَهُ، وَما كانُوا يُعْرَفُونَ يا جابِرُ إلاّ بِالتَّواضُعِ، وَالتَّخَشُّعِ، وَالأمانَةِ، وَكَثْرَةِ ذِكْرِ اللّهِ، وَالصَّوْمِ، وَالصَّلاةِ، وَالْبِرِّ بِالْوالِدَيْنِ، وَالتَّعاهُدِ لِلْجيرانِ مِنَ الْفُقَراءِ وَأهْلِ الْمَسْكَنَةِ وَالْغارِمينَ وَالأيْتامِ، وَصِدْقِ الْحَديثِ، وَتِلاوَةِ الْقُرْآنِ، وَكَفِّ الألْسُنِ عَنِ النّاسِ إلاّ مِنْ خَيْرٍ، وَكانُوا اُمَناءَ عَشائِرِهِمْ فِي الأشْياءِ.
(اصول كافى ج ۲ ص ۷٤)

۷۔ جو شخص خدا کی عبادت کسی دین کے مطابق کرے اور اسمیں اپنے نفس کو مشقت میں ڈالے لیکن خدا کی طرف سے معین ہوئے امام کو اپنا امام نہ تسلیم کرے اسکی ساری زحمت نامقبول ہے اور وہ گمراہ و سرگرداں ہے اور خدا اس کے اعمال کا دشمن ہے اس کی مثال اس بھیڑ کی ہے جو اپنے گلہ اور چرواہے سے گم ہوگئی ہو اور دن بھر ادھر ادھر ماری ماری پھر رہی ہو اور رات آنے پر کسی گلہ کو دیکھ جسکا چرواہا اسکے گلہ کا چرواہا نہ ہو، دیکھ کر دھوکہ سے اسمیں شامل ہو جائے اور رات بھر اسی گلہ میں سوئے اور جب صبح کو چرواہا گلہ کو ہنکائے تو وہ گلہ اور چرواہے دونوں کو نہ پہچان کر پھر سرگرداں و پریشان ہو جائے اور اپنے چرواہے اور گلہ کی تلاش میں لگ جائے اور پھر ایک گلہ کو چرواہے کے ساتھ دیکھ کر اس کی طرف دوڑے اور پھر دھوکہ کھا جائے، اور چرواہا اسکو دیکھ کر ڈانٹے اپنے گلے اور اپنے چرواہے کے ساتھ جا کر مل جا۔ کیونکہ تو اپنے گلہ سے اور چرواہے سے الگ ہو چکی ہے اور متحیر و پریشان ہے اور وہ بھیڑ خوفزدہ و متحیر ہو کر ادھر ادھر بھاگ رہی ہو۔ اسکا چرواہا نہیں ہے جو اسکو چراگاہ تک پہونچا سکے یا اس کو اس کی منزل تک پہونچا دے۔ اور اسی درمیان بھیڑیا فرصت کو غنیمت جان کر اسکو پھاڑ کھائے۔ خدا کی قسم اے محمدؐ اسی طرح اس امت میں کا جو شخص خدا کی طرف سے معین شدہ ظاہر و عادل امام کا قائل نہ ہوا وہ گمراہ و پریشان ہو جائیگا۔ اور اگر اسی عالم میں مر گیا تو کفر و نفاق کی موت مریگا۔

"اصول کافی، ج ۱، ص ۳۷۵"

۸۔ جو خدا کیلئے دوستی اور دشمنی رکھے اور خدا کیلئے عطا کرے وہی کامل الایمان ہے۔ (اصول کافی، ج ۲، ص ۱۲۴)

۹۔ جابر کہتے ہیں: امام محمد باقرؑ نے مجھ سے فرمایا: اے جابر کیا ہمارے شیعوں کیلئے زبانی ہم اہلبیت کی محبت کافی ہے؟ خدا کی قسم ہمارا شیعہ وہ ہے جو اطاعت و تقویٰ کو پیشہ بنائے۔ اور ہمارے شیعوں کی پہچان انکساری، فروتنی، خشوع، امانت داری، کثرت سے ذکر خدا، روزہ، نماز، والدین کے ساتھ نیکی کرنا، پڑوسیوں کی فقر و فاقہ سے دیکھ بھال کرنا، فقیروں، مسکینوں، قرضداروں، یتیموں (کی مدد کرنا) سچ بولنا تلاوت قرآن کرنا، لوگوں کے بارے میں خیر کے علاوہ کچھ نہ کہنا، تمام امور میں قبیلوں کیلئے امین ہونا ہے"

(اصول کافی، ج ۲، ص ۷۴)

١٠-إنَّمَا الْمُؤْمِنُ الَّذي إذٰارَضِيَ لَمْ يُدْخِلْهُ رِضٰاهُ في إثْمٍ وَلٰا بٰاطِلٍ، وَإذٰا سَخَطَ لَمْ يُخْرِجْهُ سَخَطُهُ مِنْ قَوْلِ الْحَقِّ، وَالَّذي إذٰا قَدِرَلَمْ تُخْرِجْهُ قُدْرَتُهُ إلَى التَّعَدّی إلىٰ مٰا لَيْسَ لَهُ بِحَقٍّ.
(اصول الكافی ج ٢ ص ٢٣٤)

١١-مٰا مِنْ عَبْدٍ إلاّ وَفي قَلْبِهِ نُكْتَةٌ بَيْضٰاءُ، فَإذٰا أذْنَبَ ذَنْباً خَرَجَتْ فِي النُّكْتَةِ نُكْتَةٌ سَوْدٰاءُ، فَإنْ تٰابَ ذَهَبَ تِلْكَ السَّوٰادُ، وَإنْ تَمٰادىٰ فِي الذُّنُوبِ زٰادَ ذٰلِكَ السَّوٰاد حَتّى يُغَطِّيَ الْبَيٰاضَ، فَإذٰا غَطَّى الْبَيٰاضَ لَمْ يَرْجِعْ صٰاحِبُهُ إلىٰ خَيْرٍ أبَداً، وَهُوَقَوْلُ اللّهِ عَزَّوَجَلَّ: «كَلاّ بَلْ رٰانَ عَلىٰ قُلُوبِهِمْ مٰا كٰانُوا يَكْسِبُونَ».
(بحارالانوار ج٧٣ ص ٣٣٢)

١٢-إنَّ الرَّجُلَ إذٰا أَصٰابَ مٰالاً مِنْ حَرٰامٍ لَمْ يُقْبَلْ مِنْهُ حَجٌّ وَلٰا عُمْرَةٌ وَلٰاصِلَةُ رَحِمٍ...
(بحارالانوار ج ٩٩ ص ١٢٥)

١٣-اَلْكَمٰالُ كُلُّ الْكَمٰالِ التَّفَقُّهُ في الدّينِ وَالصَّبْرُ عَلىٰ النّائِبَةِ وَتَقْديرُ الْمَعيشَةِ.
(تحف العقول ص ٢٩٢)

١٤-ثَلاثَةٌ مِنْ مَكٰارِمِ الدُّنْيٰا وَالآخِرَةِ: اَنْ تَعْفُوَ عَمَّنْ ظَلَمَكَ. وَتَصِلَ مَنْ قَطَعَكَ. وَتَحْلُمَ إذٰا جُهِلَ عَلَيْكَ.
(تحف العقول ص ٢٩٣)

١٥-إنَّ اللّهَ كَرِهَ إلْحٰاحَ النّاسِ بَعْضِهِمْ عَلىٰ بَعْضٍ فِي الْمَسْألَةِ وَأَحَبَّ ذٰلِكَ لِنَفْسِهِ.
(تحف العقول ص ٢٩٣)

١٦-عٰالِمٌ يُنْتَفَعُ بِعِلْمِهِ أفْضَلُ مِنْ سَبْعينَ أَلْفَ عٰابِدٍ.
(تحف العقول ص ٢٩٤)

۱۰۔ حقیقی مومن وہی ہے جو اگر خوش ہو تو اس کی خوشی اس کو کسی گناہ یا باطل پر آمادہ نہ کردے اور اگر ناراض ہو تو اسکی ناراضگی اسکو حق بات کہنے سے نہ روکے ، اور جب صاحب اقتدار ہو تو اس کا اقتدار اس کو ناحق کی طرف نہ کھینچ لے جائے ۔
(اصول کافی ج ۲ ، ص ۲۳۴)

۱۱۔ ہر بندے کے دل میں ایک سفید نقطہ ہوتا ہے ۔ جب بندہ گناہ کرتا ہے تو اس نقطہ میں سیاہ نقطہ پیدا ہوجاتا ہے ۔ اگر اس نے توبہ کرلی تو وہ سیاہی دور ہوجاتی ہے اور اگر توبہ نہ کی اور گناہ پر گناہ کئے گیا تو وہ سیاہی زیادہ ہوتی رہتی ہے یہاں تک کہ پوری سفیدی چھپ جاتی ہے پھر جب سفیدی چھپ جاتی ہے تو وہ شخص پھر خیر کی طرف نہیں پلٹتا اور خدا کے اس قول: " کَلاّ بَل رٰانَ علیٰ قُلُوبِهِم ما کانوا یَکسِبُونَ " ، پ ۳۰ س ۸۳ ، آیت ۱۴ " (نہیں نہیں) بات یہ ہے کہ یہ لوگ جو اعمال (بد) کرتے ہیں ان کا ان کے دلوں پر زنگ چڑھ گیا ہے ۔ کا یہی مطلب ہے ۔
" بحار ج ۷۳ ، ص ۳۳۲ "

۱۲۔ انسان اگر مال حرام سے دولتمند ہوتا ہے تو اسکا حج قبول ہوتا ہے نہ عمرہ نہ صلہ رحم ....
" بحار ج ۹۹ ، ص ۱۲۵ "

۱۳۔ فقہ حاصل کرنا ، مصیبت پر صبر کرنا ، اور معاش کے سلسلے میں اندازہ گیری کرنا ہی مکمل کمال ہے ۔
" تحف العقول ، ص ۲۹۲ "

۱۴۔ تین چیزیں دنیا و آخرت کے کمالات میں سے ہیں ۔ ۱ ۔ جس نے تم پر ظلم کیا ہے اسکو معاف کردینا ۔ ۲ ۔ جس نے قطع رحم کیا ہے اس کے ساتھ صلہ رحم کرنا ، ۳ ۔ جو تم سے جہالت برتے اس کے ساتھ حلم برتنا ۔
" تحف العقول ص ۲۹۳ "

۱۵۔ کسی مخلوق کا مخلوق کے سامنے سوال میں گڑگڑانا خدا کو بہت ناپسند ہے مگر خدا کے سامنے گڑگڑانا محبوب ہے
" تحف العقول ، ص ۲۹۳ "

۱۶۔ جس عالم کے علم سے نفع اٹھایا جائے وہ عالم ستر ہزار (۷۰۰۰۰) عابدوں سے افضل ہے
" تحف العقول ص ۲۹۴ "

۱۷۔أُوصيكَ بِخَمسٍ: إنْ ظُلِمتَ فَلا تَظْلِمْ وَإنْ خانُوكَ فَلا تَخُنْ وَإن كُذِّبْتَ فَلا تَغضَبْ وَإنْ مُدِحتَ فَلا تَفرَحْ وَإنْ ذُمِمتَ فَلا تَجزَعْ وَفَكِّرْ فيما قيلَ فيكَ فَإنْ عَرَفتَ مِنْ نَفسِكَ ما قيلَ فيكَ فَسُقُوطُكَ مِنْ عَينِ اللّهِ جَلَّ وَعَزَّ عِنْدَ غَضَبِكَ مِنَ الحَقِّ أعْظَمُ عَلَيكَ مُصيبَةً مِمّا خِفتَ مِنْ سُقُوطِكَ مِنْ أعْيُنِ النّاسِ وَإنْ كُنتَ عَلىٰ خِلافِ ما قيلَ فيكَ فَثَوابٌ اكْتَسَبْتَهُ مِنْ غَيرِ أنْ يَتعَبَ بَدَنُكَ.

(تحف العقول ص ٢٨٤)

۱۸۔إنَّ اللّهَ يُعطِي الدُّنيا مَنْ يُحِبُّ وَيُبغِضُ وَلا يُعطي دينَهُ إلّا مَنْ يُحِبُّ.

(تحف العقول ص ٣٠٠)

۱۹۔إيّاكَ وَالخُصُومَةَ فَإنَّها تُفسِدُ القَلبَ وَتُورِثُ النِّفاقَ.

(المنتدا ج ١ ص ٣٦٥) نقل عن كتاب حلية الاولياء.

۲۰۔إنَّ أشَدَّ النّاسِ حَسرَةً يَومَ القِيامَةِ عَبدٌ وَصَفَ عَدلاً ثُمَّ خالَفَهُ إلىٰ غَيرِهِ.

(تحف العقول ص ٢٩٨)

۲۱۔إيّاكَ وَالتَّسويفَ فَإنَّهُ بَحرٌ يَغرَقُ فيهِ الهَلكىٰ وَإيّاكَ وَالغَفلَةَ فَفيها تَكُونُ قَساوَةُ القَلبِ وَإيّاكَ وَالتَّواني فيما لا عُذرَ لَكَ فيهِ فَإلَيهِ يَلجَاءُ النّادِمُونَ وَاستَرجِعْ سالِفَ الذُّنُوبِ بِشِدَّةِ النَّدمِ وَكَثرَةِ الاستِغفارِ وَتَعَرَّضْ لِلرَّحمَةِ وَعَفوِ اللّهِ بِحُسنِ المُراجَعَةِ وَاستَعِنْ عَلىٰ حُسنِ المُراجَعَةِ بِخالِصِ الدُّعاءِ وَالمُناجاةِ فِي الظُّلَمِ وَتَخَلَّصْ إلىٰ عَظيمِ الشُّكرِ بِاستِكثارِ قَليلِ الرِّزقِ واستِقلالِ كَثيرِ الطّاعَةِ واستَجلِبْ زِيادَةَ النِّعَمِ بِعَظيمِ الشُّكرِ...

(تحف العقول ص ٢٨٥)

۱۷۔ میں تم کو پانچ باتوں کی وصیت کرتا ہوں۔ ۱۔ اگر تم پر ظلم کیا جائے تو تم ظلم نہ کرو، ۲۔ اگر تم سے خیانت کی جائے تو تم خیانت نہ کرو، ۳۔ اگر تم کو جھٹلایا جائے تو غصہ میں نہ آؤ، ۴۔ اگر تمہاری مدح کی جائے تو خوش نہ ہو، ۵۔ اگر تمہاری مذمت کی جائے تو ناراض نہ ہو۔ جو بات تمہارے بارے میں کہی گئی ہے اس کے بارے میں غور کرو، اگر وہ بات تمہارے اندر ہے تو حق بات کی وجہ سے خدا کی نظروں سے گر جانا کہیں بڑی مصیبت ہے بہ نسبت اس کے کہ تم لوگوں کی نظروں سے گر جاؤ۔ اور اگر وہ بات تمہارے اندر نہیں ہے تو بغیر کسی تعب و زحمت کے تم نے ثواب کما لیا۔

"تحف العقول ص ۲۸۴"

۱۸۔ خدا دنیا اپنے دوست و دشمن دونوں کو دیتا ہے مگر دین صرف دوستوں کو دیتا ہے۔

"تحف العقول ص ۳۰۰"

۱۹۔ خبردار دشمنی نہ کرنا اس لئے کہ اس سے دل فاسد ہوتا ہے اور یہ باعث نفاق ہے۔

"آشنا، ج ۱، ص ۳۶۵، منقول از کتاب حلیۃ الاولیاء"

۲۰۔ قیامت کے دن سب سے زیادہ افسوس اس بندہ کو ہوگا جو لوگوں کو عدالت کا راستہ دکھائے مگر خود دوسرے راستے پر چلے۔

"تحف العقول، ص ۲۹۸"

۲۱۔ خبردار (واجبات میں) ٹال مٹول سے کام نہ لو، کیونکہ یہ ایسا سمندر ہے جس میں ہلاک ہونے والے ڈوب جاتے ہیں۔ اور غفلت سے بچو کیونکہ یہ سنگدلی کا سبب ہوتا ہے اور جہاں کوئی عذر نہ ہو سکے وہاں سستی سے پرہیز کرو کیونکہ یہ شرمندہ لوگوں کی پناہ گاہ ہے۔ گذشتہ گناہوں کو شدت ندامت اور کثرت استغفار سے پلٹا دو، رحمت خدا اور عفو الٰہی کو مخلصانہ درخواست کے ذریعہ حاصل کرو، اور درخواست خالص کو دعائے خالص اور شب تاریک میں مناجات کے ذریعہ حاصل کرو، تھوڑی روزی کو زیادہ سمجھ کر، زیادہ عبادت کو کم مان کر خدا کا خالص شکر ادا کر، اور عظیم شکر ادا کر کے زیادتی نعمت طلب کر۔

(تحف العقول، ص ۲۸۵)

۲۲۔ثَلاثُ خِصالٍ لا يَمُوتُ صاحِبُهُنَّ أبَداً حَتّى يَرَى وَبالَهُنَّ: أَلْبَغْيُ وَقَطِيعَةُ الرَّحِمِ. وَالْيَمِينُ الْكاذِبَةُ يُبارِزُ اللهَ بِها. وَإنَّ أعْجَلَ الطّاعَةِ ثَواباً لَصِلَةُ الرَّحِمِ وَإنَّ الْقَوْمَ لَيَكُونُونَ فُجّاراً فَيَتَواصَلُونَ فَتَنْمى أمْوالُهُمْ وَيَثْرُونَ. وَإنَّ الْيَمِينَ الْكاذِبَةَ وَقَطِيعَةَ الرَّحِمِ لَيَذَرانِ الدِّيارَ بَلاقِعَ مِنْ أهْلِها. (تحف العقول ص ۲۹٤)

۲۳۔مَنْ صَدَقَ لِسانُهُ زَكا عَمَلُهُ. وَمَنْ حَسُنَتْ نِيَّتُهُ زِيدَ في رِزْقِهِ وَمَنْ حَسُنَ بِرُّهُ بِأهْلِهِ زِيدَ في عُمْرِهِ. (تحف العقول ص ۲۹۵)

۲٤۔إيّاكَ وَالْكَسَلَ وَالضَّجَرَ فَإنَّهُما مِفْتاحُ كُلِّ شَرٍّ، مَنْ كَسِلَ لَمْ يُؤَدِّ حَقّاً وَمَنْ ضَجِرَ لَمْ يَصْبِرْ عَلى حَقٍّ. (تحف العقول ص ۲۹۵)

۲۵۔ألتَّواضُعُ الرِّضا بِالْمَجْلِسِ دُونَ شَرَفِهِ، وَأنْ تُسَلِّمَ عَلى مَنْ لَقِيتَ، وَأنْ تَتْرُكَ الْمِراءَ وَإنْ كُنْتَ مُحِقّاً. (تحف العقول ص ۲۹٦)

۲٦۔إنَّ الْمُؤْمِنَ أخُوالْمُؤْمِنِ لا يَشْتِمُهُ وَلا يَحْرِمُهُ وَلا يُسيءُ بِهِ الظَّنَّ. (تحف العقول ص ۲۹٦)

۲۷۔لا يَسْلَمُ أحَدٌ مِنَ الذُّنُوبِ حَتّى يَخْزُنَ لِسانَهُ. (تحف العقول ص ۲۹۸)

۲۸۔فَإنَّ اللهَ يَبْغَضُ اللَّعّانَ السَّبّابَ الطَّعّانَ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ.. (تحف العقول ص ۳۰۰)

۲۲۔ تین باتیں ...ہیں کہ ان کا مالک جب تک ان کی سزا نہیں پالیتا اس کو موت نہیں آتی ا۔ظلم، ۲۔ قطع رحم، ۳۔ جھوٹی قسم! کہ یہ خدا سے جنگ ہے، اور صلۂ رحم کی جزا بہت جلد ملتی ہے۔ بہت سے لوگ فاسق و فاجر ہوتے ہیں مگر وہ صلۂ رحم کرتے ہیں تو ان کا مال بڑھتا ہے اور وہ مال دار ہو جاتے ہیں۔ اور جھوٹی قسم و قطع رحم شہروں کو انکے بسنے والوں سے چٹیل میدان بنا دیتے ہیں۔ (تحف العقول، ص ۲۹۴)

۲۳۔ جس کی زبان سچی ہوتی ہے ... ہوتا، اور جسکی نیت اچھی ہوتی ہے اسکے رزق میں اضافہ ہوتا ہے۔ اور جو اپنے اہل و عیال کے ساتھ اچھا سلوک کرتا ہے اس کی عمر طولانی ہوتی ہے۔ "تحف العقول ص ۲۹۵"

۲۴۔ خبردار سستی اور کم حوصلگی سے بچو کیونکہ یہ دونوں ہر برائی کی کلید ہیں۔ جو سستی کرتا ہے وہ حق نہیں ادا کر پاتا، اور جو کم حوصلہ ہوتا ہے وہ حق پر صبر نہیں کر پاتا۔ (تحف العقول، ص ۲۹۵)

۲۵۔ فروتنی یہ ہے کہ انسان مجلس میں اپنی جگہ سے کم تر مقام پر بیٹھے، اور جس سے ملاقات کرے اس پر سلام کرے، اور چاہے حق پر ہو پھر بھی مجادلہ نہ کرے۔ "تحف العقول، ص ۲۹۶"

۲۶۔ مومن مومن کا بھائی ہے نہ وہ گالی بکتا ہے نہ (مومن کو) محروم کرتا ہے، نہ اس سے بدگمانی کرتا ہے۔ "تحف ...ول، ص ۲۹۶"

۲۷۔ کوئی شخص گناہ سے اس وقت تک محفوظ نہیں رہتا جب تک اپنی زبان قابو میں نہ رکھے۔ "تحف العقول،"

۲۸۔ خداوند عالم لعنت کرنے والوں، گالیاں دینے والوں، مومن پر طعن (و طنز) کرنے والوں کو دشمن رکھتا ہے۔ "تحف العقول، ص ۳۰۰"

۲۹۔وَاعْلَمْ يا مُحَمَّدُ أنَّ أئِمَّةَ الْجَوْرِ وَأتْباعَهُمْ لَمَعْزُولُونَ عَنْ دِينِ اللّهِ، قَدْ ضَلُّوا وَاَضَلُّوا، فَاَعْمالُهُمْ الَّتِي يَعْمَلُونَها كَرَمادٍ اشْتَدَّتْ بِهِ الرِّيحُ فِي يَوْمٍ عاصِفٍ لا يَقْدِرُونَ مِمّا كَسَبُوا عَلىٰ شَيْءٍ ذٰلِكَ هُوَ الضَّلالُ الْبَعِيدُ.

(اصول الكافي ج ۱ ص ۳۷۵)

۳۰۔إنَّ اللّهَ خَبّاءَ ثَلاثَةً فِي ثَلاثَةٍ خَبّاءَ رِضاهُ فِي طاعَتِهِ فَلا تَحْقِرَنَّ مِنَ الطّاعَةِ شَيْئاً فَلَعَلَّ رِضاهُ فِيهِ وَخَبّاءَ سَخَطَهُ فِي مَعْصِيَتِهِ فَلا تَحْقِرَنَّ مِنَ الْمَعْصِيَةِ شَيْئاً فَلَعَلَّ سَخَطَهُ فِيهِ وَخَبّاءَ أوْلِيائَهُ فِي خَلْقِهِ فَلا تَحْقِرَنَّ أحَداً فَلَعَلَّهُ الْوَلِيُّ.

(بحارالانوار ج ۷۸ ص ۱۸۸)

۳۱۔فَاَنْزِلْ نَفْسَكَ مِنَ الدُّنْيا كَمَثَلِ مَنْزِلٍ نَزَلْتَهُ ساعَةً ثُمَّ ارْتَحَلْتَ عَنْهُ أوْ كَمَثَلِ مالٍ اسْتَفَدْتَهُ فِي مَنامِكَ فَفَرِحْتَ بِهِ وَسُرِرْتَ ثُمَّ انْتَبَهْتَ مِنْ رَقْدَتِكَ وَلَيْسَ فِي يَدِكَ شَيْءٌ.

(تحف العقول ص ۲۸۷)

۳۲۔ثَلاثٌ قاصِماتُ الظَّهْرِ: رَجُلٌ اسْتَكْثَرَ عَمَلَهُ وَنَسِيَ ذَنْبَهُ وَاُعْجِبَ بِرَأْيِهِ.

(كتاب الخصال ج ۱ ص ۱۱۲)

۳۳۔مَنْ كانَ ظاهِرُهُ أرْجَحَ مِنْ باطِنِهِ خَفَّ مِيزانُهُ

(تحف العقول، ص ۲۹٤)

۲۹۔ اے محمدؐ (بن مسلم) ائمۂ جور اور ان کے پیرو دین حق سے خارج ہیں یہ خود بھی گمراہ ہیں دوسروں کو بھی گمراہ کرنے والے ہیں، ان کے کردار اس راکھ کے مانند ہیں جس کو شدید آندھی کے دن تیز ہوا اڑا لے جاتی ہے۔ جو کچھ بھی انہوں نے کسب کیا ہے اس میں سے ان کے ہاتھ کچھ آنے والا نہیں ہے اور یہی دور کی گمراہی ہے۔ "اصول کافی، ج ۱، ص ۳۷۵"

۳۰ خدا نے تین چیزوں کو تین چیزوں میں چھپا رکھا ہے، ۱۔ اپنی خوشنودی کو اپنی اطاعت میں لہٰذا اطاعت کو چاہے وہ تھوڑی ہو حقیر نہ سمجھو ہو سکتا ہے اس کی مرضی اسی میں پوشیدہ ہو، ۲۔ اپنی ناراضگی کو اپنی معصیت میں! لہٰذا تھوڑی سی بھی معصیت کو حقیر نہ سمجھو ہو سکتا ہے اس کی ناراضگی اسی میں پوشیدہ ہو۔ ۳۔ اپنے اولیاء کو اپنی مخلوق میں چھپا رکھا ہے اس لئے کسی کی تحقیر نہ کرو ہو سکتا ہے وہ ولی خدا ہو۔ "بحار، ج ۷۸، ص ۱۸۸"

۳۱۔ دنیا کو (یوں) ایک ایسے مکان کی طرح فرض کرو جس میں تم تھوڑی دیر کیلئے اترے ہو اور پھر وہاں سے روانہ ہو جاؤ گے یا پھر اس دولت کی طرح فرض کرو جس کو تم نے خواب میں دیکھا ہو اور خوش ہو گئے ہو، اور پھر جب بیدار ہوئے تو اپنے کو خالی ہاتھ دیکھا۔ "تحف العقول، ص ۲۸۷"

۳۲۔ تین چیزیں کمر توڑ ہیں۔ ۱۔ اپنے عمل کو زیادہ سمجھنا، ۲۔ اپنے گناہوں کو بھول جانا، ۳۔ اپنی رائے کو سب سے بہتر سمجھنا۔ جلد حقوق [illegible] "کتاب الخصال، ج ۱، ص ۱۱۲"

۳۳۔ جس کا ظاہر اس کے باطن سے اچھا ہوگا۔ اس کی میزان ہلکی ہوگی۔

"تحف العقول ص ۲۹۴"

۳۴۔ إنَّ اللهَ ثَقَّلَ الخَيْرَ عَلىٰ أهْلِ الدُّنيا كَثِقْلِهِ فِي مَوازينِهِمْ يَوْمَ القِيامَةِ وَانَّ اللهَ عَزَّوَجَلَّ خَفَّفَ الشَّرَّ عَلىٰ أهْلِ الدُّنيا كَخِفَّتِهِ في مَوازينِهِمْ يَوْمَ القِيامَةِ.

(اصول الكافي، ج۲ ص۱۴۳) باب تعجيل فعل الخير)

۳۵۔ فَإنَّ اليَوْمَ غَنيمَةٌ وَغَداً لا تَدْري لِمَنْ هُوَ.

(تحف العقول ص ۲۹۹)

۳۶۔ الجَنَّةُ مَحْفُوفَةٌ بِالمَكارِهِ وَالصَّبْرِ، فَمَنْ صَبَرَ عَلَى المَكارِهِ في الدُّنيا دَخَلَ الجَنَّةَ. وَجَهَنَّمُ مَحْفُوفَةٌ بِاللَّذّاتِ وَالشَّهَواتِ، فَمَنْ أعْطىٰ نَفْسَهُ لَذَّتَها وَشَهْوَتَها دَخَلَ النّارَ.

(اصول الكافی ج۲ ص۸۹)

۳۷۔ أخْبَثُ المَكاسِبِ كَسْبُ الرِّبا.

(فروع الكافی ج ۵ ص۱۴۷، باب الرّبا حديث ۱۲)

۳۸۔ مَنْ عَلَّمَ بابَ هُدىً فَلَهُ مِثْلُ أجْرِ مَنْ عَمِلَ بِهِ وَلا يَنْقُصُ أولٰئِكَ مِنْ اُجورِهِمْ شَيْئاً، وَمَنْ عَلَّمَ بابَ ضَلالٍ كانَ عَلَيْهِ مِثْلُ أوْزارِ مَنْ عَمِلَ بِهِ وَلا يَنْقُصُ اُولٰئِكَ مِنْ أوْزارِهِمْ شَيْئاً.

(تحف العقول ص۲۹۷)

۳۹۔ إنَّ اللهَ عَزَّوَجَلَّ جَعَلَ لِلشَّرِّ أقْفالاً وَجَعَلَ مَفاتيحَ تِلْكَ الأقْفالِ الشَّرابَ. وَالكِذْبُ شَرٌّ مِنَ الشَّرابِ.

(بحارالانوار ج ۷۲ ص۲۳۷)

۴۰۔ لَوْ يَعْلَمُ السّائِلُ ما فِي المَسْألَةِ ما سَألَ أحَدٌ أحَداً وَلَوْ يَعْلَمُ المَسْؤولُ ما فِي المَنْعِ ما مَنَعَ أحَدٌ أحَداً

(تحف العقول ص ۳۰۰

۳۴۔ خداوند عالم نے دنیا طلب لوگوں کیلئے کار خیر کو اسی طرح وزنی بنادیا ہے جس طرح قیامت کے دن ان کے میزان عمل کو وزنی اور ثقیل بنا دے گا اور اہل دنیا کیلئے شر کو اسی طرح ہلکا بنا دیا ہے جس طرح قیامت میں ان کے میزان عمل کو ہلکا کردے گا۔ (اصول کافی، ج ۲، ص ۱۴۳، باب تعجیل فعل الخیر

۳۵۔ آج کا دن غنیمت سمجھو، لیکن کل کا دن کس کے لئے ہوگا؟ یہ تم کو کیا معلوم؟

(تحف العقول، ص ۲۹۹)

۳۶۔ جنت صبر اور ناگواریوں میں گھری ہوئی ہے (لہٰذا) جو شخص دنیا میں ناگوار چیزوں پر صبر کرے گا وہ جنت میں داخل ہوگا۔ اور دوزخ لذتوں اور شہوتوں سے گھرا ہے۔ پس جو شخص اپنے نفس کو لذتوں اور شہوتوں کا خوگر بنائے گا وہ جہنم میں داخل ہوگا۔ ”اصول کافی، ج ۲، ص ۸۹“

صبر لذتوں کو ناگواری خصوص

۳۷۔ سب سے خبیث ترین داد و ستد سودی معاملہ ہے۔

”فروع کافی، ج ۵، ص ۱۴۷، باب الربا حدیث ۱۲“

۳۸۔ جو شخص لوگوں کو ہدایت کا ایک باب سکھائے اس کو اس پر تمام عمل کرنے والوں جیسا اجر ملے گا اور عمل کرنے والوں کے اجر میں کوئی کمی نہ ہوگی۔ اور جو کسی کو گمراہی کا ایک باب سکھائے گا اسکو اس پر عمل کرنے والوں کے برابر عذاب ہوگا اور عمل کرنے والوں کے عذاب میں کوئی کمی نہیں کی جائے گی۔

”تحف العقول، ص ۲۹۷“

۳۹۔ خدا نے تمام برائیوں کو مقفل کردیا ہے اور اس کی کلید شراب کو قرار دیا ہے۔ اور جھوٹ شراب سے بھی بدتر ہے۔

”بحار، ج ۷۲، ص ۲۳۷“

۴۰۔ اگر لوگوں کو معلوم ہو ... اگر اس میں کیا (برائی) ہے تو کوئی کسی سے کوئی سوال نہ کرے اور اگر مسؤل (جس سے سوال کیا گیا ہے) کو دینے کا فائدہ معلوم ہو جائے تو کوئی کسی کے سوال کو رد نہ کرے

”تحف العقول، ص ۳۰۰“

معصوم ہشتم

امام ششم

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام

اور آپ کی چالیس حدیثیں

معصوم ہشتم

امام ششم

حضرت امام صادق علیہ السلام

ام: ———جعفر (ع)،

قب: ———صادق :

نیت : ———ابو عبداللہ

اپ : ———امام محمد باقرؑ

اں: ———ام فروۃ بنت قاسم بن محمد بن ابی بکر ،

اریخ ولادت: ——١٧، ربیع الاول.

حل ولادت: ——مدینہ منورہ .

اریخ شہادت: ——٢٥ر شوال ——— محل شہادت: —— مدینہ منورہ.

ن شہادت: —١٤٨ھ ق، ——— عمر: ——— ٦٥ سال.

رقد: ——— بقیع، مدینہ، ——— سبب شہادت: منصور دوانیقی کے حکم سے زہر دیا گیا۔

وران عمر: —— اس کو دو حصوں میں بانٹا جا سکتا ہے، ١۔ امامت سے پہلے ٣١ سال ٨٣ سے لیکر ١١٤ تک) ٢۔ زمانہ امامت آخری عمر تک ٣٤ سال (١١٤ سے لیکر ١٤٨ تک) اور ی تشیع کے جوانی کا دور تھا۔ حضرتؑ بھی اپنے باپ کی طرح بنی امیہ و بنی عباس کی باہمی جنگ سے فائدہ حاصل کیا اور بڑے وسیع و عمیق پیمانے پر حوزہ علمیہ کی تشکیل دی جس میں چار ہزار طالب علم تھے۔ اور حضرت رسولؐ و حضرت علیؑ کے خالص اسلام کو بنی امیہ کے اسلام کے پردے میں پروان چڑھایا۔

اربعون حديثاً

عن الامام جعفر الصادق عليه السلام

۱- وَأَمَّا وَجْهُ الْحَرَامِ مِنَ الْوِلاَيَةِ: فَوِلاَيَةُ الْوَالِي الْجَائِرِ، وَوِلاَيَةُ وُلاَتِهِ، الرَّئِيسِ مِنْهُمْ، وَأَتْبَاعِ الْوَالِي فَمَنْ دُونَهُ مِنْ وُلاَةِ الْوُلاَةِ، إِلَى أَدْنَاهُمْ بَاباً مِنْ أَبْوَابِ الْوِلاَيَةِ عَلَى مَنْ هُوَ وَالٍ عَلَيْهِ، وَالْعَمَلُ لَهُمْ، وَالْكَسْبُ مَعَهُمْ ــ بِجِهَةِ الْوِلاَيَةِ لَهُمْ ــ حَرَامٌ، وَمُحَرَّمٌ، مُعَذَّبٌ مَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ عَلَى قَلِيلٍ مِنْ فِعْلِهِ أَوْ كَثِيرٍ، لِأَنَّ كُلَّ شَيْءٍ ــ مِنْ جِهَةِ الْمَعُونَةِ ــ مَعْصِيَةٌ كَبِيرَةٌ مِنَ الْكَبَائِرِ، وَذٰلِكَ أَنَّ فِى وِلاَيَةِ الْوَالِى الْجَائِرِ دَوْسَ (دَرْسَ) الْحَقِّ كُلِّهِ، وَإِحْيَاءَ الْبَاطِلِ كُلِّهِ، وَإِظْهَارَ الظُّلْمِ وَالْجَوْرِ وَالْفَسَادِ، وَإِبْطَالَ الْكُتُبِ، وَقَتْلَ الْأَنْبِيَاءِ وَالْمُؤْمِنِينَ، وَهَدْمَ الْمَسَاجِدِ، وَتَبْدِيلَ سُنَّةِ اللّٰهِ وَشَرَائِعِهِ، فَلِذٰلِكَ حَرُمَ الْعَمَلُ مَعَهُمْ وَمَعُونَتُهُمْ وَالْكَسْبُ مَعَهُمْ إِلاَّ بِجِهَةِ الضَّرُورَةِ نَظِيرَ الضَّرُورَةِ إِلَى الدَّمِ وَالْمَيْتَةِ.

(تحف العقول ص ۳۳۲)

۲- ... إِنَّ مَعْرِفَةَ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ آنِسٌ مِنْ كُلِّ وَحْشَةٍ، وَصَاحِبٌ مِنْ كُلِّ وَحْدَةٍ، وَنُورٌ مِنْ كُلِّ ظُلْمَةٍ، وَقُوَّةٌ مِنْ كُلِّ ضَعْفٍ، وَشِفَاءٌ مِنْ كُلِّ سُقْمٍ.

(فروع الكافى ج۸ ص۲۴۷)

امام جعفر صادقؑ کی چالیس حدیث

۱۔ حکام کی ولایت کی حرمت کی وجہ!

پس ظالم حاکم کی طرف سے یا اسکے حکام کی طرف سے کسی عہدے کو قبول کرنا طبقہ رؤساء اور حاکم کے اطرافیوں سے لیکر نیچے تک یعنی ظالم حاکم کی چوکیداری تک سب حرام ہے اور یہ سب لوگ ال کے دروازے ہیں۔ ان کی حکومت کی وجہ سے ان کیلئے کوئی کام کرنا ان کے ساتھ مل کر کوئی کسب رنا حرام و محترام ہے اور جو ایسا کرے خواہ زیادہ کرے یا کم وہ معذب ہوگا۔ اس لئے کہ ہر شیئ (انکی مدد کی وجہ سے) گناہ کبیرہ (ہو جاتی) ہے کیونکہ ظالم والی حکومت میں حق پورے کا پورا سٹ جاتا ہے اور باطل کل کا کل زندہ ہو جاتا ہے، ظلم، جور، فساد، کھلم کھلا ہوتا ہے، کتب الٰہی مل ہو جاتی ہیں، قرآن وانبیاء قتل کئے جاتے ہیں مسجدیں گرائی جاتی ہیں، سنت الٰہی اور شریعت بدل دی جاتی ہے۔ اس لئے ان کے ساتھ کام کرنا، ان کی مدد کرنا، ان کیلئے کام کرنا سب ہی حرام ہے، ہاں ضرورت کے وقت (اسی طرح) جائز ہے جس طرح ضرورت کے وقت خون اور مردار نز ہو جاتا ہے۔

"تحف العقول، ص ۳۳۲"

۲۔ بیشک خدا کی معرفت ہر وحشت میں سبب اُنس ہے اور ہر تنہائی کا ساتھی ہے، ور ہر تاریکی کا نور ہے، اور ہر کمزور کی طاقت ہے، اور ہر بیماری کی شفا ہے۔

"فروع کافی، ج ۸، ص ۲۴۷"

۳۔ عَنْ عُمَرَ بْنِ حَنْظَلَةَ قَالَ: سَأَلْتُ اَبَا عَبْدِاللّٰهِ(ع) عَنْ رَجُلَيْنِ مِنْ اَصْحَابِنَا بَيْنَهُمَا مُنَازَعَةٌ فِي دَيْنٍ اَوْ مِيرَاثٍ، فَتَحَاكَمَا اِلَى السُّلْطَانِ وَاِلَى الْقُضَاةِ اَيَحِلُّ ذٰلِكَ؟ قَالَ: مَنْ تَحَاكَمَ اِلَيْهِمْ فِي حَقٍّ اَوْ بَاطِلٍ فَاِنَّمَا تَحَاكَمَ اِلَى الطَّاغُوتِ، وَمَا يَحْكُمُ لَهُ فَاِنَّمَا يَأْخُذُ سُحْتاً، وَاِنْ كَانَ حَقّاً ثَابِتاً لَهُ، لِاَنَّهُ اَخَذَهُ بِحُكْمِ الطَّاغُوتِ وَمَا اَمَرَ اللّٰهُ اَنْ يُكْفَرَ بِهِ، قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى يُرِيدُونَ اَنْ يَتَحَاكَمُوا اِلَى الطَّاغُوتِ وَقَدْ اُمِرُوا اَنْ يَكْفُرُوا بِهِ، قُلْتُ فَكَيْفَ يَصْنَعَانِ؟ قَالَ: يَنْظُرَانِ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ مِمَّنْ قَدْ رَوٰى حَدِيثَنَا وَنَظَرَ فِي حَلَالِنَا وَحَرَامِنَا وَعَرَفَ اَحْكَامَنَا فَلْيَرْضَوْا بِهِ حَكَماً فَاِنِّي قَدْ جَعَلْتُهُ عَلَيْكُمْ حَاكِماً.

(الوسائل ج۱۸ ص۹۹)

۴۔ اَلْقُضَاةُ اَرْبَعَةٌ: ثَلَاثَةٌ فِي النَّارِ وَوَاحِدٌ فِي الْجَنَّةِ: رَجُلٌ قَضٰى بِجَوْرٍ وَهُوَ يَعْلَمُ فَهُوَ فِي النَّارِ، وَرَجُلٌ قَضٰى بِجَوْرٍ وَهُوَ لَا يَعْلَمُ فَهُوَ فِي النَّارِ، وَرَجُلٌ قَضٰى بِحَقٍّ وَهُوَ لَا يَعْلَمُ فَهُوَ فِي النَّارِ، وَرَجُلٌ قَضٰى بِحَقٍّ وَهُوَ يَعْلَمُ فَهُوَ فِي الْجَنَّةِ.

(تحف العقول ۳٦٥)

۵۔ مَنْ رَاٰى اَخَاهُ عَلٰى اَمْرٍ يَكْرَهُهُ وَلَا يَرُدُّهُ عَنْهُ وَهُوَ يَقْدِرُ عَلَيْهِ فَقَدْ خَانَهُ.

(امالی صدوق ص۱٦۲)

٦۔ لَا يَتْبَعُ الرَّجُلَ بَعْدَ مَوْتِهِ اِلَّا ثَلَاثُ خِصَالٍ: صَدَقَةٌ اَجْرَاهَا اللّٰهُ لَهُ فِي حَيَاتِهِ فَهِيَ تَجْرِي لَهُ بَعْدَ مَوْتِهِ، وَسُنَّةُ هُدًى يُعْمَلُ بِهَا، وَوَلَدٌ صَالِحٌ يَدْعُو لَهُ.

(تحف العقول ص۳٦۳

۳۔ عمر بن حنظلہ کہتے ہیں: میں نے امام جعفر صادقؑ سے اپنے ان دو ساتھیوں کے بارے میں پوچھا جنکے درمیان کسی قرض یا میراث کے بارے میں جھگڑا تھا اور دونوں نے اپنا معاملہ بادشاہ اور قاضی کے یہاں فیصلہ کیلئے پیش کیا تھا کہ حضور کیا یہ جائز ہے؟

امام نے فرمایا: جو کسی حق یا باطل میں فیصلہ کیلئے ان لوگوں کی طرف رجوع کرے اس نے طاغوت کی طرف رجوع کیا اور (ان کے حکم سے) جو لیا جائے گا وہ حرام ہوگا ... لینے والے کا ثابت شدہ حق ہو کیونکہ اس نے طاغوت کے حکم سے لیا ہے اور خدا نے اسکے انکار کا حکم دیا ہے چنانچہ خدا نے فرمایا ہے: یہ لوگ طاغوت کو حاکم بنانا چاہتے ہیں حالانکہ خدا نے انکو حکم دیا ہے کہ طاغوت کا انکار کریں۔ تب میں نے عرض کیا: پھر یہ دونوں کیا کریں؟ امامؑ نے فرمایا: یہ دیکھیں کہ تم میں سے کون ہے جو ہماری حدیثوں کا راوی ہے۔ اور ہمارے حلال و حرام کو جانتا ہے اور ہمارے احکام کو پہچانتا ہے اسی کو حَکَم بنانے پر راضی ہو جائیں۔ اس لئے کہ ہم نے اس کو تمہارے اوپر حاکم قرار دیا ہے۔ (الوسائل، ج ۱۸، ص ۹۹)

۴۔ قضاوت کرنے والے چار "قسم کے" ہیں ایک جنتی ہے تین دوزخی ہیں۔ ۱۔ جو جان کر غلط فیصلہ کرے وہ دوزخی ہے، ۲۔ جو غلط فیصلہ لاعلمی میں کرے وہ بھی جہنمی ہے۔ ۳۔ جو صحیح فیصلہ کرے مگر جہالت و لاعلمی کی بنا پر! وہ بھی دوزخی ہے۔ ۴۔ جو جان کر صحیح فیصلہ کرے وہ جنتی ہے۔ (تحف العقول ص ۳٦۵)

۵۔ جو اپنے برادر (مومن) کو برا کام کرتے ہوئے دیکھے اور قدرت رکھتے ہوئے بھی اس کو نہ روکے تو اس نے اپنے اس بھائی کے ساتھ خیانت کی۔ ("امالی صدوق، ص ۱٦۲")

٦۔ مرنے کے بعد تین چیزوں کے علاوہ کوئی عمل انسان کے پیچھے نہیں آتا۔ ۱۔ وہ صدقہ جسکو اپنی زندگی میں خدا کی توفیق سے جاری کر گیا تھا وہ مرنے کے بعد بھی جاری رہتا ہے۔ ۲۔ وہ نیک کام جو چھوڑ گیا تھا اور اس کے بعد بھی باقی رہے، ۳۔ وہ فرزند صالح جو اس کیلئے دعا کرے (تحف العقول، ص ۳٦۳)

۷۔ لِلْمُسْلِمِ عَلٰى اَخِيهِ الْمُسْلِمِ مِنَ الْحَقِّ اَنْ يُسَلِّمَ عَلَيْهِ اِذَا لَقِيَهُ، وَيَعُودَهُ اِذَا مَرِضَ، وَيَنْصَحَ لَهُ اِذَا غَابَ، وَيُسَمِّتَهُ اِذَا عَطَسَ، وَيُجِيبَهُ اِذَا دَعَاهُ، وَيَتْبَعَهُ اِذَامَاتَ.
(اصول کافی ج ۲ باب حق المؤمن علی اخیه ص ۱۷۱)

۸۔ اَلْمُؤْمِنُ اَخُوالْمُؤْمِنِ، كَالْجَسَدِ الْوَاحِدِ، اِنِ اشْتَكٰى شَيْئاً مِنْهُ وَجَدَ اَلَمَ ذٰلِكَ فِي سَائِرِ جَسَدِهِ، وَاَرْوَاحُهُمَا مِنْ رُوحٍ وَاحِدَةٍ، وَاِنَّ رُوحَ الْمُؤْمِنِ لَاَشَدُّ اِتِّصالاً بِرُوحِ اللّٰهِ مِن اِتِّصالِ شُعَاعِ الشَّمْسِ بِهَا.
(اصول کافی ج ۲ باب اخوة المومنین ص ۱٦٦)

۹۔ حَقُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ اَنْ لَا يَشْبَعَ وَيَجُوعَ اَخُوهُ، وَلَايَرْوٰى وَيَعْطَشَ اَخُوهُ، وَلَا يَكْتَسِيَ وَيَعْرٰى اَخُوهُ، فَمَا اَعْظَمَ حَقَّ الْمُسْلِمِ عَلٰى اَخِيهِ الْمُسْلِمِ،
وَقَالَ: اَحِبَّ لِاَخِيكَ الْمُسْلِمِ مَا تُحِبُّ لِنَفْسِكَ.
(اصول کافی ج ۲ باب حق المؤمن علی اخیه ص ۱۷۰

۱۰۔ اَلْمُؤْمِنُ اَخُو الْمُؤمِنِ، عَيْنُهُ وَدَلِيلُهُ لَا يَخُونُهُ وَلَا يَظْلِمُهُ وَلَا يَغُشُّهُ وَلَا يَعِدُهُ عِدَةً فَيُخْلِفُهُ.
(اصول کافی ج ۲ باب اخوة المؤمنین ص ۱٦٦)

۱۱۔ اَدْنٰى مَا يَخْرُجُ بِهِ الرَّجُلُ مِنَ الْاِيمَانِ اَنْ يُؤَاخِيَ الرَّجُلَ عَلٰى دِينِهِ فَيُحْصِيَ عَلَيْهِ عَثَرَاتِهِ وَزَلَّاتِهِ لِيُعَنِّفَهُ بِهَا يَوْماً [مَا]
(معانی الاخبار ص ۳۹٤

۷۔ ایک برادر مسلمان کا اپنے دوسرے مسلمان بھائی پر جو حقوق ہیں ان میں سے "یہ حق بھی ہے کہ ۱۔ جب ملاقات ہو تو اس پر سلام کرے۔ ۲۔ جب بیمار ہو تو اس کی عیادت کرے، ۳۔ اسکے پیٹھ پیچھے اس سے خلوص برتے، ۴۔ جب اس کو چھینک آئے تو دعا کرے، یعنی یرحمک اللہ" کہے " ۵۔ جب اس کو بلائے تو قبول کرے۔ ۶۔ جب وہ مرجائے تو جنازہ کے پیچھے پیچھے چلے (تشیع جنازہ کرے)
"اصول کافی، ج ۲، باب حق المومن علیٰ اخیہ، ص ۱۷۱"

۸۔ ایک جسم کی طرح "مومن دوسرے مومن کا بھائی ہے" کہ جب جسم کے کسی حصہ کو شکایت ہوتی ہے تو اس کی تکلیف پورے بدن کو ہوتی ہے، اور ان کی روح بھی ایک ہے مومن کی روح کا اتصال روح اللہ سے اس سے کہیں زیادہ شدید ہوتا ہے جتنا اتصال سورج اور اس کی شعاعوں میں ہوتا ہے۔
"اصول کافی، ج ۲، باب اخوۃ المومنین، ص ۱۶۶"

۹۔ ایک مسلمان کا دوسرے مسلمان پر یہ حق ہے کہ اگر اسکا بھائی بھوکا ہو تو یہ شکم سیر نہ ہو، اگر وہ پیاسا ہو تو یہ سیراب نہ ہو اگر وہ برہنہ ہو تو لباس نہ پہنے، پس ایک مسلمان کا دوسرے مسلمان پر کتنا عظیم حق ہے۔ نیز فرمایا: اپنے مسلمان بھائی کیلئے وہی پسند کرو جو اپنے لئے پسند کرتے ہو۔
"اصول کافی، ج ۲، باب حق المومن علی اخیہ، ص ۱۷۰"

۱۰۔ مومن، مومن کا بھائی اور اس کی آنکھ اور اس کا رہبر ہے، نہ اسکے ساتھ خیانت کرتا ہے نہ اس پر ظلم کرتا ہے، نہ اس کے ساتھ ملاوٹ کرتا ہے، اور نہ وعدہ کرکے وعدہ خلافی کرتا ہے۔
"اصول کافی، ج ۲، باب اخوۃ المومنین، ص ۱۶۶"

۱۱۔ چھوٹی سی وہ چیز جو انسان کو دائرہ ایمان سے خارج کر دیتی ہے وہ یہ ہے کہ انسان اپنے برادر دینی کی لغزشوں کو شمار کرتا رہے، تاکہ کسی دن ان لغزشوں کا ذکر کرکے اس کو سرزنش کرے
"معانی الاخبار، ص ۳۹۴"

۱۲۔ مَنْ زَهَدَ فِي الدُّنيا اَثبتَ اللهُ الحِكْمَةَ في قَلبِهِ وَاَنطَقَ بِها لِسانَهُ وَبَصَّرَ عُيُوبَ الدُّنيا، داءَها ودواءَها، واَخرَجَهُ مِنَ الدُّنيا سالِماً اِلىٰ دارِ السَّلامِ.

(بحارالانوار ج ۷۳ ص ٤۸

۱۳۔ اَلنّاسُ يَمُرُّونَ عَلَى الصِّراطِ طَبَقاتٍ، وَالصِّراطُ اَدَقُّ مِنَ الشَّعْرِ وَاَحَدُّ مِ[ن] السَّيْفِ...فَمِنهُم مَنْ يَمُرُّ حَبْواً، وَمِنْهُم مَنْ يَمُرُّ مَشْياً، وَمِنْهُم مَنْ يَمُرُّ مُتَعَلِّقاً، قَـ[ـد] تَأخُذُ النّارُ مِنهُ شَيْئاً وتَترُكُ مِنهُ شَيْئاً.

(روضة الواعظين ص٤٩٩

۱٤۔ مِنْ اَخلاقِ الجاهِلِ الاِجابَةُ قَبلَ اَنْ يَسْمَعَ وَالمُعارَضَةُ قَبلَ اَنْ يَفْهَمَ وَالحُكْمُ بِما لايَعْلَمُ.

(بحارالانوار ج ۷۸ ص ۲۷۸

۱٥۔ اَلعامِلُ عَلىٰ غَيرِبَصيرَةٍ كَالسّائِرِ عَلىٰ غَيرِ الطَّريقِ فَلا تَزيدُهُ سُرْعَةُ السَّ[ير] اِلّا بُعْداً.

(تحف العقول ص ۳٦۲

۱٦۔ اَحَبُّ اِخْواني اِلَيَّ مَن اَهدىٰ اِلَيَّ عُيُوبي.

(تحف العقول ص ۳٦٦

۱۷۔ كُونُوا دُعاةً لِلنّاسِ بِالخَيرِ بِغَيرِ اَلسِنَتِكُمْ لِيَرَوا مِنكُمُ الاِجْتِهادَ وَالصِّدْقَ وَالوَرَعَ.

(اصول كافى ج ۲ باب الصدق واداء الامانة ص ۱۰۵

۱۲۔ جو دنیا میں زاہد ہوتا ہے خدا حکمت کو اس کے قلب میں جاگزیں کر دیتا ہے اور اسی کو اس کی زبان پر جاری کر دیتا ہے، اور اس کو دنیا کے عیوب اور ان کے امراض اور علاج سے آشنا کر دیتا ہے اور اس کو پاک و پاکیزہ دنیا سے آخرت کی طرف منتقل کرتا ہے۔ بحار، ج ۷۳، ص ۴۸ "

۱۳۔ صراط سے گزرنے والے لوگ کئی قسم کے ہوں گے، پل صراط بال سے زیادہ باریک اور تلوار سے زیادہ تیز ہوگا۔ ۱۔ کچھ لوگ شکم و ہاتھوں کے بل گزریں گے، ۲۔ کچھ لوگ پیروں سے چلتے ہوئے گزریں گے، ۳۔ کچھ لٹک کر گزریں گے۔ کہ آگ ان کے جسم کے کچھ حصے کو جلا رہی ہوگی اور کچھ حصہ محفوظ ہوگا۔

" روضۃ الواعظین ص ۴۹۹ "

۱۴۔ جاہل کی عادت یہ ہے کہ سننے سے پہلے جواب دینے لگتا ہے، سمجھنے سے پہلے جھگڑنے لگتا ہے، جس چیز کے بارے میں نہیں جانتا اس کے بارے میں حکم لگاتا ہے۔

(بحار، ج ۷۸، ص ۲۷۸)

۱۵۔ بغیر شناخت و بصیرت کے عمل کرنے والا، غیر راستہ پر چلنے والا ہے لہٰذا جتنا تیز چلے گا منزل سے اتنا دور ہوگا۔

" تحف العقول، ص ۳۶۲ "

۱۶۔ میرے نزدیک میرا سب سے زیادہ دوست وہ ہے جو میرے عیوب مجھے بتائے۔

(تحف العقول، ص ۳۶۶)

۱۷۔ لوگوں کو خیر کی طرف بغیر زبان (یعنی کردار و عمل) سے دعوت دو تاکہ وہ تمہاری کوشش و راستی و پرہیزگاری کو (اپنی آنکھوں سے) دیکھ سکیں،

" اصول کافی، ج ۲، باب الصدق و اداء الامانۃ ص ۱۰۵ "

۱۸۔ مَنْ حَرَمَ نَفْسَهُ كَسْبَهُ فَإِنَّمَا يَجْمَعُ لِغَيْرِهِ، وَمَنْ أَطَاعَ هَوَاهُ فَقَدْ أَطَاعَ عَدُوَّهُ، مَنْ يَثِقْ بِاللّٰهِ يَكْفِهِ مَا أَهَمَّهُ مِنْ أَمْرِ دُنْيَاهُ وَآخِرَتِهِ وَيَحْفَظْ لَهُ مَا غَابَ عَنْهُ، وَقَدْ عَجَزَ مَنْ لَمْ يُعِدَّ لِكُلِّ بَلَاءٍ صَبْراً، وَلِكُلِّ نِعْمَةٍ شُكْراً، وَلِكُلِّ عُسْرٍ يُسْراً، صَبِّرْ نَفْسَكَ عِنْدَ كُلِّ بَلِيَّةٍ فِي وَلَدٍ أَوْمَالٍ أَوْرَزِيَّةٍ، فَإِنَّمَا يَقْبِضُ عَارِيَتَهُ، وَيَأْخُذُ هِبَتَهُ، لِيَبْلُوَ فِيهِمَا صَبْرَكَ وَشُكْرَكَ، وَارْجُ اللّٰهَ رَجَاءً لَا يُجَرِّيكَ عَلَىٰ مَعْصِيَتِهِ، وَخَفْهُ خَوْفاً لَا يُؤْيِسُكَ مِنْ رَحْمَتِهِ، وَلَا تَغْتَرَّ بِقَوْلِ الْجَاهِلِ وَلَا بِمَدْحِهِ فَتَكَبَّرَ وَتَجَبَّرَ وَتُعْجَبَ بِعَمَلِكَ، فَإِنَّ أَفْضَلَ الْعَمَلِ الْعِبَادَةُ وَالتَّوَاضُعُ، فَلَا تُضَيِّعْ مَالَكَ وَتُصْلِحَ مَالَ غَيْرِكَ مَا خَلَّفْتَهُ وَرَاءَ ظَهْرِكَ، وَاقْنَعْ بِمَا قَسَمَهُ اللّٰهُ لَكَ، وَلَا تَنْظُرْ إِلَّا إِلَىٰ مَاعِنْدَكَ، وَلَا تَتَمَنَّ مَالَسْتَ تَنَالُهُ، فَإِنَّ مَنْ قَنِعَ شَبِعَ، وَمَنْ لَمْ يَقْنَعْ لَمْ يَشْبَعْ، وَخُذْ حَظَّكَ مِنْ آخِرَتِكَ،

(تحف العقول ص ۳۰٤)

۱۹۔ يَنْبَغِي لِلْمُؤْمِنِ أَنْ يَكُونَ فِيهِ ثَمَانِي خِصَالٍ، وَقُوراً عِنْدَ الْهَزَاهِزِ، صَبُوراً عِنْدَ الْبَلَاءِ، شَكُوراً عِنْدَ الرَّخَاءِ، قَانِعاً بِمَا رَزَقَهُ اللّٰهُ، لَا يَظْلِمُ الْأَعْدَاءَ، وَلَا يَتَحَامَلُ لِلْأَصْدِقَاءِ، بَدَنُهُ مِنْهُ فِي تَعَبٍ وَالنَّاسُ مِنْهُ فِي رَاحَةٍ...

(اصول کافی باب خصال المومن ج ۲/ ص ٤٧)

۲۰۔ يُغْفَرُ لِلْجَاهِلِ سَبْعُونَ ذَنْباً قَبْلَ أَنْ يُغْفَرَ لِلْعَالِمِ ذَنْبٌ وَاحِدٌ.

(اصول کافی ج ۱ ص٤٧)

۱۸۔ جس نے اپنی آمدنی کو اپنے اوپر خرچ نہ کیا اس نے (گویا) دوسروں کیلئے ذخیرہ کر دیا، اور جس نے اپنے خواہشات نفس کی پیروی کی اس نے اپنے دشمن کی اطاعت کی، جس نے خدا پر بھروسہ کیا، خدا اسکے اہم ترین دنیاوی اور آخروی امور کی کفایت کرے گا اور اس کی جو چیزیں غائب ہیں ان کی حفاظت کرے گا، جو شخص ہر بلا و مصیبت پر صبر نہ کرے، اور ہر نعمت پر شکر نہ کرے اور ہر مشکل کیلئے آسانی نہ پیدا کر سکے تو (ایسا شخص) عاجز ہے۔ ہر مصیبت کے وقت خواہ وہ اولاد کی ہو یا مال کی ہو یا جان کی ہو صبر کو عادت بنالو، (کیونکہ) خدا اپنی دی ہوئی امانت کو واپس لے لیتا ہے۔ اور اپنی بخشش کو (بھی) واپس لے لیتا ہے (اور یہ اس لئے کرتا ہے) تاکہ تمہارے صبر و شکر کا امتحان لے، خدا سے امید رکھو لیکن نہ اس طرح کہ اس سے جرأت گناہ بڑھے، اور خدا سے ڈرو لیکن نہ اس طرح کہ اس کی رحمت سے مایوس ہو جاؤ۔ جاہلوں کے قول اور ان کی مدح سے دھوکہ نہ کھاؤ ورنہ تمہارے اندر تکبر و غرور اور اپنے عمل پر گھمنڈ پیدا ہو جائے گا اس لئے کہ افضل ترین عمل عبادت اور تواضع ہے، کہیں ایسا نہ ہو کہ اپنے مال کو تباہ کر دو اور ورثاء کے مال کی اصلاح کرو خدا نے جو بھی تمہاری قسمت میں لکھ دیا ہے اسی پر قناعت کرو، اور صرف اپنے مال پر نظر رکھو جس کو حاصل نہیں کر سکتے۔ اس کی تمنا نہ کرو، کیونکہ جو قناعت کرتا ہے وہی سیر ہوتا ہے اور جو قناعت نہیں کرتا وہ کبھی سیر نہیں ہوتا۔ اپنا حصہ آخرت سے حاصل کرو۔

"تحف العقول ص ۳۰۴"

۱۹۔ مومن میں آٹھ خصلتیں ہونی چاہئیں۔ ۱۔ سختیوں کے وقت باوقار ہو، ۲۔ بلا کے وقت صابر ہو، ۳۔ آرام و آسائش کے وقت شکر کرنے والا ہو، ۴۔ خدا نے اسکو جو دیا ہے اس پر قانع ہو، ۵۔ دشمنوں پر ظلم نہ کرے، ۶۔ اپنا بار دوستوں کے کندھوں پر نہ ڈالے (یا دوستوں کی خاطر گناہ نہ کرے) اسکا بدن اسکی عبادت کی وجہ سے رنج و تعب میں ہو، ۸۔ لوگ اس کی طرف سے راحت میں ہوں۔

"اصول کافی، باب خصال المومن ج ۲، ص ۴۷"

۲۰۔ عالم کے ایک گناہ بخشے جانے سے پہلے جاہل کے ستر (۷۰) گناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔

"اصول کافی، ج ۱، ص ۴۷"

۲۱۔ وَلَا تَكُنْ بَطِراً فِي الْغِنىٰ وَلَا جَزِعاً فِي الْفَقْرِ، وَلَا تَكُنْ فَظّاً غَلِيظاً يَكْرَهُ النَّاسُ قُرْبَكَ، وَلَا تَكُنْ وَاهِناً يُحَقِّرُكَ مَنْ عَرَفَكَ، وَلَا تُشَارَّ مَنْ فَوْقَكَ، وَلَا تَسْخَرْ بِمَنْ هُوَ دُونَكَ، وَلَا تُنَازِعِ الْأَمْرَ أَهْلَهُ، وَلَا تُطِعِ السُّفَهَاءَ، وَلَا تَكُنْ مَهِيناً تَحْتَ كُلِّ أَحَدٍ، وَلَا تَتَّكِلَنَّ عَلىٰ كِفَايَةِ أَحَدٍ، وَقِفْ عِنْدَ كُلِّ أَمْرٍ حَتّىٰ تَعْرِفَ مَدْخَلَهُ مِنْ مَخْرَجِهِ قَبْلَ أَنْ تَقَعَ فِيهِ فَتَنْدَمَ، وَاجْعَلْ قَلْبَكَ قَرِيباً تُشَارِكُهُ. وَاجْعَلْ عَمَلَكَ وَالِداً تَتَّبِعُهُ، وَاجْعَلْ نَفْسَكَ عَدُوّاً تُجَاهِدُهُ، وَعَارِيَةً تَرُدُّهَا. فَإِنَّكَ قَدْ جُعِلْتَ طَبِيبَ نَفْسِكَ وَعُرِّفْتَ آيَةَ الصِّحَّةِ، وَبُيِّنَ لَكَ الدَّاءُ، وَدُلِلْتَ عَلىٰ الدَّوَاءِ، فَانْظُرْ قِيَامَكَ عَلىٰ نَفْسِكَ.

(تحف العقول ص ۳۰۴)

۲۲۔ مَنْ أَصْبَحَ مَهْمُوماً لِسِوىٰ فَكَاكِ رَقَبَتِهِ فَقَدْ هَوَّنَ عَلَيْهِ الْجَلِيلَ، وَرَغِبَ مِنْ رَبِّهِ فِي الرِّبْحِ الْحَقِيرِ، وَمَنْ غَشَّ أَخَاهُ وَحَقَّرَهُ وَنَاوَاهُ جَعَلَ اللّٰهُ النَّارَ مَأْوَاهُ، وَمَنْ حَسَدَ مُؤْمِناً انْمَاثَ الْإِيمَانُ فِي قَلْبِهِ كَمَا يَنْمَاثُ الْمِلْحُ فِي الْمَاءِ.

(تحف العقول ۳۰۲)

۲۳۔ لَا تَتَصَدَّقْ عَلىٰ أَعْيُنِ النَّاسِ لِيُزَكُّوكَ، فَإِنَّكَ إِنْ فَعَلْتَ ذٰلِكَ فَقَدِ اسْتَوْفَيْتَ أَجْرَكَ، وَلٰكِنْ إِذَا أَعْطَيْتَ بِيَمِينِكَ فَلَا تُطْلِعْ عَلَيْهَا شِمَالَكَ، فَإِنَّ الَّذِي تَتَصَدَّقُ لَهُ سِرّاً يُجْزِيكَ عَلَانِيَةً عَلىٰ رُؤُوسِ الْأَشْهَادِ، فِي الْيَوْمِ الَّذِي لَا يَضُرُّكَ أَنْ لَا يُطْلِعَ النَّاسَ عَلىٰ صَدَقَتِكَ.

(تحف العقول ص ۳۰۵)

۲۱۔ مالداری میں تمہارے اندر اکڑفوں نہ پیدا ہو، اور فقیری میں جزع فزع نہ ہو، بدخوار و سنگدل نہ ہو کہ لوگ تمہاری قربت کو ناپسند کریں، اتنے سست و کمزور نہ ہو کہ تم کو ہر جاننے والا ذلیل کرے، اپنے سے برتر سے جنگ نہ کرو، اپنے سے پست کا مذاق مت اڑاؤ، اہل کار سے نزاع نہ کرو بیوقوفوں کی اطاعت نہ کرو، ہر شخص کی ماتحتی قبول نہ کرو، کسی کی کفایت پر بھروسہ نہ کرو، کسی بھی کام میں ہاتھ ڈالنے اور اس میں پشیمان ہونے سے پہلے اس میں داخل ہونے اور نکلنے کا راستہ دیکھ لو، اپنے دل کو قریبی رشتہ دار سمجھو جو تمہارا شریک ہے، اپنے عمل کو (بمنزلہ) باپ قرار دو کہ اسکے پیچھے پیچھے رہو، اپنے نفس کو اپنا ایسا دشمن سمجھو کہ گویا ہمیشہ اس سے برسرپیکار رہو، اور ایک عاریت کی چیز جانو جسکو واپس کرنا ہے، کیونکہ تمکو اپنے نفس کا طبیب قرار دیا گیا ہے اور تم کو صحت و مرض کی علامتیں اور دوا و علاج (سب کچھ) بتا دیا گیا ہے۔ لہٰذا بڑی دقت نظر سے اس کی نگرانی کرو۔ (تحف العقول، ص ۳۰۴)

۲۲۔ جو شخص اس عالم میں صبح کرے کہ اسکو آتش دوزخ کے علاوہ کسی اور بات کی فکر ہو تو اس نے اپنے اوپر عظیم چیز (عذاب) کو بہت ہلکا (دنیا) شمار کیا۔ اور خدا سے بہت معمولی نفع کی خواہش کی، اور جس نے اپنے برادر (مومن) کے ساتھ ملاوٹ کیا اور اسکو ذلیل کیا اور اس سے دشمنی کی تو خدا اسکا ٹھکانا دوزخ بنادے گا۔ جو شخص مومن سے حسد کریگا اسکے دل میں ایمان اس طرح گھل جائیگا جس طرح پانی میں نمک گھل جاتا ہے۔ (تحف العقول، ص ۳۰۲)

۲۳۔ لوگوں کے سامنے اسلئے صدقہ نہ دو کہ تم کو نیک سمجھیں، کیونکہ اگر تم نے ایسا کیا تو اپنی جزا پالی (اب خدا کے یہاں کچھ نہ ملیگا) البتہ اس طرح دو کہ اگر داہنے ہاتھ سے دیا ہے تو بائیں کو خبر نہ ہو کیونکہ جسکے لئے (یعنی خدا کیلئے) تم نے پوشیدہ طور سے صدقہ دیا ہے وہ تم کو علی الاعلان جزا دیگا اور ایسے دن دے گا کہ لوگوں کا مطلع نہ ہونا تم کو کوئی نقصان نہ پہونچا سکے گا۔ (تحف العقول، ص ۳۰۵)

۲٤-من مواعظ لقمان لابنه:

...یا بُنَیَّ اَلْزِمْ نَفْسَكَ التُّؤْدَةَ فی اُمورِكَ وَصَبِّرْ عَلیٰ مَؤُونَاتِ الْإِخْوانِ نَفْسَكَ فَإِنْ اَرَدْتَ اَنْ تَجْمَعَ عِزَّ الدُّنْیا فَاقْطَعْ طَمَعَكَ مِمّا فی اَیْدِی النّاسِ فَاِنَّما بَلَغَ الْاَنْبِیاءُ وَالصِّدِّیقُونَ ما بَلَغُوا بِقَطْعِ طَمَعِهِمْ.

(بحارالانوار ج۱۳ص ٤۱۹- ٤۲۰)

۲۵-حَقٌّ عَلیٰ كُلِّ مُسْلِمٍ یَعْرِفُنا اَنْ یَعْرِضَ عَمَلَهُ فی كُلِّ یَوْمٍ وَلَیْلَةٍ عَلیٰ نَفْسِهِ، فَیَكُونَ مُحاسِبَ نَفْسِهِ، فَإِنْ رَأیٰ حَسَنَةً اسْتَزادَ مِنْها، وَاِنْ رَأیٰ سَیِّئَةً اسْتَغْفَرَ مِنْها، لِئَلاّ یَخْزیٰ یَوْمَ الْقِیامَةِ.

(تحف العقول ص۳۰۱)

۲٦-مَنْ عامَلَ النّاسَ فَلَمْ یَظْلِمْهُمْ، وَحَدَّثَهُمْ فَلَمْ یَكْذِبْهُمْ، وَوَعَدَهُمْ فَلَمْ یُخْلِفْهُمْ، كانَ مِمَّنْ حَرُمَتْ غِیبَتُهُ وَكَمُلَتْ مُرُوءَتُهُ وَظَهَرَ عَدْلُهُ وَوَجَبَتْ اُخُوَّتُهُ.

(اصول کافی ج ۲ باب المؤمن وعلاماته ص ۲۳۹)

۲۷- اَلاَیّامُ ثَلاثَةٌ: فَیَوْمٌ مَضیٰ لا یُدْرَكُ، وَیَوْمُ النّاسُ فیهِ فَیَنْبَغی اَنْ یَغْتَنِمُوهُ، وَغَداً اِنَّما فی اَیْدیهِمْ اَمَلُهُ.

(تحف العقول ص ۳۲٤)

۲۸- یا ابْنَ جُنْدَب یَهْلِكُ الْمُتَّكِلُ عَلیٰ عَمَلِهِ، وَلا یَنْجُو الْمُجْتَرِئُ عَلَی الذُّنُوبِ الْواثِقُ بِرَحْمَةِ اللّهِ. قُلْتُ: فَمَنْ یَنْجُو؟ قالَ الَّذینَ هُمْ بَیْنَ الرَّجاءِ وَالْخَوْفِ، كَأَنَّ قُلُوبَهُمْ فی مِخْلَبِ طائِرٍ شَوْقاً اِلَی الثَّوابِ وَخَوْفاً مِنَ الْعَذابِ.

(تحف العقول ص ۳۰۲)

۲۴۔ جناب لقمان نے اپنے بیٹے کو جو نصیحتیں کی تھیں ان میں سے یہ بھی تھیں ....

بیٹا اپنے امور زندگی میں ہمیشہ باوقار رہو، اور اپنے دینی بھائیوں کے معاملات میں اپنے نفس کو صبر پر آمادہ رکھو، اگر دنیا کی عزت حاصل کرنا چاہتے ہو تو لوگوں کے پاس جو کچھ ہے اس سے اپنی امید کو قطع کر لو اسلئے کہ انبیاء اور صدیقین جس بلند مقام تک پہونچے ہیں وہ اسی قطع امید کی بنا پر پہونچے ہیں۔

(بحار، ج ۱۳، ص ۴۱۹ - ۴۲۰)

۲۵۔ جس مسلمان کو ہماری معرفت حاصل ہے اس کا حق یہ ہے کہ ہر چوبیس گھنٹے میں اپنے عمل کو اپنے سامنے رکھے تاکہ اپنے نفس کا محاسب بنے اب اگر اس میں نیکیاں زیادہ ہیں تو اور اضافہ کی کوشش کرے اور اگر برائیوں (کی زیادتی) کو دیکھے تو استغفار کرے۔ تاکہ قیامت کے دن رسوا نہ ہو۔

"تحف العقول ص ۳۰۱"

۲۶۔ جو لوگوں سے معاملہ کرے اور اس میں ان پر ظلم نہ کرے، اور گفتگو کرے اور جھوٹ نہ بولے۔ اور وعدہ کرکے وعدہ خلافی نہ کرے تو اسکی غیبت حرام، اسکی مردانگی کامل، اس کی عدالت ظاہر، اور اس کی اخوت واجب ہے۔

(اصول کافی، ج ۲، باب المومن و علاماتہ ص ۲۳۹)

۲۷۔ دنوں کی تین قسمیں ہیں، ۱۔ وہ کل جو گزر گیا اب وہ ہاتھ نہیں آئے گا۔ ۲۔ ایک وہ کل جسکی صرف آرزو کی جاسکتی ہے ابھی آیا نہیں ہے۔ ۳۔ ایک آج جس میں ہم ہیں اور اسی کو غنیمت سمجھنا چاہیئے۔

"تحف العقول ص ۳۲۴"

۲۸۔ اے ابن جندب! اپنے عمل پر بھروسہ کرنے والا ہلاک ہوتا ہے، خدا کی رحمت پر یقین رکھ کر گناہ کی جرأت کرنے والا نجات نہیں پا سکتا، راوی نے پوچھا: پھر کون نجات پائے گا؟ فرمایا: جو امید و بیم کے درمیان ہیں۔ گویا ان کے قلوب طائر کے پنجے میں ہیں ثواب کے شوق اور عذاب کے خوف سے۔

"تحف العقول، ص ۳۰۲"

۲۹- اَلْمَعْرُوفُ كَاسْمِهِ، وَلَيْسَ شَيْءٌ اَفْضَلَ مِنَ الْمَعْرُوفِ اِلَّا ثَوَابُهُ، وَالْمَعْرُوفُ هَدِيَّةٌ مِنَ اللّٰهِ اِلٰى عَبْدِهِ، وَلَيْسَ كُلُّ مَنْ يُحِبُّ اَنْ يَصْنَعَ الْمَعْرُوفَ اِلَى النَّاسِ يَصْنَعُهُ، وَلَا كُلُّ مَنْ رَغِبَ فِيهِ يَقْدِرُ عَلَيْهِ، وَلَا كُلُّ مَنْ يَقْدِرُ عَلَيْهِ يُؤْذَنُ لَهُ فِيهِ، فَاِذَا مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْعَبْدِ جَمَعَ لَهُ الرَّغْبَةَ فِي الْمَعْرُوفِ وَالْقُدْرَةَ وَالْاِذْنَ، فَهُنَاكَ تَمَّتِ السَّعَادَةُ وَالْكَرَامَةُ لِلطَّالِبِ وَالْمَطْلُوبِ اِلَيْهِ.
(بحار ج ۷۸ ص ۲٤٦)

۳۰- اَلْمَاشِي فِي حَاجَةِ اَخِيهِ كَالسَّاعِي بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، وَقَاضِي حَاجَتِهِ كَالْمُتَشَحِّطِ بِدَمِهِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ يَوْمَ بَدْرٍ وَاُحُدٍ
(تحف العقول ص ۳۰۳)

۳۱- اِنَّ اللّٰهَ اَنْعَمَ عَلٰى قَوْمٍ بِالْمَوَاهِبِ فَلَمْ يَشْكُرُوهُ فَصَارَتْ عَلَيْهِمْ وَبَالاً، وَابْتَلٰى قَوْماً بِالْمَصَائِبِ فَصَبَرُوا فَكَانَتْ عَلَيْهِمْ نِعْمَةً.
(بحارالانوار ج ۷۸ ص ۲٤۱)

۳۲- اِنَّ الْمَعْصِيَةَ اِذَا عَمِلَ بِهَا الْعَبْدُ سِرّاً لَمْ تَضُرَّ اِلَّا عَامِلَهَا وَاِذَا عَمِلَ بِهَا عَلَانِيَةً وَلَمْ يُغَيَّرْ عَلَيْهِ اَضَرَّتْ بِالْعَامَّةِ.
(قرب الاسناد ص ۲٦)

۳۳- مَا مِنْ رَجُلٍ تَكَبَّرَ اَوْ تَجَبَّرَ اِلَّا لِذِلَّةٍ وَجَدَهَا فِي نَفْسِهِ.
(اصول کافی ج ۲ ص ۳۱۲)

۳٤- بَرُّوا آبَاءَكُمْ يَبَرُّكُمْ اَبْنَاؤُكُمْ، وَعِفُّوا عَنْ نِسَاءِ النَّاسِ تَعِفَّ [illegible]ُمْ.
(بحارالانوار [illegible] ص ۲٤۲)

۲۹۔ نیکی اپنے نام کی طرح نیک ہے، اور نیکی سے بہتر اس کی جزا کے علاوہ اور کچھ نہیں ہے، نیکی خدا کی طرف سے اپنے بندے کیلئے ایک ہدیہ ہے، جو شخص لوگوں کے ساتھ نیکی کرنے کو دوست رکھتا ہو، ضروری نہیں ہے کہ اس نے لوگوں کے ساتھ نیکی کی بھی ہو، اور نہ ہر رغبت کرنے والے کیلئے ضروری ہے کہ اس پر قادر بھی ہوا ہو، اور نہ ہر قدرت رکھنے والے کیلئے ضروری ہے کہ اس کو اجازت بھی دی گئی ہو، جب خدا کسی بندے پر احسان کرتا ہے تو اس میں نیکی کی رغبت اور اس پر قدرت اور اجازت سب کچھ اکٹھا کر دیتا ہے پھر طالب اور مطلوب (دونوں) کیلئے سعادت و کرامت سب کچھ مکمل ہو جاتی ہے۔ "بحار ج ۷۸، ص ۲۴۶"

۳۰۔ برادر مومن کی حاجت میں جانے والا صفا و مروہ کے درمیان سعی کرنے والے کی طرح ہے اور برادر مومن کی حاجت کو پوری کرنے والا جنگ بدر و احد میں راہ خدا کے اندر اپنے خون میں لتھڑنے والے کی طرح ہے۔ (تحف العقول، ص ۳۰۳)

۳۱۔ خداوند عالم نے ایک قوم کو اپنی نعمتوں سے مالا مال کر دیا مگر (جب) اس قوم نے خدا کا شکر نہ ادا کیا تو وہی نعمتیں وبال بن گئیں اور ایک قوم کو مصائب میں مبتلا کیا، مگر اس نے صبر کیا پس وہ مصائب اس قوم کیلئے نعمت بن گئے۔ "بحار ج ۷۸، ص ۲۴۱"

۳۲۔ انسان اگر چھپ کر گناہ کرے تو صرف اپنے کو نقصان پہونچاتا ہے اور اگر علی الاعلان گناہ کرے اور اس کی روک تھام نہ کی جائے تو پورے معاشرے کو نقصان پہونچاتا ہے، (قرب الاسناد ص ۲۶)

۳۳۔ جو شخص بھی تکبر یا خود سری کرتا ہے وہ صرف اس ذلت و رسوائی کی وجہ سے کرتا ہے جو وہ اپنے اندر پاتا ہے۔ "اصول کافی، ج ۲، ص ۳۱۲"

۳۴۔ تم اپنے آباء کے ساتھ نیکی کرو، تمہاری اولاد تمہارے ساتھ نیکی کرے گی، لوگوں کی عورتوں سے عفت برتو تمہاری عورتوں سے بھی عفت برتی جائے گی۔ "بحار ج ۷۸، ص ۲۴۲"

۳۵۔ صِلْ مَنْ قَطَعَكَ، وَاَعْطِ مَنْ حَرَمَكَ، وَاَحْسِنْ اِلىٰ مَنْ اَساءَ اِلَيْكَ، وَسَلِّمْ عَلىٰ مَنْ سَبَّكَ، وَاَنْصِفْ مَنْ خاصَمَكَ، وَاعْفُ عَمَّنْ ظَلَمَكَ، كَما اَنَّكَ تُحِبُّ اَنْ يُعْفىٰ عَنْكَ. فَاعْتَبِرْ بِعَفْوِاللّٰهِ عَنْكَ، اَلا تَرىٰ اَنَّ شَمْسَهُ اَشْرَقَتْ عَلَى الْاَبْرارِ وَالْفُجّارِ، وَاَنَّ مَطَرَهُ يَنْزِلُ عَلَى الصّالِحِينَ وَالْخاطِئِينَ.

(تحف العقول ص ۳۰۵)

۳۶۔ اِحْذَرْ مِنَ النّاسِ ثَلاثَةً: اَلْخائِنَ وَالظَّلُومَ وَالنَّمّامَ لِاَنَّ مَنْ خانَ لَكَ خانَكَ، وَمَنْ ظَلَمَ لَكَ سَيَظْلِمُكَ، وَمَنْ نَمَّ اِلَيْكَ سَيَنُمُّ عَلَيْكَ.

(تحف العقول ص ۳۱۶)

۳۷۔ اِذا كانَ يَوْمَ الْقِيامَةِ بَعَثَ اللّٰهُ الْعالِمَ وَالْعابِدَ، فَاِذا وَقَفا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ قِيلَ لِلْعابِدِ:اِنْطَلِقْ اِلَى الْجَنَّةِ وَقِيلَ لِلْعالِمِ قِفْ تَشْفَعْ لِلنّاسِ بِحُسْنِ تَادِيبِكَ لَهُمْ.

(بحار ج۸ ص ۵۶)

۳۸۔ رَكْعَتانِ يُصَلِّيهِما مُتَزَوِّجٌ اَفْضَلُ مِنْ سَبْعِينَ رَكْعَةً يُصَلِّيها غَيْرُ مُتَزَوِّجٍ.

(بحارالانوار ج ۱۰۳ ص ۲۱۹)

۳۹۔ اَلْكادُّ عَلىٰ عِيالِهِ كَالْمُجاهِدِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ.

(وسائل الشیعة ج۱۲ص ۴۳)

۴۰۔ لايَنالُ شَفاعَتَنا مَنِ اسْتَخَفَّ بِالصَّلاةِ.

فروع کافی ج۳ ص ۲۷۰)

۳۵۔ جو تمہارے ساتھ قطع رحم کرے تم اسکے ساتھ صلہ رحم کرو، جو تمہارے ساتھ برائی کرے، تم اس کے ساتھ اچھائی کرو، جو تم کو گالی دے اس کو سلام کرو، جو تم سے دشمنی کرے تم اس سے انصاف کا برتاؤ کرو، جو تم پر ظلم کرے اس کو اسی طرح معاف کرو، جس طرح تم چاہتے ہو کہ تم کو معاف کیا جائے عفو خدا کو پیش نظر رکھو کیا تم نہیں دیکھتے کہ اس کا سورج نیکوں اور بروں سب پر چمکتا ہے اور اس کی بارش نیک لوگوں اور گنہگاروں دونوں پر ہوتی ہے۔

"تحف العقول ص ۳۰۵"

۳۶۔ تین لوگوں سے ڈرو، ۱۔ خائن، ۲۔ ظالم، ۳۔ چغلخور، اسلئے کہ خائن اگر آج تمہارے (فائدے) کیلئے خیانت کر رہا ہے تو کل تمہارے (نقصان) کیلئے خیانت کرے گا۔ اور جو آج تمہاری خاطر ظلم کر رہا ہے کل تم پر بھی ظلم کر سکتا۔ اور جو تم سے دوسروں کی چغلی کھاتا ہے وہ دوسروں سے تمہاری چغلی کھائے گا۔

"تحف العقول، ص ۳۱۶"

۳۷۔ قیامت کے دن خدا عالم اور عابد (دونوں) کو اٹھائے گا۔ جب دونوں خدا کے سامنے کھڑے ہوں گے تو عابد سے کہا جائے گا تو جنت میں جا، اور عالم سے کہا جائے گا تم ٹھہرو لوگوں کو بہترین ادب سکھانے کی وجہ سے ان کی شفاعت کرو۔

"بحار، ج ۸، ص ۵۶"

۳۸۔ شادی شدہ کی دو رکعت نماز غیر شادی شدہ کی ستر رکعت نماز سے افضل ہے۔

"بحار، ج ۱۰۳، ص ۲۱۹"

۳۹۔ اپنے عیال کیلئے کوشش کرنے والا راہ خدا میں جہاد کرنے والے کی طرح ہے۔

"وسائل الشیعہ، ج ۱۲، ص ۴۳"

۴۰۔ نماز کی استخفاف کرنے والے کو ہماری شفاعت نصیب نہ ہوگی۔

"فروع کافی، ج ۳، ص ۲۷۰"

معصوم نہم

امام ہفتم

حضرت امام موسیٰ ابن جعفر علیہ السلام

اور ان کی چالیس حدیثیں "

امام ہفتم

حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام

نام :— — —موسیٰؑ

القاب مشہور :— —عبد صالح ، کاظم ، باب الحوائج ،

کنیت : ———ابوالحسن ، ابو ابراہیم ،

باپ : — — —امام جعفر صادقؑ

ماں : — — —حمیدہ خاتون ،

وقت ولادت : —صبح روز یکشنبہ ،

تاریخ ولادت :— ۷/ صفر ،

سن ولادت : —۱۲۸/ ہجری "

جائے ولادت : —"ابوار " مکہ و مدینہ کے درمیان ایک جگہ ہے ۔

تاریخ شہادت :— ۲۵ / رجب ، — — —سن شہادت :— ۱۸۳ ہجری قمری :

جائے شہادت :— قید خانہ ہارون رشید در بغداد "

عمر :— — — ۵۵/ سال ۔ — — — سبب شہادت : — —ہارون کے حکم سے زہر دیا گیا :

مزار :— — —کاظمین " بغدا کے قریب ۔

دوران زندگی : ۱۔ امامت سے پہلے کا دور جو ۱۲۸ قمری سے ۱۴۸ قمری (۲۰ سال) تک ، پر پھیلا ہوا ہے ۔ ۲۔ امامت کے بعد کا دور ۱۴۸ ، سے ۱۸۳ ، تک (۳۵ سال) تک کا ہے جو منصور دوانیقی مہدی عباسی ہادی عباسی ، ہارون رشید پر مشتمل ہے ، سب سے زیادہ آپؑ کی امامت کا دور عصر ہارون میں تھا جس کی مدت ۲۳/ سال ۲/ ماہ ۱۷/ دن تھی اور ہارون عباسی دور کا پانچواں خلیفہ تھا اس کے دور میں حضرتؑ زیادہ تر قید خانہ میں رہے ۔

اربعون حديثاً

عن الامام موسى الكاظم عليه السلام

۱. وَجَدْتُ عِلْمَ النّاسِ في أَرْبَعٍ: اَوَّلُها اَنْ تَعْرِفَ رَبَّكَ، وَالثّانِيَةُ اَنْ تَعْرِفَ ما صَنَعَ بِكَ، وَالثّالِثَةُ اَنْ تَعْرِفَ ما اَرادَ مِنْكَ، وَالرّابِعَةُ اَنْ تَعْرِفَ ما يُخْرِجُكَ عَنْ دينِكَ.

(اعيان الشيعة (الطبع الجديد) ج ۲ ص ۹)

۲. إِنَّ لِلّهِ عَلَى النّاسِ حُجَّتَيْنِ: حُجَّةً ظاهِرَةً، وَحُجَّةً باطِنَةً، فَاَمَّا الظّاهِرَةُ فَالرُّسُلُ وَالاَنْبِياءُ وَالاَئِمَّةُ عَلَيْهِمُ السَّلامُ: وَاَمَّا الباطِنَةُ فَالعُقُولُ.

(بحارالانوار ج ۱ ص ۱۳۷)

۳. يا هِشامُ إِنَّ لُقْمانَ قالَ لِابْنِهِ: «تَواضَعْ لِلْحَقِّ تَكُنْ اَعْقَلَ النّاسِ. يا بُنَيَّ إِنَّ الدُّنْيا بَحْرٌ عَميقٌ، قَدْ غَرِقَ فيهِ عالَمٌ كَثيرٌ فَلْتَكُنْ سَفينَتُكَ فيها تَقْوَى اللّهِ وَحَشْوُها الإِيمانَ وَشِراعُها التَّوَكُّلَ وَقَيِّمُها العَقْلَ. وَدَليلُها العِلْمَ وَسُكّانُها الصَّبْرَ».

(تحف العقول ص ۳۸٦)

حضرت امام موسیٰ کاظمؑ کی چالیس حدیث

۱۔ لوگوں کا علم میں نے چار چیزوں میں پایا، ۱۔ اپنے خدا کی معرفت، ۲۔ خدا نے تمہارے ساتھ کیا کیا ہے اس کی معرفت، ۳۔ اس بات کی معرفت کہ خدا تم سے کیا چاہتا ہے، ۴۔ کون سی چیز تم کو دین سے خارج کردے گی۔

"اعیان الشیعہ طبع جدید، ج ۲، ص ۹"

۲۔ خدا کی طرف سے لوگوں کیلئے دو حجتیں ہیں، ۱۔ ظاہری، ۲۔ باطنی، ظاہری حجتیں انبیاؑ رسل، ائمہؑ ہیں، اور باطنی عقول ہیں،

"بحار، ج ۱، ص ۱۳۷"

۳۔ اے ہشام! لقمان نے اپنے بیٹے سے کہا:
حق کیلئے تواضع کرو تو سب سے زیادہ عقلمند ہوگے، میرے بیٹے! دنیا ایک بہت ہی گہرا سمندر ہے اس میں بہت سی دنیا ڈوب چکی ہے لہٰذا اس میں تمہاری کشتی تقویٰ الٰہی ہو اس میں جو چیز بار کی جائے وہ ایمان ہو، اس کا بادبان توکل (برخدا) ہو اس کا ملّاح عقل ہو، اس کشتی کا رہنما علم ہو، اس میں سوار ہونے والا صبر ہو۔

"تحف العقول ص ۳۸۶"

۴- تَفَقَّهوا في دينِ اللّهِ فإنَّ الفِقهَ مِفتاحُ البَصيرَةِ وَتَمامُ العِبادَةِ وَالسَّبَبُ إلى المَنازِلِ الرَّفيعَةِ وَالرُّتَبِ الجَليلَةِ في الدّينِ وَالدُّنيا. وَفَضلُ الفَقيهِ عَلَى العابِدِ كَفَضلِ الشَّمسِ عَلَى الكَواكِبِ. وَمَن لَم يَتَفَقَّهْ في دينِهِ لَم يَرضَ اللّهُ لَهُ عَمَلاً.

(بحارالانوار ج ۷۸ ص ۳۲۱)

۵- اِجتَهِدوا في أن يَكونَ زَمانُكُم أربَعَ ساعاتٍ: ساعَةً لِمُناجاةِ اللّهِ، وَساعَةً لِأمرِ المَعاشِ، وَساعَةً لِمُعاشَرَةِ الإخوانِ وَالثِّقاتِ الَّذينَ يُعَرِّفونَكُم عُيوبَكُم وَيُخلِصونَ لَكُم في الباطِنِ، وَساعَةً تَخلُونَ فيها لِلَذّاتِكُم في غَيرِ مُحَرَّمٍ وَبِهذِهِ السّاعَةِ تَقدِرونَ عَلَى الثَّلاثِ ساعاتٍ.

(تحف العقول ص ۴۰۹)

۶- يا هِشامُ لايَكونُ الرَّجُلُ مُؤمِناً حَتّى يَكونَ خائِفاً راجِياً. وَلا يَكونُ خائِفاً راجِياً حَتّى يَكونَ عامِلاً لِما يَخافُ وَيَرجو.

(تحف العقول ص ۳۹۵)

۷- ... فَأيُّ الأعداءِ أوجَبُهُم مُجاهَدَةً؟ قالَ عليه السلام: أقرَبُهُم إلَيكَ وَأعداهُم لَكَ وَأضَرُّهُم بِكَ وَأعظَمُهُم لَكَ عَداوَةً وَأخفاهُم لَكَ شَخصاً مَعَ دُنُوِّهِ مِنكَ...

(بحارالانوار ج ۷۸ ص ۳۱۵)

۴۔ دین خدا کو سمجھو کیونکہ فقہ بصیرت کی کلید، اور مکمل عبادت اور دنیا و آخرت میں عظیم مرتبوں، اور بلند مرتبوں تک پہنچنے کا ذریعہ (و سبب) ہے فقیہ کی فضیلت عابد پر اسی طرح ہے جس طرح سورج کی فضیلت ستاروں پر ہے، اور جو شخص دین کی فقہ نہ حاصل کرے خدا اس کا کوئی عمل قبول نہیں کرتا۔

"بحار، ج ۸، ص ۳۲۱"

۵۔ کوشش کر کے اپنے وقت کو چار حصوں میں تقسیم کر لو۔ ایک وقت خدا سے مناجات کیلئے ایک وقت اپنے امور معاش کیلئے، ایک وقت اپنے ان بھروسہ والے دوستوں کیلئے جو تم کو تمہارے عیوب بتا سکیں اور باطن میں تمہارے مخلص ہوں، ایک وقت اپنے، غیر حرام لذتوں کیلئے اور اسی ساعت سے باقی تینوں ساعتوں کیلئے طاقت حاصل کرو۔

"تحف العقول، ص ۴۰۹"

۶۔ اے ہشام! انسان اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتا جب تک کہ خدا سے خائف اور اس کی رحمتوں کا امیدوار نہ ہو، اور خائف و امیدوار اس وقت تک نہیں ہو سکتا جب تک جن چیزوں سے ڈرنا چاہیئے اور جن کی امید رکھنی چاہیئے ان کا عامل نہ ہو۔

"تحف العقول، ص ۳۹۵"

۷۔ ایک شخص نے امام موسیٰ کاظمؑ سے پوچھا: کس دشمن سے جہاد کرنا زیادہ واجب ہے؟ امامؑ نے فرمایا: ان لوگوں سے جو تمہارے سب سے نزدیک ترین دشمن ہوں، اور سب سے زیادہ تیرے دشمن ہوں، اور تمہارے لئے سب سے زیادہ نقصان دہ ہوں، اور ان کی دشمنی تمہارے لئے سب سے زیادہ عظیم ہو، اور تمہارے لئے ان کی شخصیت سب سے زیادہ پوشیدہ ہو، حالانکہ تم سے بہت قریب ہوں۔

"بحار، ج ۸، ص ۳۱۰"

۸- إنَّ أعْظَمَ النّاسِ قَدْرًا: الَّذي لايَرَى الدُّنْيا لِنَفْسِهِ خَطَراً، أمَا إنَّ أبْدانَكُمْ لَيْسَ لَها ثَمَنٌ إلاّ الْجَنَّةَ، فَلا تَبيعُوها بِغَيْرِها.

(تحف العقول ص ۳۸۹)

۹- يا هِشامُ إنَّ الْعاقِلَ لا يُحَدِّثُ مَنْ يَخافُ تَكْذيبَهُ. وَلا يَسْأَلُ مَنْ يَخافُ مَنْعَهُ. وَلا يَعِدُ مالا يَقْدِرُ عَلَيْهِ. وَلا يَرْجُوما يُعَنَّفُ بِرَجائِهِ. وَلا يَتَقَدَّمُ عَلى ما يَخافُ الْعَجْزَ عَنْهُ.

(تحف العقول ص ۳۹۰)

۱۰- بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ يَكُونُ ذاوَجْهَيْنِ وَذا لِسانَيْنِ يُطْرى أخاهُ إذا شاهَدَهُ وَيَاْكُلُهُ إذا غابَ عَنْهُ إنْ أُعْطِيَ حَسَدَهُ وَإنِ ابْتُلِيَ خَذَلَهُ.

(تحف العقول ص ۳۹۵) (بحارالانوار ج ۷۸ ص ۳۱۰)

۱۱-... وَالْمُؤْمِنُ أخوالْمُؤْمِنِ لِاُمِّهِ وَأبيهِ وَإنْ لَمْ يَلِدْهُ أبُوهُ، مَلْعُونٌ مَنِ اتَّهَمَ أخاهُ، مَلْعُونٌ مَنْ غَشَّ أخاهُ، مَلْعُونٌ مَنْ لَمْ يَنْصَحْ أخاهُ، مَلْعُونٌ مَنِ اغْتابَ أخاهُ.

(بحارالانوار ج ۷۸ ص ۳۳۳)

۱۲- مَنِ اسْتَوى يَوْماهُ فَهُوَ مَغْبُونٌ، وَمَنْ كانَ آخِرُ يَوْمَيْهِ شَرَّهُما فَهُوَ مَلْعُونٌ، وَمَنْ لَمْ يَعْرِفِ الزِّيادَةَ في نَفْسِهِ فَهُوَ في نُقْصانٍ، وَمَنْ كانَ إلَى النُّقْصانِ فَالْمَوْتُ خَيْرٌ لَهُ مِنَ الْحَياةِ.

(بحارالانوار ج ۷۸ ص ۳۲۷)

۸۔ تم میں سب سے زیادہ ارجمند وہ شخص ہے کہ جو دنیا کو اپنے لئے باعث عزّت و وقار نہ سمجھے۔ آگاہ ہو جاؤ تمہارے بدنوں کی قیمت صرف جنّت ہے لہٰذا اس سے کم پر سودا نہ کرو۔

"تحف العقول، ص ۳۸۹"

۹۔ اے ہشام! عقلمند آدمی اس شخص سے بات نہیں کرتا جس کے بارے میں ڈر ہو کہ یہ مجھے جھٹلا دے گا اور نہ اس سے سوال کرتا ہے جس کے بارے میں خطرہ ہوتا ہے کہ انکار کر دے گا اور نہ ایسی چیز کا وعدہ کرتا ہے جس پر قادر نہیں ہوتا، اور نہ اس چیز کی امید کرتا ہے جو باعث سرزنش ہو، اور نہ ایسے کام کا اقدام کرتا ہے جس کے بارے میں خطرہ ہو کہ عاجز ہو جائے گا۔

"تحف العقول ص ۳۹۰"

۱۰۔ کتنا برا وہ شخص ہے جو دو چہرہ اور دو زبان والا ہو "یعنی منافق ہو" سامنے اپنے برادر مومن کی تعریف کرے اور پیٹھ پیچھے غیبت کرے، اگر وہ برادر مومن کو "کچھ مل جائے" تو اس سے حسد کرنے لگے اور اگر مصیبت میں گرفتار ہو جائے تو اکیلا چھوڑ دے۔

"تحف العقول ص ۳۹۵" "بحار، ج ۷۸، ص ۳۱۰"

۱۱۔ ایک مومن دوسرے مومن کا حقیقی بھائی ہے چاہے اس کے والدین نے اس کو نہ جنا ہو جو اپنے بھائی کو متہم کرے وہ ملعون ہے، اور جو اپنے بھائی سے کھوٹ کرے وہ ملعون ہے، جو اپنے بھائی سے خیر نہ کرے اور اس کو نصیحت نہ کرے وہ ملعون ہے جو اپنے بھائی کی غیبت کرے، وہ ملعون ہے۔

"بحار، ج ۷۸، ص ۳۳۳"

۱۲۔ جس کے دونوں دن (معنوی اعتبار سے) برابر ہوں وہ گھاٹے میں ہے، اور جس کے دنوں میں سے دوسرے دن کا آخری دونوں سے برا ہو وہ ملعون ہے، اور جو اپنے اندر افزائش معنوی نہ دیکھے وہ نقصان میں ہے، اور جو نقصان میں ہو اس کیلئے موت زندگی سے بہتر ہے۔

"بحار، ج ۷۸، ص ۳۲۷"

۱۳-مَنْ اَظْلَمَ نُورَ فِكْرِهِ بِطُولِ اَمَلِهِ وَمَحا طَرائِفَ حِكْمَتِهِ بِفُضُولِ كَلامِهِ، وَاَطْفَأَ نُورَ عِبْرَتِهِ بِشَهَواتِ نَفْسِهِ فَكَأَنَّما اَعانَ هَواهُ عَلى هَدْمِ عَقْلِهِ ومن هدم عَقْلَهُ اَفْسَدَ دِينَهُ وَدُنْياهُ.

(تحف العقول ص ۳۸۶)

۱۴-كُلَّما اَحْدَثَ النّاسُ مِنَ الذُّنُوبِ ما لَمْ يَكُونُوا يَعْمَلُونَ، اَحْدَثَ اللّهُ لَهُمْ مِنَ الْبَلاءِ ما لَمْ يَكُونُوا يَعُدُّونَ.

(بحار الانوار ج ۷۸ ص ۳۲۲)

۱۵-يا هِشامُ لَوْ كانَ فِي يَدِكَ جَوْزَةٌ وَقالَ النّاسُ [في يَدِكَ] لُؤْلُؤَةٌ ما كانَ يَنْفَعُكَ وَاَنْتَ تَعْلَمُ اَنَّها جَوْزَةٌ. وَلَوْ كانَ فِي يَدِكَ لُؤْلُؤَةٌ وَقالَ النّاسُ: إِنَّها جَوْزَةٌ ما ضَرَّكَ وَاَنْتَ تَعْلَمُ اَنَّها لُؤْلُؤَةٌ.

(تحف العقول ص ۳۸۶)

۱۶-اُخْبِرُكَ اَنَّ مِنْ اَوْجَبِ حَقِّ اَخِيكَ اَنْ لا تَكْتُمَهُ شَيْئاً يَنْفَعُهُ لِأَمْرِ دُنْياهُ وَلِأَمْرِ آخِرَتِهِ

(بحارالانوار ج ۷۸ ص ۳۲۹)

۱۷-اِيّاكَ وَالْكِبْرَ، فَإِنَّهُ لا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ كانَ فِي قَلْبِهِ مِثْقالُ حَبَّةٍ مِنْ كِبْرٍ...

(تحف العقول ص ۳۹۶)

۱۸-يا هِشامُ لِكُلِّ شَيْءٍ دَلِيلٌ وَدَلِيلُ الْعاقِلِ اَلتَّفَكُّرُ، وَدَلِيلُ اَلتَّفَكُّرِ اَلصَّمْتُ.

(تحف العقول ص ۳۸۶)

۱۳۔ جو شخص اپنے فکر کے نور کو لمبی امیدوں کے ذریعہ تاریک بنالے، اور حکیمانہ اقوال کو فضول باتوں سے ختم کردے، اور عبرتوں کے نور کو خواہشوں (کی ہوا) سے بجھادے، اس نے اپنے خانۂ عقل کو ویران کرنے میں خواہشات نفس کی مدد کی ہے اور جس نے خانۂ عقل کو ویران کردیا اس نے اپنی دنیا و دین کو برباد کرلیا۔

"تحف العقول ص ۳۸۶"

۱۴۔ جب بھی لوگ نئے نئے قسم کے گناہ کرتے ہیں تو خدا ان کو نئے نئے قسم کے عذاب میں مبتلا کرتا ہے۔

"بحار، ج ۷۸، ص ۳۲۲"

۱۵۔ اے ہشام! اگر تمہارے ہاتھ میں اخروٹ ہے اور تم کو معلوم ہے کہ یہ اخروٹ ہے تو لوگ چاہے جتنا کہیں کہ تمہارے ہاتھ میں موتی ہے اس سے تم کو کوئی فائدہ نہیں پہونچے گا. اور اگر تمہارے ہاتھ میں موتی ہے اور تم جانتے ہو کہ موتی ہے تو لوگوں کے یہ کہنے سے کہ یہ اخروٹ ہے تم کو کوئی ضرر نہیں پہونچے گا۔

"تحف العقول، ص ۳۸۶"

۱۶۔ میں تم کو بتاتا ہوں کہ تمہارے برادر مومن کا تمہارے اوپر سب سے بڑا واجب حق یہ ہے کہ کوئی بھی ایسی چیز جو اس کے دنیا یا آخرت کیلئے مفید ہو اس سے نہ چھپاؤ۔

"بحار، ج ۷۸، ص ۳۲۹"

۱۷۔ خبردار تکبر نہ کرنا، کیونکہ جسکے دل میں دانہ کے برابر بھی تکبر ہوگا وہ جنت میں نہ جائے گا.

(تحف العقول، ص ۳۹۶)

۱۸۔ اے ہشام! ہر شئی کے لئے دلیل ہے اور عقلمند کی دلیل غور و فکر کرنا ہے اور غور و فکر کی دلیل خاموشی ہے۔

"تحف العقول، ص ۳۸۶"

۱۹۔یا هِشامُ إنَّ ٱلْمَسِیحَ عَلَیْهِ ٱلسَّلامُ قالَ لِلْحَوارِیِّینَ: ... وَانَّ صِغارَ الذُّنُوبِ ومُحَقَّراتِها مِنْ مَکائِدِ إبْلِیسَ یُحَقِّرُها لَکُمْ ویُصَغِّرُها فی أعْیُنِکُمْ فَتَجتمِعُ وَتَکثُرُ فَتُحِیطُ بِکُمْ»

(تحف العقول ص ۳۹۲)

۲۰۔إنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ الْجَنَّةَ عَلیٰ کُلِّ فاحِشٍ بَذِیٍّ قَلِیلِ الْحَیاءِ لایُبالِی ما قالَ وَلا ما قِیلَ فیهِ.

(تحف العقول ص ۳۹٤)

۲۱۔یا هِشامُ إنَّ العاقِلَ رَضِیَ بالدُّونِ مِنَ الدُّنیا مَعَ الحِکْمَةِ، وَلَمْ یَرْضَ بالدُّونِ مِنَ الحِکْمَةِ مَعَ الدُّنیا.

(تحف العقول / ص ۳۸۷)

۲۲۔وَجاهِدْ نَفْسَکَ لِتَرُدَّها عَنْ هَواها، فَإنَّهُ واجِبٌ عَلَیْكَ کَجِهادِ عَدُوِّكَ.

(بحارالانوار ص ۷۸ ص ۳۱۵)

۲۳۔مَنْ کَفَّ غَضَبَهُ عَنِ النّاسِ کَفَّ اللّٰهُ عَنْهُ عَذابَ یَوْمِ القِیامَةِ.

(وسائل الشیعة، ج ۱۱ ص ۲۸۹)

۲٤۔یا هِشامُ إنَّ الزَّرْعَ یَنْبُتُ فِي السَّهْلِ وَلا یَنْبُتُ فِي الصَّفا. فَکَذٰلِكَ الحِکْمَةُ تَعْمُرُ فِي قَلْبِ المُتَواضِعِ وَلا تَعْمُرُ فی قَلْبِ المُتَکَبِّرِ الجَبّارِ.

(تحف العقول ص ۳۹٦)

۱۹۔ اے ہشام! جناب عیسیٰؑ نے اپنے حواریوں سے کہا: ..... چھوٹے اور معمولی گناہ ابلیس کے مکاریوں میں سے ہیں، وہ ان گناہوں کو تمہاری نظروں میں حقیر و معمولی کر کے پیش کرتا ہے پھر وہ اکٹھا ہو کر بہت ہو جاتے ہیں۔ اور تم کو (چاروں طرف سے) گھیر لیتے ہیں۔

(تحف العقول، ص ۳۹۲)

۲۰۔ خداوند عالم نے ہر بدزبان اور گالی دینے والے اور بے حیا اور جس کو اس بات کا احساس نہ ہو کہ اس نے کیا کہا اور اس کے بارے میں کیا کہا گیا، پر جنّت حرام قرار دیدی ہے "

(تحف العقول، ص ۳۹۴)

۲۱۔ اے ہشام! عقلمند آدمی دانش و معرفت کے ساتھ تھوڑی سی دنیا پر راضی ہو سکتا ہے لیکن بغیر حکمت و دانش پوری دنیا کے ساتھ بھی راضی نہ ہوگا۔

(تحف العقول ص ۳۸۷)

۲۲۔ اپنے سرکش خواہشات سے جہاد کرو تاکہ اپنے نفس کو ان خواہشات سے روک سکو خواہشات نفسانی کے ساتھ جہاد کرنا دشمن سے جہاد کرنے کی طرح واجب ہے۔

"بحار، ج ۷۸، ص ۳۱۰"

۲۳۔ جو شخص اپنے غصّے کو لوگوں سے روک لے، خدا قیامت کے دن اس سے اپنا عذاب روک لے گا۔

"وسائل الشیعہ، ج ۱۱، ص ۲۸۹"

۲۴۔ اے ہشام! زراعت نرم زمین میں اگتی ہے، پتھروں پر زراعت نہیں اگتی اسی طرح تواضع سے قلب [illegible] تی ہے، متکبر و جبار کے دل میں حکمت آباد نہیں ہوا کرتی۔

"تحف العقول ص ۳۹۶"

۲۵-لا تُحَدِّثُوا أَنْفُسَكُمْ بِفَقْرٍ وَلا بِطُولِ عُمرٍ، فَإنَّهُ مَنْ حَدَّثَ نَفْسَهُ بِالْفَقْرِ بَخِلَ، وَمَنْ حَدَّثَهَا بِطُولِ الْعُمرِ يَحْرِصُ.

(تحف العقول ص ٤١٠)

۲۶-يا هِشامُ إنْ كانَ يُغنيكَ ما يَكْفيكَ فَأَدْنىٰ ما فِي الدُّنْيا يَكْفيكَ، وَإنْ كانَ لا يُغْنيكَ ما يَكْفيكَ فَلَيْسَ شَيْءٌ مِنَ الدُّنْيا يُغْنيكَ.

(تحف العقول ص۳۸۷)

۲۷-إيّاكَ وَالْمِزاحَ فإنّهُ يَذْهَبُ بِنُورِ إيمانِكَ.

(بحارالانوار ج ۷۸ ص ۳۲۱)

۲۸-ياهُشامُ اَلصَّبرُ عَلى الوَحدةِ عَلامَةُ قُوَّةِ العَقْلِ فَمَنْ عَقَلَ عَنِ اللهِ تَعالىٰ اَعْتَزَلَ أهْلَ اَلدُّنيا وَالراغِبينَ فِيها وَرَغِبَ فيما عِنْدَ رَبِّهِ وَكانَ اللهُ آنِسَهُ في الوَحْشَةِ وصاحِبَهُ في الوَحدةِ وَغِناهُ في العَيْلَةِ وَمُعِزَّهُ في غَيْرِ عَشيرَةٍ.

(بحار الأنوار - ج ۷۸ ص ۳۰۱)

۲۹-مَنْ لَمْ يَجِدْ لِلْإساءَةِ مَضَضًا لَمْ يَكُنْ عِنْدَهُ لِلْإحْسانِ مَوْقِعٌ.

(بحارالانوار ج۷۸ ص۳۳۳)

۳۰-ما مِنْ شيءٍ تَراهُ عَيْناكَ إلاّ وَفيهِ مَوْعِظَةٌ.

(بحارالانوار ج ۷۸ ص ۳۱۹)

۳۱-يا هِشامُ مَنْ أرادَ الغِنىٰ بِلا مالٍ، وَراحَةَ القَلْبِ مِنَ الحَسَدِ، وَالسَّلامَةَ فِي الدِّينِ، فَلْيَتَضَرَّعْ إلَى اللهِ عَزَّوَجَلَّ في مَسْأَلَتِهِ بِأَنْ يُكَمِّلَ عَقْلَهُ، فَمَنْ عَقَلَ قَنَعَ بِما يَكْفيهِ، وَمَنْ قَنَعَ بِما يَكْفيهِ اسْتَغْنىٰ، وَمَنْ لَمْ يَقْنَعْ بِما يَكْفيهِ لَمْ يُدْرِكِ الغِنىٰ أبَداً.

(اصول الكافي ج ۱ ص ۱۸)

۲۵۔ اپنے نفسوں سے فقیری اور طول عمر کی بات نہ کرو کیونکہ جو اپنے نفس سے فقیری کی بات کرتا ہے وہ بخیل ہوجاتا ہے اور جو طول عمر کی بات کرتا ہے وہ حریص ہوجاتا ہے۔

"تحف العقول ص ۴۱۰"

۲۶۔ اے ہشام! اگر باندازہ کفاف زندگی تم کو بے نیاز بناسکتا تو سادہ ترین زندگانی دنیا بھی تیرے لئے کافی ہوتی اور اگر بقدر کفاف تم کو بے نیاز نہیں بناسکتا تو دنیا کی کوئی چیز بھی تم کو بے نیاز نہیں کرسکتی۔ "تحف العقول ص ۳۸۷"

۲۷۔ خبردار مزاح نہ کرو کیونکہ اس سے تمہارے چہرے کا نور چلا جاتا ہے۔

"بحار، ج ۷۸، ص ۳۲۱"

۲۸۔ اے ہشام تنہائی پر صبر قوت عقل کی علامت ہے، جو خداوند عالم سے آشنا ہوگا (یا خدا سے عقلمندی حاصل کرے گا) اور اہل دنیا، اور دنیا سے رغبت کرنے والوں سے کنارہ کشی کرے گا اور جو کچھ خدا کے پاس ہے اس سے دل لگائے گا تو خدا وحشت کے وقت اس کا انیس اور تنہائی کے وقت اس کا رفیق، فقیری میں اس کی مالداری، اور بے قومی اور بے قبیلگی کی صورت میں اس کے لئے مایۂ عزت ہوگا۔ "بحار، ج ۷۸، ص ۳۰۱"

۲۹۔ جس نے رنج و تکلیف کا مزا نہ چکھا ہو، اس کے نزدیک نیکی کی کوئی اہمیت نہیں ہوگی۔

